فرمان الٰہی — **اللہ ایک ہے** — تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔

☆☆☆ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ☆☆☆

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 12 | منگل 18 صفر 1445ھ 5 ستمبر 2023ء 21 بھادوں 2080ب صفحات 8 قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 350

گوادر میں پاک بحریہ کا ہیلی کاپٹر گر کر تباہ، دو افسر اور ایک جوان شہید

تحقیقات شروع
سیاسی و عسکری قیادت کا اظہار افسوس

پاک بحریہ کا ہیلی کاپٹر دورانِ پرواز ممکنہ فنی خرابی کے باعث حادثے کا شکار ہوا، تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا، ترجمان پاک بحریہ

شہدا ملک و قوم کے لئے قربانیاں دے رہے ہیں، لواحقین کو صبر و جمیل عطا فرمائے، صدر، نگراں وزیراعظم، وفاقی وزرا، شہباز شریف، مریم نواز سمیت دیگر سیاسی رہنماؤں کا اظہار افسوس

اسلام آباد/گوادر (مانیٹرنگ ڈیسک) گوادر میں پاک بحریہ کا ہیلی کاپٹر تربیتی پرواز کے دوران حادثے کا شکار ہوگیا، جس کے نتیجے میں پاک بحریہ کے دو افسران اور ایک جوان نے جام شہادت نوش کیا۔ پاک بحریہ کے ترجمان نے اس حادثے کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ ہیلی کاپٹر دورانِ پرواز ممکنہ فنی خرابی کے باعث حادثے کا شکار ہوا ہے۔ پاک بحریہ کے ترجمان نے بتایا کہ حادثے کے نتیجے میں پاک (باقی صفحہ 7بقیہ 1)

ڈالر کی ایک اور اونچی چھلانگ، اوپن مارکیٹ میں 331 روپے کی بلند ترین سطح پر

کراچی(نیوز ڈیسک) ڈالر نے اوپن مارکیٹ میں ایک بار (باقی صفحہ 7بقیہ 2)

اسلام آباد: نگران وفاقی وزیر مذہبی امور انیق احمد میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

عمران خان نے 9 ضمانتیں خارج کرنے کے فیصلوں کیخلاف اسلام آباد ہائی کورٹ سے رجوع کرلیا

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی دارالحکومت میں نو مئی سے متعلقہ (باقی صفحہ 7بقیہ 3)

پاکستان اور سعودی عرب کی مشترکہ تربیتی مشقیں اختتام پذیر ہوگئیں، آئی ایس پی آر

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان اور سعودی عرب کی مشترکہ تربیتی (باقی صفحہ 7بقیہ 4)

نواز شریف کی 15 اکتوبر کو واپسی تعلیم کے شعبے میں انقلاب لائیں گے

شہباز شریف

مریم نواز و دیگر استقبال کی تیاریوں میں مصروف، تنظیمی عہدیداران کو استقبالیہ جلسے میں زیادہ سے زیادہ لوگ لانے کی ہدایت

پاکستان کا نام روشن کرنیوالی طالبہ ماہ نور کی نواز شریف اور شہباز شریف سے ملاقات، طالبہ کو لیپ ٹاپ کا تحفہ دیا

لاہور (نیوز ڈیسک) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے قائد و سابق وزیراعظم نواز شریف 15 اکتوبر کو عام پرواز کے ذریعے لندن سے روانہ ہو کر پاکستان پہنچیں گے اور وہ لاہور ایئرپورٹ پر اتریں گے۔ ذرائع مسلم لیگ (ن) کے مطابق نواز شریف نے عام (باقی صفحہ 7بقیہ 5)

پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کو فروغ دے کر حکومتی اخراجات میں کمی لائی جا سکتی، نگران وزیراعظم

پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کے منظور شدہ پروجیکٹس کے ذریعے 150 ارب کی بچت ہوئی

اسلام آباد(آن لائن) نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ کی زیر صدارت پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ اتھارٹی کے حوالے سے اعلیٰ سطحی اجلاس آج اسلام آباد (باقی صفحہ 7بقیہ 6)

اسلام آباد: نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

الیکشن سے متعلق فیصلے آئین کے مطابق ہونے چاہئیں، صدر مملکت

صدر سے وزیر قانون کی ملاقات، نگران حکومت اس معاملے پر سپریم کورٹ آف پاکستان کے فیصلے کی پاسداری کرے گی، عارف علوی

اسلام آباد (آن لائن) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی سے نگراں وفاقی وزیر قانون وانصاف احمد عرفان اسلم کی ایوان صدر میں ملاقات کی ہے جس میں عام انتخابات کے انعقاد سے متعلق کئی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، صدر مملکت نے نگراں وزیراعظم انوار الحق کاکڑ کے کل کے بیان کو سراہا کہ نگران حکومت اس معاملے پر سپریم کورٹ آف پاکستان کے فیصلے کی پاسداری کرے گی، ملاقات میں صدر مملکت نے (باقی صفحہ 7بقیہ 16)

آئی ایم ایف نے 15 ارب کی مالیاتی گنجائش پوری کرنے کا پلان بھی پوچھ لیا، بلوں کو اقساط میں وصولی کا پلان دوبارہ ڈسکس کیا جائے گا، وزارت خزانہ

آئی ایم ایف نے بلوں میں ریلیف کا پلان مسترد کر دیا

بجلی چوروں نادہندگان کیخلاف بھرپور ایکشن لیں گے وزیراعظم

نادہندگان اور بجلی چوروں کے خلاف کارروائی میں کسی قسم کی رعایت نہ برتی جائے، بجلی چوری کرنے والے عناصر کے خلاف فوری کارروائی شروع کی جائے، روزانہ کی بنیادوں پر رپورٹ پیش کی جائے، انوار الحق کاکڑ

2400 میگاواٹ کے شمسی توانائی کے منصوبوں کی تعمیر پر جلد سے جلد کام شروع کیا جائے اور اس پورے عمل میں شفافیت یقینی بنائی جائے، اجلاس سے خطاب

آاسلام آباد(آن لائن) آئی ایم ایف کے ساتھ بجلی بلوں میں ریلیف کے پلان پر اتفاق نہ ہوسکا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ذرائع وزارت خزانہ نے بتایا ہے کہ آئی ایم ایف کو دیئے گئے پلان میں (باقی صفحہ 7بقیہ 13)

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی حکومت نے بجلی چوروں کے خلاف بھرپور کارروائی کا فیصلہ کرلیا اس حوالے سے نگران وزیراعظم انوار الحق نے ہدایت کی ہے کہ بجلی چوری کرنے والے عناصر کے خلاف فوری کارروائی (باقی صفحہ 7بقیہ 10)

ملک بھر میں یوم دفاع پاکستان کو روایتی جوش و خروش سے منایا جائے گا

شہداء کی یادگاروں پر پھول چڑھانے کی تقاریب منعقد ہوں گی

مکوآنہ (نیوز ڈیسک) ملک بھر میں یوم دفاع پاکستان 6 ستمبر کو روایتی جوش و خروش سے منایا جائے گا اس سلسلے میں ملک بھر میں مختلف تقریبات کا اہتمام کیا (باقی صفحہ 7بقیہ 8)

وزارت اطلاعات نے سوشل میڈیا پر نگران وزیراعظم سے منسوب مہنگائی سے متعلق خبروں کو جعلی قرار دیدیا

اسلام آباد(نیوز ڈیسک) وزارت اطلاعات ونشریات نے سوشل میڈیا پر نگران وزیراعظم سے منسوب (باقی صفحہ 7بقیہ 7)

شریف خاندان، جہانگیر ترین، ذکاء اشرف سمیت 38 چینی کی ملوں کی مانیٹرنگ شروع

چینی کی سیلز اور اسٹاک کا ریکارڈ مرتب کرنے کے لیے مانیٹرنگ ٹیمیں تعینات

لاہور(این این آئی) فیڈرل بیورو آف ریونیو نے شریف خاندان، جہانگیر ترین اور ذکاء اشرف سمیت 38 چینی کی ملوں کی مانیٹرنگ شروع کر دی، ایف (باقی صفحہ 7بقیہ 9)

ملک میں چینی کی قیمت 200 روپے کلو سے تجاوز کر گئی

کراچی / لاہور (نیوز ڈیسک) ملک میں مہنگائی کی لہر میں اضافے کے سبب مارکیٹ میں فی کلو چینی کی قیمت 200 روپے تک پہنچ گئی۔ چینی کی قیمت میں گزشتہ ایک ہفت (باقی صفحہ 7بقیہ 11)

نگران وزیراعلیٰ کا لاہور رنگ روڈ سدرن لوپ تھری پراجیکٹ کا فضائی دورہ

لاہور(این این آئی) نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے لاہور رنگ روڈ سدرن لوپ تھری پراجیکٹ کا فضائی دورہ کیا۔ چیف سیکرٹری زاہد اختر زمان اور (باقی صفحہ 7بقیہ 12)

چہلم حضرت امام حسینؑ، پنجاب بھر کے 15 اضلاع میں رینجرز طلب

لاہور (آن لائن) حضرت امام حسینؓ کے چہلم کے جلوس پر لاہور سمیت پنجاب بھر کے 15 اضلاع میں رینجرز طلب کر لی گئی۔ بتایا گیا ہے کہ محکمہ داخلہ پنجاب (باقی صفحہ 7بقیہ 14)

لندن: سابق وزیراعظم نواز شریف، شہباز شریف طالبہ ماہ نور کو لیپ ٹاپ دے رہے ہیں

ناقص انتظامات، مریضوں کی شکایات پر برہم، ایم ایس کی سرزنش، فوری تبدیلی کا حکم

نگراں وزیراعلیٰ پنجاب کا DHQ سرگودھا کا دورہ

استقبالیہ پرچی کاؤنٹر پر مریضوں کی لمبی قطاریں، طبی سہولتوں کا فقدان، چیک اپ میں تاخیر، وارڈز کی بری حالت، مفت ٹیسٹ کی سہولت نہ مفت ادویات

ہسپتال کی حالت زار دیکھ کر انتہائی افسوس ہوا، بہتری لائینگے، خواہ مجھے بار بار یہاں آنا پڑے، ڈاکٹرز کے ایشوز کو حل کیا جائیگا، کسی کو سیاست نہیں کرنے دینگے: محسن نقوی

لاہور (خبرنگار) نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال سرگودھا کا دورہ کیا۔ استقبالیہ پرچی کاؤنٹر پر مریضوں کی لمبی قطاریں، طبی سہولتوں کا فقدان، چیک اپ میں تاخیر، وارڈز کی بری حالت، مفت ٹیسٹ کی سہولت نہ مفت ادویات، مریضوں نے وزیراعلیٰ محسن نقوی کے سامنے شکایات کے انبار لگا دیئے۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی (باقی صفحہ 7بقیہ 15)

نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال سرگودھا میں مریضوں سے گفتگو کر رہے ہیں

ریٹائرمنٹ کے بعد چیف جسٹس صاحبان ملک میں نہیں رہتے، بابر اعوان

مجھے یقین ہے جسٹس عمر عطاء بندیال پاکستان میں رہیں گے



اسلام آباد (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما و سابق وفاقی وزیر بابر اعوان نے کہا ہے کہ ریٹائرمنٹ کے بعد چیف جسٹس صاحبان ملک میں نہیں رہتے۔ (باقی صفحہ 7بقیہ 17)

پیپلز پارٹی کا جسٹس ریٹائرڈ علی نواز چوہان کے انتقال پر اظہار افسوس

مرحوم کی خدمات ناقابل فراموش، زرداری، بلاول، نیئر بخاری

اسلام آباد(این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی نے جسٹس ریٹائرڈ علی نواز چوہان کے انتقال پر اظہار افسوس کرتے ہوئے کہا ہے کہ جسٹس ریٹائرڈ علی نواز چوہان کی ملک اور قوم (باقی صفحہ 7بقیہ 18)

عوام کے مسئلے حل کرنے کیلئے سب کو سر جوڑ کر بیٹھنا ہوگا، شیخ رشید

بات سیاست سے آگے چلی گئی پھر کسی کے بس میں نہیں رہے گی



لاہور (این این آئی) سابق وزیر داخلہ و سربراہ عوامی مسلم لیگ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ عوام کے مسئلے حل کرنے کے لیے سب کو سر جوڑ کر بیٹھنا ہوگا۔ سربراہ عوامی مسلم لیگ شیخ رشید (باقی صفحہ 7بقیہ 30)

چوہدری پرویز الٰہی کی طبیعت خراب، پمز ہسپتال منتقل

تمام ضروری ٹیسٹ کرانے کے بعد واپس اٹک جیل بھجوا دیا گیا



اسلام آباد (آن لائن) پی ٹی آئی کے صدر پرویز الٰہی کی اٹک جیل میں اچانک طبیعت خراب ہوگئی۔ جس پر انہیں پمز اسپتال منتقل کیا گیا۔ جہاں ان کا چیک اپ کر کے واپس جیل روانہ (باقی صفحہ 7بقیہ 31)

پاکستان، ایران کا دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ

نگران وفاقی وزیر برائے بجلی و پٹرولیم محمد علی سے ایران کے سفیر کی ملاقات، دوطرفہ تعلقات پر گفتگو

ایرانی سفیر کا علاقائی تعاون میں نگراں وفاقی وزیر کی دلچسپی کو سراہا اور اپنی مکمل حمایت کا اعادہ، حکومت پاکستان کو ہر ممکن تعاون کی پیشکش

اسلام آباد: نگران وفاقی وزیر برائے بجلی و پٹرولیم محمد علی سے ایران کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) نگران وفاقی وزیر برائے بجلی و پٹرولیم محمد علی نے کہا ہے کہ پاکستان اور ایران (باقی صفحہ 7بقیہ 32)

صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی سے نگراں وفاقی وزیر قانون وانصاف احمد عرفان اسلم ملاقات کر رہے ہیں

لاہور ہائیکورٹ، آئی جی اسلام آباد کو نوٹس، پرویز الٰہی کو کل پیش کرنے کا حکم

نقاب پوش بندوں نے روکا، سارے لوگ سول کپڑوں میں تھے، پرویز الٰہی چلاتے رہے کہ مجھے کوئی وارنٹ دکھائیں، وکلاء

آئی جی پنجاب لاہور ہائیکورٹ میں پیش، ڈی آئی جی آپریشنز لاہور، ڈی آئی جی انوسٹی گیشن کو پیش ہونے کیلئے جمعہ تک کی مہلت

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے سابق وزیر اعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی کو بحفاظت گھر نہ (باقی صفحہ 7بقیہ 19)

اسلام آباد: نگراں وفاقی وزیر جمال شاہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سویڈن میں پھر قرآن پاک کی بیحرمتی؛ احتجاج دیکھ کر ملعون بھاگ کھڑا ہوا

درجنوں لوگ مشتعل، ملعون کو پکڑنے کی کوشش، پتھر مارے، پولیس نے بچالیا

اسٹاک ہوم (آن لائن) سویڈن میں ایک چوک پر قرآن پاک کو جلانے کی ایک بار پھر کوشش کی گئی جس پر وہاں موجود لوگ مشتعل ہوگئے اور انھوں نے ملعون کو پکڑنے کی کوشش کی لیکن وہ پولیس کے حصار میں بھاگ کھڑا ہوا۔ عالمی خبر رساں ادارے کے (باقی صفحہ 7بقیہ 20)

لیسکو کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے فیصلوں کا سپیشل پرفارمنس آڈٹ کرنے کا فیصلہ

دو سال کے دوران بورڈ آف ڈائریکٹرز کے فیصلوں کا ریکارڈ مانگ لیا گیا

لاہور (آن لائن) لیسکو کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے فیصلوں کا سپیشل پرفارمنس آڈٹ کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، گزشتہ دو برسوں کے دوران بورڈ آف ڈائریکٹرز کے فیصلوں کا ریکارڈ مانگ لیا گیا، لیسکو چیف، سینئر مینجمنٹ، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی تقرری (باقی صفحہ 7بقیہ 33)

وزارت فوڈ سیکورٹی حکام نے چینی کی قیمت میں اضافے کو مصنوعی قرار دیدیا

چینی کے 815.1 ملین میٹرک ٹن ذخائر موجود،، ماہانہ کھپت 65.0 ملین میٹرک ٹن ہے، حکام

اسلام آباد(آن لائن) وزارت فوڈ سیکورٹی حکام نے چینی کی قیمت میں اضافے کو مصنوعی قرار دے دیا، ذرائع کے مطابق چینی کی ذخیرہ اندوزی اور سمگلنگ، قیمت میں اضافے کی بڑی وجہ ہے، رواں سال جنوری میں چینی برآمد کرنے کا فیصلہ بھی قیمت میں اضافے (باقی صفحہ 7بقیہ 34)

بہترین اور سستے انصاف کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے جائینگے

چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ

وکلا، سائلین، ججوں اور سٹاف کیلئے تمام سہولیات، سازگار ماحول فراہم کیا جائے گا تاکہ بینچ اور بار دونوں شانہ بشانہ ادارے کی عظمت و بقا کے لئے کوئی کسر اٹھا نہ رکھیں

افسران وملازمین ادارے کی سربلندی و وقار کیلئے ترقی کی اس رفتار کو قائم و دائم رکھنے کیلئے شانہ روز کوشاں رہیں گے، جسٹس محمد امیر بھٹی کا فل کورٹ اجلاس سے خطاب

راولپنڈی (آن لائن) لاہور ہائی کورٹ کے چیف جسٹس محمد امیر بھٹی نے کہا ہے کہ صوبے کی عوام کو بہترین اور سستے انصاف کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے جانے کے ساتھ وکلا، سائلین، ججوں اور سٹاف کیلئے بھی تمام سہولیات اور سازگار ماحول فراہم کیا جائے گا تاکہ بینچ اور بار دونوں شانہ بشانہ اس ادارے کی عظمت و بقا اور انصاف کی (باقی صفحہ 7بقیہ 37)

مونس الٰہی کے بینک اکاؤنٹس میں لاکھوں غیر ملکی کرنسی منتقل ہونے کا انکشاف

نیب رپورٹ میں کروڑوں روپے کی کرپشن، کک بیکس کے الزامات لگائے گئے

لاہور (آن لائن) چوہدری پرویز الٰہی کے وزیراعلیٰ بننے کے بعد مونس الٰہی کے بینک اکاؤنٹس میں لاکھوں غیر ملکی کرنسی منتقل ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ مونس الٰہی کے خلاف نیب انکوائری رپورٹ میں انکشافات ہوئے ہیں کہ پرویز الٰہی کے وزیراعلیٰ بننے کے (باقی صفحہ 7بقیہ 21)

پی ٹی آئی کا نگران وزیراعظم کے 9 مئی واقعات کے تناظر میں بیان پر اظہار تشویش

نگران وزیراعظم اب تک آئین، اپنے مینڈیٹ کو ٹھیک طریقے سے سمجھنے سے قاصر ہیں، ترجمان

لاہور(این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ کے 9 مئی کے واقعات کے تناظر میں بیان پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ نگران وزیراعظم بادی النظر میں اب تک آئین اور اپنے مینڈیٹ کو ٹھیک طریقے سے سمجھنے (باقی صفحہ 7بقیہ 22)

کراچی کے صارفین کے لیے بجلی مہنگی ہونے کی تیاریاں

4 روپے 45 پیسے تک سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ عائد کرنے کی بھی درخواست کی گئی

اسلام آباد(آن لائن) کراچی کے صارفین کے لیے بجلی مہنگی ہونے کی تیاریاں، کے الیکٹرک کے بنیادی ٹیرف میں اضافے کے درخواست نیپرا میں جمع کرادی گئی، کراچی کے شہریوں پر 4 روپے 45 پیسے تک سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ عائد کرنے کی بھی درخواست کی (باقی صفحہ 7بقیہ 35)

سانحہ جڑانوالہ، جوڈیشل انکوائری کیلئے درخواست پر فریقین سے جواب طلب

لاہور (نیوز ڈیسک) لاہور ہائی کورٹ نے سانحہ جڑانوالہ کی جوڈیشل (باقی صفحہ 7بقیہ 38)

TION HOSPITAL
NADEEM JAN
لاہور: نگران وفاقی وزیر صحت ندیم جان ایئرپورٹ پر آئسولیشن ہسپتال کا سنگ بنیاد رکھ رہے ہیں

ایچ آر سی پی کا الیکشن کمیشن سے انتخابات کا شیڈول جاری کرنے کا مطالبہ

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان (باقی صفحہ 7بقیہ 24)

تبدیلی لانے والوں نے ابھرتی ہوئی معیشت کو لڑھکتی ہوئی معیشت بنا دیا، احسن اقبال

نارووال (نیوز ڈیسک) مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما و سابق (باقی صفحہ 7بقیہ 25)

ڈاکٹر عاصم حسین اور دیگر کیخلاف کرپشن ریفرنس واپس چیئرمین نیب کو ارسال

اب نئی ترمیم آ گئی، قانون سازی پارلیمنٹ کا حق ہے، سندھ ہائی کورٹ کا فیصلہ

کراچی (نیوز ڈیسک) سندھ ہائی کورٹ نے ڈاکٹر عاصم حسین اور دیگر کیخلاف 17 ارب روپے کرپشن ریفرنس میں نئی ترمیم کے بعد احتساب عدالت کے دائر اختیار سے متعلق درخواست پر ریفرنس واپس چیئرمین نیب کو ارسال کرنے کا حکم دے (باقی صفحہ 7بقیہ 23)

سرکاری افسران کیلئے سینئر پوسٹ الاونس اب پنشن کا حصہ نہیں ہوگا

محکمہ خزانہ پنجاب نے سینئر پوسٹ الاونس کو پنشن کا حصہ نہ بنانے کی سمری تیار کرلی

لاہور(آن لائن) پنجاب کے سرکاری افسران کیلئے سینئر پوسٹ الاونس اب پنشن کا حصہ نہیں ہوگا۔ رپورٹ کے مطابق پنجاب کے سرکاری افسران کیلئے سینئر پوسٹ الاونس پنشن کا حصہ نہیں ہوگا، سینئر پوسٹ الاونس اعلی افسران کے لئے مختص ہے۔ (باقی صفحہ 7بقیہ 36)

داتا دربار کے عرس پر 7 ستمبر کو لاہور میں تعطیل کا اعلان

لاہور (نیوز ڈیسک) پنجاب حکومت نے صوفی بزرگ حضرت (باقی صفحہ 7بقیہ 39)

فارماسیکٹر ادویات کی برآمدات کو بڑھانے کیلئے جامع حکمت عملی تشکیل دی جائے، ندیم جان

713 ملین ڈالر ایکسپورٹ کو بڑھا کر 1 بلین ڈالر تک لانے کا ہدف دیا ہے

لاہور(این این آئی) نگران وفاقی وزیر صحت ندیم جان نے کہا ہے کہ نگران وزیراعظم کے وژن کے مطابق ملک کی معیشت کو مستحکم کرنے کیلئے موثر پالیسی تشکیل دے رہے ہیں، پاکستان کے فارما سیکٹر میں بہت زیادہ صلاحیت موجود ہے، ادویات کی (باقی صفحہ 7بقیہ 29)

پنجاب میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن، داعش کمانڈروں سمیت 7 دہشت گرد گرفتار

دہشت گردوں سے بارودی مواد، ہینڈ گرنیڈ، ڈیٹونیٹر، موبائل فون، اسلحہ اور نقدی برآمد، مزید تفتیش جاری

رواں ہفتے 240 کومبنگ آپریشنز کے دوران 12230 افراد سے پوچھ گچھ، 65 مشتبہ افراد گرفتار کیے گئے، حکام سی ٹی ڈی

لاہور (این این آئی) محکمہ انسداد دہشت گردی (سی ٹی ڈی) نے دہشت گردی کے خدشات کے پیش نظر پنجاب کے مختلف شہروں میں انٹیلی جنس بیسڈ (باقی صفحہ 7بقیہ 26)

انوار الحق کاکڑ کو اپنی تنخواہ لگنے کے بعد غریبوں کا بوجھ نظر نہیں آرہا

سراج الحق

دنیا میں سب سے زیادہ غلہ پیدا کرنے والے ملک میں آج اشیا خورد و نوش کا بحران ہے جو حکومت کی نالائق پالیسیوں کا نتیجہ ہے

یہ لوگ بجلی کی چوری کنٹرول نہیں کر سکتے لائن لاسز ریکور نہیں کر سکتے اور عوام کا خون نچوڑنے پر تلے ہوئے ہیں، امیر جماعت اسلامی

اسلام آباد: جماعت اسلامی کے امیر سراج الحق تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

اسلام آباد(نیوز ڈیسک) جماعت اسلامی کے امیر سراج الحق نے کہا ہے کہ نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ کو اپنی تنخواہ لگنے کے بعد غریبوں پر بوجھ اور مسائل نظر (باقی صفحہ 7بقیہ 40)

چینی برآمد کرنیکی اجازت ایک وزارت نہیں دیتی، سید نوید قمر

ہمیں میرٹ پر دیکھنا ہے کہ چینی کی برآمد کا فیصلہ درست تھا کہ نہیں، سابق وزیر

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) رہنما پیپلز پارٹی اور سابق وفاقی وزیر برائے تجارت نوید قمر نے احسن اقبال کے بیان پر ردعمل میں کہا ہے کہ چینی برآمد کرنے کی (باقی صفحہ 7بقیہ 28)

سائفر کیس میں عمران اور شاہ محمود کی ضمانت کی درخواستوں پر سماعت نہ ہوسکی

جج ابوالحسنات محمد ذوالقرنین کی رخصت کے باعث سماعت 7 ستمبر تک ملتوی کر دی گئی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) سائفر کیس میں چیئرمین پی ٹی آئی اور شاہ محمود قریشی کی ضمانت کی درخواستوں پر سماعت نہ ہوسکی، جج ابوالحسنات محمد ذوالقرنین کی رخصت (باقی صفحہ 7بقیہ 88)

پرویز الٰہی کے وکلا پولیس افسران کو اپنے ہاتھوں سے سزا دے دیں، عطا تارڑ

اربوں روپے کی کرپشن کرنے والے پرویز الٰہی کا درد رکھنے والوں پر سوالیہ نشان ہے

لاہور (آن لائن) مسلم لیگ ن کے رہنما عطا تارڑ نے کہا ہے کہ پرویز الٰہی کے وکیل پولیس افسران کو اپنے ہاتھوں سے سزا دے دیں، سابق وزیر اعلیٰ کا اتنا د(باقی صفحہ 7بقیہ 27)

نارووال: مسلم لیگ ن کے رہنما و سابق وفاقی وزیر احسن اقبال تقریب سے خطاب کر رہے ہیں



روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

سٹی نیوز

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	4:07
فجر	4:55
ظہر	1:30
عصر	5:10
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	8:30

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

کشمیری آزادی کی جنگ میں کامیابی کے قریب پہنچ چکے، سنی علما کونسل

بھارتی حکمرانوں کی جارحیت اور انتہاء پسندی سے بھارت کئی ٹکڑوں میں تقسیم ہوتا نظر آرہا ہے

لاہور (این این آئی) صدر سنی علما کونسل لاہور وصوبائی ترجمان مولانا حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ کشمیری آزادی کی جنگ میں کامیابی کے قریب پہنچ چکے، بھارتی حکمرانوں کی جارحیت اور انتہاء پسندی سے بھارت کئی ٹکڑوں میں تقسیم ہوتا نظر آرہا ہے، کشمیری ماوں بہنوں کی عصمت دری کی وارداتوں کو بند کروایا جائے۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ کشمیر بارے عالمی دنیا کی خاموشی قابل مذمت ہے، مسئلہ کشمیر پر اقوام عالم اور انسانی حقوق کی عالمی تنظیموں کی مسلسل بے حسی انکے دوہرے معیار کی عکاس ہے، بھارت بغل میں چھری اور منہ میں رام والا رویہ ترک کر کے کشمیری عوام کو آزادی دے، انہوں نے کہا کہ نام نہاد انسانی حقوق کے علمبردار کشمیر میں انسانی قتل عام کے خلاف کیوں خاموش ہیں جہاں دن رات بھارتی افواج ان کا قتل عام کر رہی ہے۔ بھارت نے قیام پاکستان سے لے کر آج تک بے گناہ کشمیری عوام کا بے دریغ خون بہایا ہے جبکہ کشمیری عوام اپنے حق رائے دہی اور کشمیر کی آزادی کے لئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر رہے ہیں، پوری دنیا بے غیرتی کی تصویر بن کر کشمیری عوام پر ظلم وستم دیکھ رہی ہے۔

ملک کو بحرانوں سے مذہبی جماعتیں ہی نکال سکتی ہیں، محمد افضل خان

قوم عام انتخابات میں جمعیۃ علماء اسلام کا ساتھ دے مولانا فضل الرحمن قوم کو مایوس نہیں کریں گے

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علما اسلام سٹی لاہور محمد افضل خان نے کہا ہے کہ ملک کو بحرانوں سے مذہبی جماعتیں ہی نکال سکتی ہیں، مغربی طاقتوں سے حقیقی آزادی کیلئے مولانا فضل الرحمن کی قیادت میں جے یو آئی عملی جدوجہد کر رہی ہے، قوم عام انتخابات میں جمعیۃ علماء اسلام کا ساتھ دے مولانا فضل الرحمن قوم کو مایوس نہیں کریں گے۔ ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات جمعیت علما اسلام سٹی لاہور قاری منظور الحسن چترالی کی طرف سے جاری کردہ بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان کی بنیاد کلمہ طیبہ پر رکھی گئی تھی پاکستان میں اسلامی نظام کے علاوہ تمام نظام آزمائے جاچکے ہیں سب نظاموں نے عوام کو دکھ درد کے سوا کچھ نہیں دیا عوام اب پاکستان کی حقیقی حالت بدلنے کیلئے عام انتخابات میں جے یو آئی کا ساتھ دے ان شاء اللہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمن کی قیادت میں ملک کو بحرانوں سے نکال بھی لے گی اور ملک مستحکم اور خوشحال بھی بنائے گی۔

لاہور: ایک لڑکی موٹر سائیکل پر اپنی منزل کی جانب گامزن ہے

حجاب مسلم عورت کا زیور، مغرب ہمارے مضبوط خاندانی نظام کو ختم کرنا چاہتا ہے

کفار کو یہ بات گوارا نہیں ہے کہ دین اسلام کے پیروکار اپنی مرضی سے زندگی گزار سکیں

لاہور (خبرنگار) امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی محمد جاوید قصوری نے کہا ہے کہ پاکستان میں حجاب ڈے کے حوالے سے جماعت اسلامی کے سابق امیر قاضی حسین احمد مرحوم کی سرپرستی میں اس تحریک کا آغاز ہوا، آج پاکستان سمیت پوری دنیا میں 4 ستمبر کو یوم حجاب کے طور پر منایا جاتا ہے۔ مغربی معاشرہ اسلام کی راغب ہوتی نوجوان نسل سے پریشان ہے یہی وجہ ہے کہ وہ مسلسل مسلمانوں کے مذہبی عقائد کو نشانہ بنائے ہوئے ہے۔ عورت کی مادر پدر آزادی کو بہانہ بنا کر ہمارے مضبوط خاندانی نظام کو ختم کرنا چاہتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے 4 ستمبر یوم حجاب کے موقع پر میڈیا کو جاری کردہ اپنے بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ حجاب محض عورت سے منسوب نہیں بلکہ یہ مکمل نظام اخلاق اور نظام عفت وعصمت ہے جو کہ مردوں کو بھی اتنا ہی محفوظ رکھتا ہے جتنا عورت کو۔ حجاب کے تقاضے مردوں کے لئے بھی ہیں اور عورتوں کے لئے بھی۔ اسلام جہاں عورت کیلئے خود کو ڈھانپنے کا تقاضا کرتا ہے وہیں مردوں کو بھی نظریں نیچی رکھنے کے حکم دیتا ہے۔ دین اسلام میں حیا اور حجاب کا تصور محض کسی انسانی ذہن کی اختراع نہیں بلکہ شرعی حکم ہے۔ نئی صدی کے آغاز سے ہی اسلام دشمن قوتوں نے میڈیا کے زور پر حجاب کے خلاف متعصبانہ رویہ روا رکھا ہوا ہے۔

ڈی سی لاہور رافعہ حیدر حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری کے 980 ویں عرس کی تین روزہ تقریبات کی تیاریوں کے سلسلہ میں مزار کا دورہ کر رہی ہیں جبکہ دوسری جانب چہلم حضرت امام حسین کے سلسلہ میں سکیورٹی و دیگر انتظامات کے سلسلہ میں دورہ کر رہی ہیں

حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری کے 980 ویں عرس کی تین روزہ تقریبات کی تیاریاں

ڈی سی لاہور رافعہ حیدر کا دربار حضرت داتا گنج بخش کا تفصیلی دورہ، تیاریوں کو حتمی شکل دی

زائرین کے سہولت کے لیے داتا دربار کے اطراف عارضی تجاوزات ختم کروائی گئی ہیں، ڈی سی لاہور

لاہور (خبرنگار) حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری کے 980 ویں عرس کی تین روزہ تقریبات کی تیاریاں۔ تفصیلات کے مطابق ڈی سی لاہور رافعہ حیدر نے دربار حضرت داتا گنج بخش کا تفصیلی دورہ کیا اور تیاریوں کو حتمی شکل دی۔ اس موقع پر ایڈمنسٹریٹر داتا دربار اور اسسٹنٹ کمشنر سٹی واثق عباس ہرل نے ڈی سی لاہور کو بریفنگ دی۔ داتا دربار عرس کی تقریبات 5 سے 7 ستمبر تک جاری رہیں گی۔ ڈی سی لاہور کی ہدایت عرس مبارک کی تقریبات کا باقاعدہ آغاز مزار پر چادر پوشی سے ہو گا اور داتا صاحب عرس کی تین روزہ تقریبات کے لیے مربوط سکیورٹی پلان مرتب کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا نہ صرف عرس مبارک پر آنے والے زائرین کے لئے لائٹنگ اور پارکنگ کا بہترین انتظام کیا گیا ہے بلکہ سول ڈیفنس اہلکار، پولیس کے ساتھ ملکر ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیں گے جبکہ ایل ڈبلیو ایم سی کا عملہ تین شفٹوں میں 350 ورکرز اور میشنری کے ساتھ صفائی کو یقینی بنائے گا۔ عرس تقریبات کو مانیٹر کرنے کے لئے داتا دربار میں کنٹرول روم بھی قائم کیا گیا ہے۔

چہلم حضرت امام حسین علیہ السلام، سکیورٹی و دیگر انتظامات حتمی مراحل میں

ڈی سی لاہور کا الف حویلی سے برآمد ہونے والے عزاداری جلوس روٹ پر انتظامات کا جائزہ

لاہور (خبرنگار) چہلم حضرت امام حسین علیہ السلام، سکیورٹی و دیگر انتظامات حتمی مراحل میں۔ تفصیلات کے مطابق ڈی سی لاہور نے الف حویلی سے برآمد ہونے والے عزاداری جلوس روٹ پر انتظامات کا جائزہ لیا انہوں نے جلوس منتظمین سے ملاقات کی اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر سٹی واثق عباس ہرل نے بریفنگ دی۔ ڈی سی لاہور نے ہدایت کی کہ جلوس روایتی قدیمی راستوں سے ہوتا ہوا امام بارگاہ کربلا گامے شاہ پہنچ کر اختتام پذیر ہو گا اس حوالے سے عزاداروں کے لئے سکیورٹی کے بہترین انتظامات کیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کے مرکزی جلوس روٹ کی سخت مانیٹرنگ کے لئے کنٹرول روم بھی فعال ہو چکا ہے اور سی ٹی وی کیمروں سے جلوس روٹ کی مسلسل مانیٹرنگ بھی کی جائے گی۔ ایم سی ایل عزاداری جلوس روٹ پر اضافی لائٹنگ اور پیچ ورک کو یقینی بنائے گئے جبکہ بارش کی صورت میں واسا جلوس روٹ پر ڈی واٹرنگ مشینری فعال رکھے گا۔

پوری قوم میاں نواز شریف کی واپسی کی منتظر ہے، سلیم رضا

انتظار کی گھڑی ختم ہونے والی، ان شاء اللہ اکتوبر میں نواز شریف عوام میں موجود ہونگے

ملک کو اندھیروں میں دھکیلنے والے نشان عبرت بن چکے اب ملک کا مستقبل روشن ہے، رہنما (ن) لیگ

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) اسیر رہائی کمیٹی برائے اظہار یکجہتی قائد کے سیکرٹری اطلاعات، ممبر پی ڈی ایم رابطہ کمیٹی لاہور محمد سلیم رضا نے کہا ہے کہ پوری قوم میاں نواز شریف کی واپسی کی منتظر ہے، انتظار کی گھڑی ختم ہونے والی ہے، ان شاء اللہ اکتوبر میں میاں نواز شریف عوام میں موجود ہونگے، ملک کو اندھیروں میں دھکیلنے والے نشان عبرت بن چکے اب ملک کا مستقبل روشن ہے۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ مہنگائی بے روزگاری اور لاقانونیت کے خاتمے کیلئے عوام مسلم لیگ (ن) کا ساتھ دیں مسلم لیگ (ن) کی قیادت برسراقتدار آ کر ملک کو بحرانوں سے نکالے گی، ایک نااہل اور اناڑی سلیکٹڈ نے اپنے اقتدار کیلئے عوام کو ذلیل وخوار کیا اور منتخب حکومت کیخلاف سازش کرنے والا سلیکٹڈ آج خود ہر ادارے کیلئے قابل نفرت بن چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کے ہر دور حکومت میں عوام کو ریلیف ملا ملک میں ترقیاتی کام ہوئے معیشت کا پہیہ کبھی جام نہیں ہوا مگر ایک اناڑی نے ملک کو اپنی انا اور ضد کے باعث بحرانوں میں دھکیل دیا اور آج پیارا ملک احتجاجستان بن چکا ہے۔

چہلم حضرت امام حسینؑ کے عزاداری جلوسوں، مجالس کے سکیورٹی پلان کو حتمی شکل دیدی گئی

پنجاب میں 677 مجالس، 378 جلوس کی سکیورٹی پر 30 ہزار سے زائد افسران، اہلکار اور رضا کار ڈیوٹی سرانجام دیں گے

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر چہلم حضرت امام حسین کے عزاداری جلوسوں اور مجالس کے سکیورٹی پلان کو حتمی شکل دیدی گئی، لاہور سمیت بھر میں 677 مجالس، 378 جلوس کی سکیورٹی پر 30 ہزار سے زائد افسران، اہلکار اور رضا کار ڈیوٹی سرانجام دیں گے۔ ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق صوبائی دارالحکومت میں 44 مجالس، 05 مرکزی عزاداری جلوسوں کی سکیورٹی پر 07 ہزار سے زائد افسران، اہلکار و رضا کار تعینات ہوں گے۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے تمام عزاداری جلوسوں، مجالس کے سکیورٹی انتظامات یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ مرکزی وحساس مجالس اور جلوسوں کی سکیورٹی پر اضافی نفری تعینات کی جائے، عزاداری جلوسوں کے روٹس میں آنے والی عمارتوں کی چھتوں پر سنائپرز تعینات کئے جائیں۔ مجالس اور عزاداری جلوسوں میں لیڈی پولیس افسران اور اہلکار خواتین کی چیکنگ کے فرائض سرانجام دیں گی۔ آئی جی پنجاب نے حضرت عثمان علی ہجویری المعروف داتا گنج بخش کے سالانہ عرس کے موقع پر بھی سکیورٹی کے فول پروف انتظامات یقینی بنانے کا حکم دیتے ہوئے کہا۔ کہ چہلم حضرت امام حسینؑ اور عرس حضرت داتا گنج بخشؒ کے سکیورٹی ایس او پیز پر من وعن عمل درآمد کیا جائے، عزاداری جلوسوں اور مجالس کی سکیورٹی انتظامات کیلئے کمیونٹی لیڈرز، علما کرام، امن کمیٹیوں سمیت تمام اسٹیک ہولڈرز سے مسلسل کوارڈینیشن رکھیں۔

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی میں ایف اے، ایف ایس سی کے داخلے کیلئے انٹری ٹیسٹ ہائیکورٹ میں چیلنج

لاہور (این این آئی) گورنمنٹ کالج یونیورسٹی میں ایف اے اور ایف ایس سی کے داخلے کے لئے انٹری ٹیسٹ کو لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیا گیا۔ فرقان شاہ نے اپنے وکیل رانا سکندر کے توسط سے لاہور ہائیکورٹ میں درخواست دائر کر دی جس میں موقف اپنایا گیا کہ ایچ ای سی نے انٹری ٹیسٹ کی کوئی اجازت نہیں دی لیکن یہ ٹیسٹ لیا گیا، انٹری ٹیسٹ کی مد میں خطیر رقم طالب علموں سے وصول کی گئی، انٹری ٹیسٹ میں وہ طالب علم بھی کامیاب نہ ہو سکے جنہوں نے میٹرک کے امتحانات میں ایک ہزار سے زیادہ نمبر لیے، عالمی سطح پر بھی داخلے کیلئے انٹری ٹیسٹ کے بجائے میٹرک کے نتائج پر انحصار کیا جاتا ہے، گورنمنٹ کالج یونیورسٹی نے انٹری ٹیسٹ لیا اس وقت سندھ میں میٹرک کے امتحانات ہو رہے تھے بیشتر طلبہ شرکت نہیں کر سکے۔ درخواست میں استدعا کی گئی ہے کہ گورنمنٹ کالج یونیورسٹی میں ہونے والے انٹری ٹیسٹ کو کالعدم قرار دیا جائے اور انٹری ٹیسٹ کی مد میں وصول ہونے والی رقم کا آڈٹ کروایا جائے۔

لاہور: ایس ایس پی (ایڈمن) عاطف نذیر پولیس خدمت کاؤنٹرز پر تعینات کوکی انچارجز سے ملاقات کر رہے ہیں

عاطف نذیر کی زیر صدارت ریٹائرڈ پولیس ملازمین کے اعزاز میں تقریب کا انعقاد

ریٹائرڈ پولیس ملازمین کے مسائل کے حل کے لئے کمیٹی تشکیل، ان کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں گے

لاہور (خبرنگار) کیپٹل سٹی پولیس آفیسر بلال صدیق کمیانہ کی ہدایت پر ایس ایس پی (ایڈمن) عاطف نذیر کی زیر صدارت پولیس لائنز قلعہ گجر سنگھ میں ریٹائرڈ پولیس ملازمین کے اعزاز میں تقریب کا انعقاد ہوا۔ ایس پی ہیڈ کوارٹرز محمد عبداللہ لک، اسسٹنٹ ڈائریکٹر محمد نوید اور کمیٹی ممبران اس موقع پر موجود تھے۔ تقریب میں لاہور پولیس کے ڈی ایس پی و نائب قاصد سمیت 213 ریٹائرڈ ملازمین نے شرکت کی۔ تقریب میں ریٹائرڈ ملازمین نے ایس ایس پی (ایڈمن) کو ملازمت سے متعلق مسائل سے آگاہ کیا۔ ایس ایس پی (ایڈمن) عاطف نذیر نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تقریب کا مقصد ریٹائرڈ پولیس ملازمین کو درپیش مسائل کا فوری حل ہے۔ ریٹائرڈ پولیس ملازمین محکمہ کا سرمایہ ہیں اور آئی جی پنجاب کے حکم پر ریٹائرڈ پولیس ملازمین کے مسائل کے حل کے لئے کمیٹی تشکیل دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پولیس ملازمین کی محکمہ کے لئے خدمات قابل تحسین ہیں۔ ریٹائرڈ ملازمین کے لئے محکمے کے دروازے ہر وقت کھلے ہیں اور ان کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں گے۔ پولیس ملازمین نے محکمہ کو اپنی زندگی کا قیمتی وقت دیا ہے۔

لاری اڈہ میں ایک کروڑ کی ڈکیتی کا ڈراپ سین، کمپنی ملازم ملوث نکلا

لاہور (کرائم رپورٹر) لاری اڈا کے علاقے میں ایک کروڑ 2 لاکھ کی ڈکیتی کا ڈراپ سین ہو گیا، کمپنی ملازم نے دوستوں کے ساتھ مل کر واردات کا ڈرامہ رچایا۔ لاری اڈا پولیس کے مطابق ٹریڈ امپورٹ ایکسپورٹ کمپنی کے ریکوری افسران رقم کی ریکوری کیلئے گئے۔ ملزمان نے ایک کروڑ 2 لاکھ روپے کی ریکوری اور واپسی پر ان کی نیت بدل گئی۔ ملزمان نے دوستوں کے ہمراہ ڈکیتی کا پلان بنایا۔ مالک ذکی ٹریڈرز نے ڈکیتی واردات کی درخواست تھانہ لاری اڈا میں دی۔

بلال صدیق کمیانہ کا تھانہ ڈیفنس بی کا دورہ

درخواستوں پر بروقت کارروائی نہ ہونے کی صورت میں ایس ایچ او ذمہ دار ہوگا، سی سی پی او

لاہور (این این آئی) کیپٹل سٹی پولیس آفیسر بلال صدیق کمیانہ نے رات گئے تھانہ ڈیفنس بی کا دورہ کیا۔ انہوں نے تھانہ میں صفائی ستھرائی اور انتظامی امور کا جائزہ لیا۔ سی سی پی او لاہور نے فرنٹ ڈیسک، روزنامچہ، حوالات اور مال خانے سمیت مختلف شعبوں کا معائنہ کیا اور شہریوں کو پولیس اسٹیشن میں فراہم کی جانے والی سہولیات کا بھی جائزہ لیا۔ انہوں نے سائلین سے مسائل کے بارے میں دریافت کیا۔ سی سی پی او لاہور کی تھانے میں صفائی کے ناقص انتظامات اور بجلی کی وائرنگ کے غیر مناسب انتظام پر برہمی کا اظہار کیا اور تھانہ کی حالت بہتر بنانے کیلئے خصوصی ہدایات دیں۔ سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ فرنٹ ڈیسک پر جمع ہونے والی درخواستوں پر بروقت کارروائی نہ ہونے کی صورت میں ایس ایچ او ذمہ دار ہوگا۔ فرائض کی انجام دہی میں غفلت کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ لاہور پولیس قانون کی بالادستی یقینی بنانے کیلئے مسلسل مصروف عمل ہے۔

چوہنگ ٹریننگ سینٹر میں زیر تربیت پولیس افسران کا پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کا تربیتی دورہ

پروموشن کورس کے زیر تربیت افسران کو سیف سٹیز افسران نے اتھارٹی کی ورکنگ بارے بریفنگ دی

لاہور (آن لائن) چوہنگ ٹریننگ سینٹر میں زیر تربیت پولیس افسران نے پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کا تربیتی دورہ کیا۔ پروموشن کورس کے زیر تربیت افسران کو سیف سٹیز افسران نے اتھارٹی کی ورکنگ بارے بریفنگ دی۔ وفد کو آپریشنز اینڈ مانیٹرنگ سینٹر، 15 ایمرجنسی ہیلپ سینٹر، کال ڈسپیچ کنٹرول سینٹر کا دورہ کروایا گیا۔ وفد کو ایڈوانس ٹریفک مینجمنٹ سسٹم، میڈیا مینجمنٹ سنٹر اور ای چالاننگ کے نظام بارے بتایا گیا۔ وفد کے ارکان نے کہا کہ جدید انفراسٹرکچر سے آگاہی کیلئے سیف سٹیز کا دورہ سکیورٹی اداروں کے تربیتی کورسز کا لازمی جزو ہے۔ پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی الیکٹرانک ڈیٹا اینالسز سینٹر 20 ہزار سے زائد کیسز میں ڈیجیٹل شواہد فراہم کر چکی ہے۔ جرائم کی سرکوبی کیلئے سیف سٹیز منصوبے کا دائرہ کار پنجاب بھر تک پھیلایا جا رہا ہے۔ سیف سٹی کیمرے پولیس آپریشنز اور انویسٹی گیشن میں بھرپور معاونت فراہم کر رہے ہیں۔ پولیس افسران نے کہا کہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کی راہنمائی کیلئے منصوبہ نہایت اہم ہے۔

لاہور: عوام راج خوشحال تحریک پاکستان کے زیر اہتمام مہنگائی اور بجلی کی قیمتوں میں اضافے کے خلاف احتجاج کیا جا رہا ہے

چوہنگ ٹریننگ سینٹر میں زیر تربیت پولیس افسران کا پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کا تربیتی دورہ

پروموشن کورس کے زیر تربیت افسران کو سیف سٹیز افسران نے اتھارٹی کی ورکنگ بارے بریفنگ دی

لاہور (این این آئی) چوہنگ ٹریننگ سینٹر میں زیر تربیت پولیس افسران نے پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کا تربیتی دورہ کیا۔ پروموشن کورس کے زیر تربیت افسران کو سیف سٹیز افسران نے اتھارٹی کی ورکنگ بارے بریفنگ دی۔ وفد کو آپریشنز اینڈ مانیٹرنگ سینٹر، 15 ایمرجنسی ہیلپ سینٹر، کال ڈسپیچ کنٹرول سینٹر کا دورہ کروایا گیا۔ وفد کو ایڈوانس ٹریفک مینجمنٹ سسٹم، میڈیا مینجمنٹ سنٹر اور ای چالاننگ کے نظام بارے بتایا گیا۔ وفد کے ارکان نے کہا کہ جدید انفراسٹرکچر سے آگاہی کیلئے سیف سٹیز کا دورہ سکیورٹی اداروں کے تربیتی کورسز کا لازمی جزو ہے۔ پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی الیکٹرانک ڈیٹا اینالسز سینٹر 20 ہزار سے زائد کیسز میں ڈیجیٹل شواہد فراہم کر چکی ہے۔ جرائم کی سرکوبی کیلئے سیف سٹیز منصوبے کا دائرہ کار پنجاب بھر تک پھیلایا جا رہا ہے۔ سیف سٹی کیمرے پولیس آپریشنز اور انویسٹی گیشن میں بھرپور معاونت فراہم کر رہے ہیں۔ پولیس افسران نے کہا کہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کی راہنمائی کیلئے منصوبہ نہایت اہم ہے۔

چوبیس گھنٹوں میں ڈینگی کے مزید 43 مریض رپورٹ

لاہور (این این آئی) گزشتہ 24 گھنٹے کے دوران صوبے بھر میں 43 نئے مریضوں میں ڈینگی کی تصدیق ہوئی ہے۔ سیکرٹری صحت علی جان خان کے مطابق لاہور میں گزشتہ روز 20 نئے مریض سامنے آئے، راولپنڈی سے 11، ملتان سے 2، فیصل آباد سے 3، گوجرانولہ سے 3، شیخوپورہ، اٹک، نارووال اور خانیوال میں ڈینگی کا ایک، ایک نیا مریض سامنے آیا۔ سیکرٹری صحت علی جان خان کے مطابق پنجاب بھر کے ہسپتالوں میں اس وقت ڈینگی کے کل 62 مریض زیر علاج ہیں جن کی حالت تسلی بخش ہے۔ رواں سال کے دوران پنجاب کا کوئی بھی شہری ڈینگی کی وجہ سے جاں بحق نہیں ہوا۔

دریاؤں میں پانی کا بہاؤ معمول کے مطابق ہے، پی ڈی ایم اے

ستلج میں ہیڈ اسلام کے مقام پر نچلے درجے کا سیلاب ہے، ترجمان

لاہور (این این آئی) پروونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی پنجاب کے دریاؤں میں پانی کا بہاؤ معمول کے مطابق ہے، دریائے جہلم، چناب، راوی اور سندھ میں پانی معمول کی سطح پر ہے۔ ترجمان کے مطابق دریائے ستلج میں ہیڈ اسلام کے علاوہ پانی کا بہاؤ معمول کے مطابق ہے۔ ستلج میں ہیڈ اسلام کے مقام پر نچلے درجے کا سیلاب ہے، ہیڈ اسلام کے مقام پر پانی کی آمد 62474 اور اخراج 60244 کیوسک ہے۔ ترجمان پی ڈی ایم اے کے مطابق سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں امدادی سرگرمیاں جاری ہیں۔ کیمپس میں مقیم شہریوں کو کھانا ادویات اور دیگر اشیائے ضروریات فراہم کی جا رہی ہیں۔

چوہنگ ٹریننگ سینٹر میں زیر تربیت پولیس افسران کے وفد کا پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کا دورہ

لاہور (کرائم رپورٹر) چوہنگ ٹریننگ سینٹر میں زیر تربیت پولیس افسران کے وفد نے پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کا تربیتی دورہ کیا۔ پروموشن کورس کے وفد کو سیف سٹیز افسران نے اتھارٹی کی ورکنگ بارے بریفنگ دی۔ اس موقع پر وفد کو آپریشنز اینڈ مانیٹرنگ سینٹر، 15 ایمرجنسی ہیلپ سینٹر، کال ڈسپیچ کنٹرول سینٹر کا دورہ کروایا گیا۔ وفد کو ایڈوانس ٹریفک مینجمنٹ سسٹم، میڈیا مانیٹرنگ اور ای چالانگ کے نظام بارے بتایا گیا۔ جدید انفراسٹرکچر سے آگاہی کیلئے سیف سٹیز کا دورہ سکیورٹی اداروں کے تربیتی کورسز کا لازمی جزو ہے۔ وفد کو بتایا کہ پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی الیکٹرانک ڈیٹا اینالسز سینٹر 20 ہزار سے زائد کیسز میں ڈیجیٹل شواہد فراہم کر چکی ہے۔

پی آئی این ایس میں ڈے کیئر سینٹر قائم کرنے کا اعلان

ٹیم ورک اور فیڈ بیک کے بغیر کوئی کامیابی ممکن نہیں، ای ڈی پروفیسر آصف بشیر کی گفتگو

لاہور (این این آئی) پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف نیورو سائنسز میں نئے تعینات ہونے والے ایگزیکٹو ڈائریکٹر و معروف نیورو سرجن پروفیسر آصف بشیر اور سابق ایم ایس ڈاکٹر خالد بن اسلم کے اعزاز میں ہیلتھ پروفیشنلز کی جانب سے مشترکہ تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں پروفیسر صاحبان، ڈاکٹرز، نرسز اور پاکستان ہیلتھ سپورٹ ایسوسی ایشن کے صدر رانا پرویز سمیت دیگر ملازمین کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر پروفیسر آصف بشیر نے اپنے ابتدائی کلمات میں پی آئی این ایس میں ڈے کیئر سینٹر قائم کرنے کا اعلان کیا تو ہال میں موجود خواتین نے خوشی کا اظہار کیا اور تالیاں بجائیں۔ ای ڈی نے کہا کہ کوئی بھی کام ٹیم ورک کے بغیر احسن طریقے سے سرانجام نہیں پاتا اور نہ ہی کوئی کامیابی ممکن ہوتی ہے جبکہ مریضوں کے علاج معالجے میں ان اصولوں پر کاربند رہنے کی زیادہ ضرورت پیش آتی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ کسی بھی نظام کو خوش اسلوبی سے چلانے کے لئے باقاعدہ فیڈ بیک کے ساتھ ساتھ علاج معالجے کے طریقہ کار کی مانیٹرنگ بھی ناگزیر ہے اور اس امر سے نہ صرف مریضوں کی شکایات کا ازالہ ہوگا بلکہ ہیلتھ پروفیشنلز کی سرگرمیوں اور خدمات کو بھی ضابطے میں لایا جا سکے گا۔ پروفیسر آصف بشیر نے یقین دلایا کہ وہ اس امر کے قائل ہیں۔

ایگزیکٹو ڈائریکٹر الحمراء طارق محمود چوہدری، لائیو پینٹنگ مقابلے میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والوں کو اسناد دے رہے ہیں

الحمراء میں یوم دفاع کی مناسبت سے لائیو پینٹنگ مقابلے کا انعقاد کیا گیا

نوجوان آرٹسٹوں نے کینوس پر حب الوطنی کے رنگ بکھیرے، بہادر سپوتوں کو خراج تحسین پیش کیا۔

لاہور (خبرنگار) لاہور آرٹس کونسل الحمراء میں یوم دفاع کی مناسبت سے لائیو پینٹنگ مقابلے کا انعقاد کیا گیا۔ نوجوان آرٹسٹوں نے کینوس پر حب الوطنی کے رنگ بکھیرے، بہادر سپوتوں کو خراج تحسین پیش کیا۔ لائیو پینٹنگ مقابلے میں پہلی پوزیشن فرخان نواز، دوسری پوزیشن محمد فاروق جبکہ تیسری پوزیشن زینب نے حاصل کی۔ ایگزیکٹو ڈائریکٹر الحمراء طارق محمود چوہدری نے مقابلے جیتنے والوں کو مبارکباد دی اور ان میں اسناد تقسیم کرتے ہوئے کہا کہ نوجوانوں کی محنت ولگن مثالی ہے، یہ مقابلہ انکی عملی زندگی کے لئے اہم پیش رفت ہے، الحمراء نئی نسل کو اہم تاریخی واقعات سے روشناس کروانے کیلئے باقاعدہ سرگرمیاں کرواتا رہتا ہے۔ مقابلہ میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے والے کو 30 ہزار، دوسری پوزیشن حاصل کرنے والے کو 20 ہزار جبکہ تیسری پوزیشن حاصل کرنے والے کو 10 ہزار روپے انعام دیا گیا۔

مسلمانوں کے مسائل کا حل شریعت اسلامیہ سے وابستہ ہے، متحدہ علماء کونسل

لاہور (این این آئی) متحدہ علما کونسل پاکستان کے مرکزی صدر مولانا زاہد الراشدی، سیکرٹری جنرل سردار محمد خان لغاری، مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا ڈاکٹر ملک محمد سلیم و دیگر نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ مسلمانوں کے مسائل کا حل شریعت اسلامیہ سے وابستہ ہے، پاکستان میں نظام مصطفی ﷺ نافذ کیا جائے، ہم حرمت رسول اور ختم نبوت پر کوئی آنچ نہیں آنے دینگے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی لائی ہوئی شریعت کے نفاذ سے ہی تمام مسائل حل ہو نگے۔ انہوں نے کہا کہ مسلمان ممالک کو غیر مذہبی قوتوں کی سازشوں کا مقابلہ کرنے کیلئے متحد ہونے کی اشد ضرورت ہے جبکہ غیر مذہبی قوتیں مسلمانوں کیخلاف مسلسل سازشیں کرنے میں لگی ہوئی ہیں، جس کی وجہ سے مسلمان دنیا بھر میں ذلیل ورسوا ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آپ ﷺ کے پیغام کو عام کر کے اسلام کیخلاف سازشوں کا مقابلہ کیا جا سکتا ہے، آپ ﷺ کے لائے ہوئے نظام کے نفاذ میں ہی تمام مسائل کا حل موجود ہے۔



استحکام پاکستان پارٹی لاہور ڈویژن کے جنرل سیکرٹری میاں خالد محمود سے آئی پی پی کے سیکرٹریٹ میں لاہور کے صوبائی حلقہ پی پی 166 کے معروف سیاسی رہنما وسیم منیر کا اپنے ساتھیوں کے ہمراہ استحکام پاکستان میں شمولیت کے موقع پر گروپ فوٹو

آنے والا وقت استحکام پاکستان پارٹی کا ہے: خالد محمود

صوبائی حلقہ پی پی 166 کے معروف سیاسی رہنما وسیم منیر کی خالد محمود سے ملاقات

لاہور (خبرنگار) استحکام پاکستان پارٹی لاہور ڈویژن کے جنرل سیکرٹری اور سابق وزیر میاں خالد محمود سے آئی پی پی کے سیکرٹریٹ میں لاہور کے صوبائی حلقہ پی پی 166 کے معروف سیاسی رہنما وسیم منیر نے اپنے ساتھیوں کے ہمراہ ملاقات کی اور استحکام پاکستان میں شمولیت کا اعلان کیا۔ اس موقع پر وسیم منیر سے گفتگو کرتے ہوئے میاں خالد محمود کا کہنا تھا کہ آنے والا وقت استحکام پاکستان پارٹی کا ہے وسیم منیر ہمارے پی پی 166 علی ٹاون رائے ونڈ روڈ والے حلقہ سے ایک مضبوط امیدوار ہیں اور اس حلقہ میں ان کا ایک اچھا خاصہ ووٹ بینک بھی ہے وہ آج بھی درجنوں ساتھیوں کے ہمراہ آئی پی پی میں شامل ہونے کے لیے آئے ہیں۔ اس موقع پر وسیم منیر کا کہنا تھا کہ مجھے استحکام پاکستان پارٹی الیکشن لڑنے کا حکم دے گی۔

بجلی بلز بارودی سرنگوں کی مانند عوام کو اپنا نشانہ بنا رہے ہیں: رانا اعجاز

وزارت بجلی ایسا منصفانہ ٹیرف بنائے جو صارفین کیلئے بوجھ نہ بنے

لاہور (خبرنگار) پاکستان مسلم لیگ (ن) یوتھ ونگ وارڈ نمبر 7 کینٹ کا صدر اور ہر دلعزیز سماجی شخصیت رانا اعجاز نے کہا ہے کہ بجلی بلز بارودی سرنگوں کی مانند عوام کو اپنا نشانہ بنا رہے ہیں، مہنگائی نے محروم طبقات کو اپنے ہاتھوں اپنی زندگی ختم کرنے پر مجبور کر دیا۔ ان کے نتیجہ میں شہریوں کی قیمتی جانوں کا ضیاع افسوسناک ہے۔ وزارت بجلی ایسا منصفانہ ٹیرف بنائے جس سے صارفین مشتعل مظاہرین کی صورت اختیار نہ کریں۔ بجلی بلز کے نتیجہ میں عوامی اضطراب نوید انقلاب ہے۔ لوگ مہنگائی مافیا کیخلاف اجتماعی مزاحمت کیلئے متحد اور مستعد ہو رہے ہیں۔ پسماندہ طبقات مہنگائی کی قید تنہائی سے رہائی کی دوہائی دے رہے ہیں۔ وہ اپنے آفس میں ملاقات کیلئے آنیوالے مختلف وفود سے بات چیت کر رہے تھے۔ رانا اعجاز نے مزید کہا کہ لاہور سمیت مختلف شہروں میں احتجاجی مظاہرین نے ہوشربا مہنگائی کیخلاف طبل جنگ بجادیا۔



لاہور: شہریوں نے پریس کلب کے باہر کسی حادثے سے بچنے کے لئے گٹر کے ٹوٹے ہوئے ڈھکن پر نشاندہی کے لئے جھاڑیاں لگا رکھی ہیں

سیکرٹری لٹریسی کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس، یوم خواندگی انتظامات کا حتمی جائزہ

سکیورٹی ایجنسیوں، ریسکیو، لیسکو، پولیس اور دیگر اداروں کے افسران کے ساتھ متعلقہ امور پر تبادلہ خیال

وزیر اعلیٰ پنجاب یوم خواندگی کی مرکزی تقریب میں مہمان خصوصی ہوں گے۔ سیکرٹری لٹریسی

لاہور (خبرنگار) سیکرٹری لٹریسی سید حیدر اقبال کی زیر صدارت محکمہ لٹریسی میں اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا جس میں کمشنر، ڈی سی، ہوم ڈیپارٹمنٹ، سپیشل برانچ، پنجاب پولیس، سی ٹی او، سی سی پی او، ریسکیو 1122، ایل ڈبلیو ایم سی، لیسکو، پی ایچ اے کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں سکیورٹی ایجنسیوں اور دیگر شریک اداروں کی مشاورت سے یوم خواندگی کی مرکزی تقریب کے انتظامات پر لائحہ عمل طے کیا گیا۔ اس موقع پر مرکزی پروگرام میں وزیر اعلیٰ پنجاب کی شرکت حوالے سے سکیورٹی کا لائحہ عمل بھی تشکیل دیا گیا۔ سیکرٹری لٹریسی سید حیدر اقبال نے 8 ستمبر کو ہونے والی یوم خواندگی کی مرکزی تقریب کے دوران لیسکو کو بجلی کی ترسیل یقینی رکھنے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں یوم خواندگی کی آگاہی مہم کے لئے پی ایچ اے کے ساتھ ملکر روڈ میپ بھی تشکیل دیا گیا۔

چائلڈ پروٹیکشن بیورو کی جانب سے گداگری کے خاتمے کیلئے ریسکیو آپریشن جاری

اگست کے مہینے میں 626 بھکاری بچوں کو ریسکیو کیا گیا، بھکاری مافیا کے خلاف 16 ایف آئی آر کا اندراج

لاہور (این این آئی) چیئرپرسن چائلڈ پروٹیکشن بیورو سارہ احمد کی ہدایت پر گداگری کے خاتمے کے لئے ریسکیو آپریشن جاری ہے اور اگست کے مہینے میں 626 بھکاری بچوں کو ریسکیو کیا گیا۔ چیئرپرسن سارہ احمد نے بتایا کہ انسداد گداگری مہم کے تحت ریسکیو ٹیم کی جانب سے روزانہ کی بنیاد پر ریسکیو آپریشن کئے جا رہے ہیں، لاہور میں اگست کے مہینے میں 147 بھکاری بچوں کو ریسکیو کیا گیا۔ جبکہ پنجاب بھر میں گزشتہ ماہ کے دوران چائلڈ پروٹیکشن بیورو کے ضلعی دفاتر میں ریسکیو ٹیم نے 626 بھکاری بچوں کو تحویل میں لیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ چائلڈ پروٹیکشن بیورو کی جانب سے بھکاری مافیا کے خلاف مختلف تھانوں میں 16 ایف آئی آر درج کروائی گئی۔ روزانہ کی بنیاد پر مختلف اوقات کے دوران ریسکیو ٹیم کی جانب سے ریسکیو آپریشن کئے جا رہے ہیں، بھکاری بچوں کے بارے میں شکایات پر ہفتہ اور اتوار کو بھی ریسکیو آپریشن کئے جا رہے ہیں۔ چیئرپرسن سارہ احمد نے کہا کہ کیمپس پل، گلبرگ مین مارکیٹ، جوہر ٹاؤن، اکبر چوک، بھٹہ چوک، ڈیفنس، برکت مارکیٹ، کریم بلاک مارکیٹ، مون مارکیٹ، ایم ایم عالم روڈ اور دیگر علاقوں سے بھکاری بچوں کو تحویل میں لیا گیا۔ انسداد گداگری مہم کے تحت چائلڈ پروٹیکشن بیورو کی ریسکیو ٹیم کی جانب سیر ریسکیو آپریشن لاہور سمیت چائلڈ پروٹیکشن بیورو کے تمام ضلعی دفاتر میں کئے جا رہے ہیں۔ بھکاری بچوں اور بھکاری مافیا کے خلاف چائلڈ ہیلپ لائن 1121 پر اطلاع دیں۔

لاہور: ایک شخص نے سڑک کنارے فٹ پاتھ پر چھتریوں اور دیگر چیزوں کی دوکان سجا رکھی ہے

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

سیالکوٹ: 1568 دیہات میں صفائی پروگرام اب دیہات چمکیں گے کا آغاز

124 دیہی کونسل میں 372 سینیٹری ورکرز کے علاوہ 124 لوڈر رکشہ جات خرید کر دیئے جا رہے ہیں، یوسی کی سطح پر کمیٹیاں بنادی گئیں ہیں، ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ عدنان محمود اعوان نے کہا ہے کہ ضلع سیالکوٹ کے 1568 دیہات میں صفائی ستھرائی کے تاریخی پروگرام ’’اب دیہات چمکیں گے‘‘ کا آغاز کردیا گیا ہے، 124 دیہی کونسل میں 372 سینیٹری ورکرز کے علاوہ 124 لوڈر رکشہ جات خرید کر دیئے جا رہے ہیں، یوسی کی سطح پر کمیٹیاں بنادی گئیں ہیں جن میں نمبردار، یوسی سیکرٹری، ریونیو، صحت سمیت متعلقہ محکموں کے نمائندگان کو شامل کیا گیا ہے جو اس پروگرام کو کامیاب بنانے میں اپنا کردار ادا کرے گی، یہ بات انہوں نے آج ’’اب دیہات چمکیں گے‘‘ کے سلسلہ میں ضلع سیالکوٹ کے نمبرداران کے کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد اقبال، ایڈیشنل ایس پی ضیاء، اسسٹنٹ کمشنر سیالکوٹ غلام سرور اور نمبرداران ایسوسی ضلع سیالکوٹ جی ایم معصومی کے علاوہ ضلع بھر کے نمبرداران نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر عدنان محمود اعوان نے کہا کہ اب دیہات چمکیں گے صحیح معنوں میں ایک تاریخی پروگرام ہے جس صفائی ستھرائی کا ایک جامع اور منظم پروگرام ہے جس کو کامیاب بنانے کیلئے منصوبہ بندی کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس پروگرام کے آغاز پر حکومت پنجاب 8 ارب روپے خرچ کر رہی ہے تاہم یہ پروگرام نو لاس نو پرافٹ کی بنیاد پر آگے بڑھے گا اور یوسی کی سطح پر اس ضمن میں ٹیکس وصول کیا جائے گا جو کی کلیکشن میں نمبرداران کا اہم کردار ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ نمبرداری کے نظام کو مضبوط اور توانا بنانے کیلئے ان کو دفتر اور کارڈ جاری کئے جائیں گے اور زمینوں کے انتقالات میں ان کا کردار بھی بحال کیا جائے گا۔ تقریب سے ایس پی انوسٹی گیشن ضیاء اللہ، صدر نمبردار ایسوسی ایشن کی جی ایم معصومی اور معروف عالم دین مولانا عمران بشیر نے بھی خطاب کیا اور دیہات کی صفائی کے پروگرام کا خیر مقدم کیا اور کامیاب بنانے کیلئے اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔

سیالکوٹ: ڈپٹی کمشنر عدنان محمود اعوان ’’اب دیہات چمکیں گے‘‘ پروگرام کے سلسلے میں نمبرداران کے کنونشن سے خطاب کر رہے ہیں

طاہر القادری کی کہی باتیں سچ ثابت ہو رہی ہیں، نثار احمد گجر

پاکستان کے نظام بارے انہوں نے جو پیش گوئیاں کیں وہ پوری ہوچکیں، شہباز قادری

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) علامہ طاہر القادری کی کہی گئی باتیں حرف بہ حرف سچ ثابت ہو رہی ہیں پاکستان کے نظام کے بارے میں انہوں نے جو بھی پیش گوئیاں کیں وہ پوری ہوچکی ہیں موجودہ نظام تباہ ہوچکا اس کے ذریعے کسی صورت بہتری نہیں آئے گی حالات ٹھیک کرنے کیلئے نظام تبدیل کرنا ہوگا موجودہ نظام سے صرف اشرافیہ کو فائدہ ہوسکتا ہے غریب کو نہیں ابھی بھی موقع ہے الیکشن آنے والا ہے چہرے نہیں نظام بدلو کو پالیسی اپنائی جائے ان خیالات کا اظہا پاکستان عوامی تحریک پی پی 135 کے صدر چوہدری نثار احمد گجر اور تحریک منہاج القرآن کے رہنما شہباز علی قادری نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ امیر تیزی سے امیر ترین ہوتے جا رہے ہیں اشرافیہ کی دولت پاکستان سے ہی لوٹی ہوئی ہے ملکی خزانہ خالی ہے اور اشرافیہ اربوں ڈالرز سنبھالے ہوئے ہے۔

حکومت عام آدمی کو ریلیف کیلئے عملی اقدامات اٹھائے، قاسم ریاض گجر

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) سیاسی وسماجی رہنما وحلقہ پی پی 135 کے امیدوار چودھری قاسم ریاض گجر نے کہا ہے کہ حکومت موجودہ حالات میں عام آدمی کو ریلیف کی فراہمی کیلئے عملی اقدامات اٹھائے کیونکہ غریب عوام دو وقت کی روٹی سے تنگ آچکے ہیں بجلی، گیس، پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ نے انڈسٹری کا پہیہ جام، معیشت کی تباہ، کاروباری زندگی مفلوج اور عوام کو زندہ درگور کرکے رکھ دیا ہے پورا ملک جمود کا شکار ہوکر رہ گیا ہے ملک کے موجودہ حالات کرونا وائرس سے بھی زیادہ خطرناک ہیں ان حالات سے واضح ہوگیا ہے کہ نگران حکومت عوام کو ریلیف دینے میں مکمل طور پر ناکام ہوگئی ان خیالات کا اظہار انہوں نے گاؤں لاہبڑے میں میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کے دوران کیا اس موقع پر سابق یوسی چیئرمین چودھری اعظم ریاض گجر سمیت دیگر بھی موجود تھے چودھری قاسم ریاض گجر نے کہا کہ عوام حکمرانوں کے لیے بددعائے کر رہے ہیں بجلی کے بھاری بلوں کی ادائیگی عوام کے لیے مشکل ترین عمل بن کر رہ گیا ہے۔

ایڈمنسٹریٹر میونسپل کارپوریشن سیالکوٹ کا تجاوزات کے خلاف کریک ڈاؤن

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید) ایڈمنسٹریٹر میونسپل کارپوریشن سیالکوٹ محمد اقبال کا تجاوزات کے خلاف کریک ڈاؤن، تحصیل بازار، بازار کلاں، لہائی بازار، ریلوے روڈ اور چوک علامہ اقبال میں ہر قسم کی عارضی تجاوزات کو ہٹا دیا گیا اور دوبارہ خلاف ورزی پر افراد کو موقع پر گرفتار کرلیا گیا، اس موقع پر انسپکٹر تہہ بازاری مستنصر خان کے علاوہ عملہ تہہ بازاری اور پنجاب پولیس کے جوان بھی اس موقع پر ان کے ہمراہ تھے۔ ایڈمنسٹریٹر نے دکانداروں کو متنبہ کیا کہ وہ دکانوں کے اندر تک محدود رہیں اور فٹ پاتھ اور راستوں پر سامان نہ رکھیں بصورت دیگر سامان بحق سرکار ضبط کرلیا جائے گا۔ انہوں نے ریڑھی بانوں کو خبردار کیا کہ وہ ایک جگہ مستقل کھڑے نہیں ہوسکتے اور نہ ہی اپنے سامان ریڑھی سے باہر روڈ پر رکھ سکتے ہیں۔

دودھ کے نام پر سفید جعلی محلول سپلائی کرنیوالوں کیخلاف ایکشن، 870 لیٹر دودھ تلف

شہر کے داخلی راستوں پر ناکہ بندی اور کولیکشن سنٹرز سے 125 کلو پاؤڈر اور ڈرم ضبط کرلیے

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) دودھ کے نام پر سفید جعلی محلول سپلائی کرنے والوں کیخلاف ایکشن۔ ڈائریکٹر جنرل پنجاب فوڈ اتھارٹی راجہ جہانگیر انور کی خصوصی ہدایات پر ڈیری سیفٹی ٹیموں کا بہاؤالدین کے داخلی وخارجی راستوں کی ناکہ بندی کرکے اور شہر میں موجود ملک کولیکشن پوائنٹس کی سخت چیکنگ کی۔ جبکہ موقع پر کیے گئے ٹیسٹ فیل ہونے پر 870 لٹر تیار جعلی دودھ تلف کردیا گیا اور 125 کلو پاؤڈر اور ڈرم ضبط کرلیے تلف کیا گیا جعلی دودھ پاؤڈر اور پانی کی ملاوٹ سے تیار کیا گیا تھا۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی راجہ جہانگیر انور نے کہا کہ موقع پر کیے گئے ٹیسٹ میں قدرتی فیٹ کی کمی اور پانی کی ملاوٹ پائی گئی۔ تفصیلات کے مطابق جعلی تیار دودھ کو منڈی بہاؤالدین اور گوجرانوالہ میں سپلائی کیا جانا تھا۔ ناقص دودھ کا استعمال بچوں اور بڑوں کو پیٹ، معدہ اور آنتوں کی بیماریوں میں مبتلا کرتا ہے۔ خالص دودھ کی فراہمی کے لیے بین الاقوامی طرز کی پالیسی لا رہے ہیں۔ عوام تک غذائیت سے بھرپور معیاری خوراک کی فراہمی اولین ترجیح ہے۔

اراضی ریکارڈ سنٹرز کی سروسز کا معیار بہتر بنایا جائے

ڈپٹی کمشنر
فیصل آباد

اراضی ریکارڈ سنٹرز سائلان کی سہولت کے اعتبار سے بہتر کارکردگی کے حامل ہونے چاہیں، انچارج اپنی ذمہ داریوں کا ادراک کریں، عبداللہ نیئر شیخ

فیصل آباد (میاں محمد ساجد) ڈپٹی کمشنر عبداللہ نیئر شیخ نے ہدایت کی ہے کہ اراضی ریکارڈ سنٹرز کی سروسز کا معیار مزید بہتر بنایا جائے تاکہ لوگوں کا اعتماد مضبوط ہو۔ انہوں نے یہ ہدایت اراضی ریکارڈ سنٹر تاندلیانوالہ کے دورہ کے موقع پر کہی۔ ڈپٹی کمشنر نے اراضی ریکارڈ سنٹر میں سروسز لینے آئے ہوئے درخواست گزاروں سے ملاقات کی اور ان سے سنٹر کی کارکردگی بارے دریافت کرتے ہوئے کہا کہ اراضی ریکارڈ سنٹرز سائلان کی سہولت کے اعتبار سے بہتر کارکردگی کے حامل ہونے چاہیں۔ اس ضمن میں انچارج اپنی ذمہ داریوں کا ادراک کریں۔ انہوں نے انتظارگاہ میں درخواست گزاروں کے بیٹھنے اور پینے کے پانی کی دستیابی کے انتظامات بھی چیک کئے۔ انہوں نے کہا کہ سنٹرز میں اعلیٰ نظم ونسق کو ہمہ وقت برقرار رکھا جائے اور سنٹرز سے رابطہ کرنے والے شہریوں کو انتظار کی زحمت سے بچاتے ہوئے ان کے کام تیزی رفتاری سے نمٹائے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ کاؤنٹرز پر لمبی قطاریں نظر نہیں آنی چاہیں اور رش کی صورت میں متعلقہ کاؤنٹر کی تعداد میں اضافہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ سائلان کی رہنمائی کے لئے انفارمیشن ڈیسک کو ہمہ وقت فعال رکھیں تاکہ درخواست گزاروں کا وقت ضائع نہ ہو اور وہ اپنے کام کے سلسلے میں صحیح کاؤنٹر پر رابطہ کریں۔ انہوں نے سنٹر پر صفائی ستھرائی کے اعلیٰ معیار کو ہمہ وقت برقرار رکھنے کی تاکید کی۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ کرپشن کو قطعا برداشت نہیں کیا جائے گا اور انچارج اپنے ماتحت عملہ کی پرفارمنس اور سائلان سے طرز عمل پر گہری نظر رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ سنٹر پر درپیش مسائل کی فہرست اور ان کے حل کے لئے تجاویز مرتب کرکے ڈی سی آفس کو پیش کریں۔ ڈپٹی کمشنر نے تحصیل ہیڈکوارٹرز ہسپتال کا بھی دورہ کیا اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے ایئر کنڈیشنڈ کے فعال، ادویات کا ریکارڈ اور صفائی ستھرائی کے ساتھ مشینری کی ورکنگ حالت کو چیک کیا اور طبی وانتظامی امور کو چوکس رکھنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے رورل ہیلتھ سنٹر ستیانہ کا بھی اچانک دورہ کیا اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے سپورٹس کمپلیکس کا دورہ کرکے نوجوانوں کو کھیلوں کی فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا۔

فیصل آباد: ڈپٹی کمشنر عبداللہ نیئر شیخ تحصیل تاندلیانوالہ کے دورے کے دوران رورل ہیلتھ سنٹر ستیانہ، تحصیل ہسپتال، اراضی ریکارڈ سنٹر اور سپورٹس کمپلیکس کی انسپکشن کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر صفدر حسین ورک کا میونسپل گرلز ہائی اسکول کا دورہ

اسکول میں صفائی کے بہترین انتظامات کئے جائیں، ڈپٹی کمشنر

گجرات (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر صفدر حسین ورک نے میونسپل گرلز ہائی اسکول کا دورہ کیا، سی ای او ایجوکیشن ڈاکٹر سیف اللہ ڈھلوں ان کے ہمراہ تھے۔ ڈپٹی کمشنر صفدر حسین ورک نے اسکول کے مختلف حصوں، کلاس رومز، لیبز کا دورہ کیا اور جاری تدریسی سرگرمیوں اور صفائی اور بلڈنگ کی تزئین و آرائش کا جائزہ لیا، ڈپٹی کمشنر صفدر حسین ورک نے کہا کہ اسکول میں صفائی کے بہترین انتظامات کئے جائیں، اسکول میں گندگی نظر نہیں آنی چاہیے، اسکولز کے لان صاف ہونی چاہیے، بلڈنگ کی جہاں جہاں سے مرمت درکار ہے فوری مرمت کروائی جائے، میونسپل ماڈل گرلز اسکولز میں طالبات کو بہترین تدریسی وتفریحی ماحول فراہم کیا جائے، ڈپٹی کمشنر صفدر حسین ورک نے کہا کہ ضلع کے تمام سرکاری اسکولوں کی تزئین و آرائش صفائی اور بلڈنگ کی مرمت پر خصوصی توجہ دی جائے، سرکاری اسکولوں میں طلباء و طالبات تمام تر سہولیات کی فراہم کی جائیں، کلاس رومز میں ضرورت کے مطابق پنکھے، آرام دہ فرنیچر فراہم کیا جائے، لیبز میں طلباء و طالبات کی عملی تربیت کے لیے تمام آلات مکمل ہونے چاہیے انہوں نے کہا کہ وہ باقاعدگی سے سرکاری اسکولوں کو دورہ کریں گے۔

ڈپٹی کمشنر کی زیر صدارت 6 ستمبر کی تقریبات سے متعلق اجلاس

تینوں اسسٹنٹ کمشنرز و دیگر متعلقہ محکموں کو ذمہ داریاں تفویض کردیں

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر محمد آصف رضا نے یوم دفاع پاکستان کو شایان شان طریقہ سے منانے کیلئے تینوں اسسٹنٹ کمشنرز و دیگر متعلقہ محکموں کو ذمہ داریاں تفویض کردیں۔ انہوں نے ضلعی اور تحصیل ہیڈکوارٹر پر 6 ستمبر کو تقریبات کے انعقاد کو یقینی بنانے کے علاوہ تمام سرکاری کالجز اور سکولوں میں بھی تقریبات کا انعقاد کرنے کے احکامات جاری کیے۔ یہ احکامات انہوں نے ایک اجلاس میں جاری کئے۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز الطاف حسین انصاری، طلحہ سعید، تینوں اسسٹنٹ کمشنرز اشفاق احمد، میڈم خیزران علی، طارق محمود گوندل، سی او ایجوکیشن ڈاکٹر ظفر اقبال، سی او ہیلتھ ڈاکٹر سہیل طارق سمیت دیگر محکموں کے افسران شریک تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے 6 ستمبر کو تمام تعلیمی اداروں میں دستیاب جگہوں پر پودے لگانے کی بھی ضرورت پر زور دیا۔

دفن 55 شہدا کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے تقریب کل ہوگی

آرمی کے دستے سلامی دیں گے، بچوں کے درمیان تقریری مقابلہ ہوگا

مصطفی آباد/للیانی (نامہ نگار) چھ ستمبر کو مصطفی آباد میں دفن 55 شہدا کو خراج تحسین پیش کرنے کے لئے شاندار تقریب ہوگی، آرمی کے دستے سلامی دیں گے، بچوں کے درمیان تقریری مقابلہ ہوگا، آرمی میڈلز، کرنسی نوٹ، سکوں، ڈاک ٹکٹوں پر مشتمل پاکستان کی سب سے بڑی نمائش لگائی جائے گی، کبڈی میچ کا اہتمام بھی کیا جائے گا، ضلعی انتظامیہ سمیت سیاسی و سماجی جماعتوں کے نمائندوں، صحافیوں کی بڑی تعداد شرکت کرے گی، تفصیلات کے مطابق چھ ستمبر 1965 کو اپنے جانوں کے نذرانے دیکر کھیم کرن کا محاذ فتح کرنے والے مصطفی آباد میں دفن 55 شہدا کو خراج تحسین پیش کرنے کے لئے چھ ستمبر کو مصطفی میں شاندار تقریب کا اہتمام کیا جائے گا، خادم شہدا حاجی غلام مصطفی رحمانی نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مصطفی آباد میں دفن 55 شہدا کو خراج تحسین پیش کرنے کے لئے افواج پاکستان کے چاک و چوبند دستے صبح ساڑھے سات بجے سلامی دیں گے، صبح 8 بجے سکولوں کے بچوں کے درمیان تقریری مقابلہ ہوں گے۔

علی مصطفی چشتی ناظم اعلی جماعت اہلسنت مصطفی آباد مقرر

مصطفی آباد/للیانی (نامہ نگار) علی مصطفی چشتی ناظم اعلی جماعت اہلسنت مصطفی آباد مقرر، مفتی پیر حسن علی قادری اشرفی، علامہ مفتی علی حسن رضوی، حضرت مولانا پیر الیاس قادری، صاحبزادہ حافظ جنید الیاس قادری کی طرف سے نوٹیفکیشن جاری، تفصیلات کے مطابق علی مصطفی چشتی کو ناظم اعلی جماعت اہلسنت مصطفی آباد مقرر کر دیا گیا، نوٹیفکیشن جاری کرنے کے حوالے سے منعقدہ تقریب میں مفتی پیر حسن علی قادری اشرفی ضلعی امیر جماعت اہلسنت پاکستان قصور، ناظم اعلی جماعت اہلسنت پاکستان لاہور ڈویژن علامہ مفتی علی حسن رضوی حضرت مولانا پیر الیاس قادری المعروف بابا جی سرکار ناظم اعلی دارالعلوم فیضان پنجتن پاک مصطفی آباد صاحبزادہ حافظ جنید الیاس قادری ناظم اعلی جماعت اہلسنت پاکستان تحصیل قصور، مہر شفقت یعقوب صدر جماعت اہلسنت مصطفی آباد سمیت دیگر علما کرام نے شرکت کی اور علی مصطفی چشتی نوٹیفکیشن دیا، علی مصطفی چشتی نے کہا کہ میں علما کرام کا انتہائی مشکور ہوں جنہوں نے مجھے ناظم اعلی کی ذمہ داری سونپی ہے میں جماعت اہلسنت مصطفی آباد کی توقعات پر پورا اترنے کی ہر ممکن کوشش کروں گا اور جماعت کے لئے بڑھ چڑھ کر کام کروں گا۔

موجودہ دور میں حیا وحجاب کو عام کرنے کی ضرورت ہے، کرن نذیر، مزمل زہرا



شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) مسلم لیگ (ن) خواتین یوتھ ونگ کی ضلعی صدر کرن نذیر اور جنرل سیکرٹری سیدہ مزمل زہرا نے کہا ہے کہ تہذیبوں کی موجودہ کشمکش میں مغرب کا خصوصی ہدف عورت اور ہمارا نوجوان طبقہ ہے اسلام کے مضبوط اور مستحکم خاندانی نظام کو توڑنے کی بھرپور کوششیں کی جا رہی ہیں عورت کا دن بدن مختصر ہوتا لباس، فیشن اور میک اپ انڈسٹری، اسٹائل، فیشن، حسن وجمال اور آرٹ اور کلچر کے نام پر عورت کو اسلام مخالف تہذیب کا عادی بنایا جا رہا ہے حجاب عورت کے تحفظ عزت وعظمت اور وقار میں اضافہ کرتا ہے موجودہ دور میں حیا وحجاب کو عام کرنے کی ضرورت ہے اس لیے کہ پردہ وحجاب اسلامی شعار، ہماری تہذیب اور عورت کا وقار ہے۔

صحافت سنت انبیاء اور معزز ترین شعبہ ہے، عنصر محمود

صحافت ریاست کا ایک اہم ستون ہی نہیں بلکہ ریاست کا طاقتور ترین ستون کہا جانا چاہیے

وزیرآباد (نامہ نگار) صحافت سنت انبیاء اور معزز ترین شعبہ ہے جو عوام کی خدمت کا موثر ترین ذریعہ بھی کہلاتا ہے ریاست کا ایک اہم ستون ہی نہیں بلکہ ریاست کا طاقتور ترین ستون کہا جانا چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار سیاسی وسماجی شخصیت اور امیدوار برائے صوبائی اسمبلی پی پی 51 چوہدری عنصر محمود سندھو نے پریس کلب وزیرآباد کے اعزاز میں عشائیے کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ کسی بھی معاملہ میں تحقیق اسے صوتی، بصری یا تحریری شکل میں عوام الناس تک پہنچانے کا نام صحافت ہے عوامی مسائل کو اجاگر کرنا اور ان کے مسائل کا حل کروانا اس سے بڑی خدمت کیا ہوگی کسی کی غلط بات کو یا غلط کام کو نشر کرنا تاکہ وہ فرد شخص یا ادارہ اس کوتاہی کا مرتکب نہ ہو یہ برائی سے روکنا ہی تو ہے جو کہ سنت انبیاء ہے کسی کو اچھے کام کی ترغیب اور عوامی خدمت کے لیے ابھارنا یہ امر بالمعروف ہے انہوں نے مزید کہا کہ وزیرآباد کے صحافی مثبت سوچ کے حامل اور جذبہ خدمت سے سرشار ہیں ملک علیم مدنی ٹریول اینڈ ٹورز والوں نے کہا کہ یہاں کے صحافی اپنی فیلڈ میں منجھے اور باصلاحیت ہیں۔

چہلم حضرت امام حسینؑ کیلئے فول پروف سکیورٹی پلان مرتب، ڈی پی او

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر منصور امان کی ہدایت پر بسلسلہ چہلم حضرت امام حسین امن وامان کو قائم رکھنے کیلئے اوکاڑہ پولیس نے فول پروف سکیورٹی پلان مرتب کرلیا، پولیس ترجمان کے مطابق اوکاڑہ پولیس نے فول پروف سکیورٹی کیلئے 2100 سے زائد پولیس افسران واہلکاران کو بائی نیم ڈیوٹی تفویض کی گئی ہے جن میں، 06 ڈی ایس پیز، 11 انسپکٹر، 130 سب انسپکٹر، 234 اے ایس آئی، 39 ہیڈ کانسٹیبل اور 1543 کانسٹیبل شامل ہیں، اس کے علاوہ 136 لیڈیز پولیس افسران واہلکاران سپیشل فورس اور ریزرو فورس بھی شامل ہے، ضلعی پولیس کی ٹیمیں گشت کیلئے ماموں کی گئیں۔

فرض شناس اہلکاروں کی بے مثال پیشہ ورانہ خدمات کا اعتراف

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر اہلکاروں کو گولڈن بریڈز لگانے کا سلسلہ شروع

جھنگ (بیورو رپورٹ) آئی جی پولیس پنجاب کی ہدایات کے مطابق فرض شناس اہلکاروں کی بے مثال پیشہ ورانہ خدمات کے اعتراف میں انہیں گولڈن بریڈز لگانے کا سلسلہ شروع کیا گیا ہے کانسٹیبلان کی چار عشروں پر محیط خدمات کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے ڈی پی او آفس میں تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں ڈی پی او ملک طارق محبوب نے ڈی ایس پی ہیڈکوارٹر حبیب اللہ قریشی کے ہمراہ کانسٹیبلان کو گولڈن بریڈ لگائے اس موقع پر ڈی پی او نے کہا کہ پولیس سروس میں چالیس برس خدمات سرانجام دینے والے کانسٹیبلز ادارے کا قابل فخر سرمایہ ہیں کانسٹیبلری فورس کا حقیقی چہرہ ہے جو مشکل سے مشکل ڈیوٹی انتہائی جانفشانی سے سرانجام دیتے ہیں، محکمہ پولیس اپنے ان جانباز اور فرض شناس اہلکاروں کی خدمات کے اعتراف میں حوصلہ افزائی کا سلسلہ جاری رکھے گا۔

نارووال بھر میں 28 اگست سے 2 ستمبر تک جاری رہنے والا ماں بچہ صحت پروگرام کامیاب

شکرگڑھ (نامہ نگار) چیف آفیسر ڈسٹرکٹ ہیلتھ ڈاکٹر نوید حیدر گیلانی نے کہا ہے کہ محکمہ ہیلتھ پنجاب پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر ڈیپارٹمنٹ کی ہدایت کے تحت ڈپٹی کمشنر نارووال کی زیرنگرانی ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی، آئی آر ایم این سی ایچ کی طرف سے ضلع نارووال بھر میں 28 اگست سے 2 ستمبر تک جاری رہنے والا ماں بچہ صحت پروگرام، ماں کے دودھ کی اہمیت کے حوالے سے گلوبل بریسٹ فیڈنگ ویک نہایت کامیاب رہا۔ بریسٹ فیڈنگ کی آگاہی مہم کے دوران 6 ماہ سے 5 پانچ سال تک کی عمر کے بچوں، دودھ پلانے والی ماؤں جو غذائی قلت کا شکار ہیں۔ اس مہم کو لیڈی ہیلتھ ورکرز اور لیڈی ہیلتھ سپروائزر سمیت تمام ڈپٹی ڈسٹرکٹ آفیسر ہیلتھ اور ضلعی آفیسر نے سپروائز کیا۔ انہوں نے کہا کہ مہم کے دوران ضلع بھر کی تمام لیڈی ہیلتھ ورکرز اور سپروائزر نے تعلیمی اداروں علاقائی سطح اور مساجد میں جاکر اس کمپین کے حوالے سے خصوصی طور پر اجتماعات کیے۔

ویمن یونیورسٹی ملتان اور عوامی لیبارٹریز کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط

معاہدہ تحقیق اور تعاون کے لیے دونوں فریقوں کے عزم کی نشاندہی کرتا ہے، پروفیسر کلثوم پراچہ وی سی

ملتان (بیورو رپورٹ) میڈیکل کی میدان میں جدید ریسرچ کے لئے ویمن یونیورسٹی ملتان اور عوامی لیبارٹریز کے درمیان ایک مفاہمت کی یادداشت پر دستخط ہوگئے، جس کا مقصد طبی مہارتوں کا استعمال اور میڈیسن کی دنیا میں ریسرچ کو فروغ دینا تھا اس موقع پر ایک تقریب کا اہتمام کیا گیا جس میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر کلثوم پراچہ اور عوامی لیبارٹریز کے سی ای او ڈاکٹر عرفان شاہد نے مفاہمت پر دستخط کئے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر کلثوم پراچہ کا کہنا تھا کہ یہ معاہدہ تحقیق اور تعاون کے لیے دونوں فریقوں کے عزم کی نشاندہی کرتا ہے کہ مستقبل قریب میں دونوں ادارے طب کی دنیا میں فلاح انسانیت کے لئے ملکر کام کریں گے یہ معاہدہ کثیر جہتی ہے جس میں پروڈکشن کی تیاری اور اس کی پبلسٹی، ایجادات، ٹریننگ اور، تربیتی اقدامات، اور انٹرن شپ کے مواقع پیدا کرنا شامل ہے یہ تعاون ویمن یونیورسٹی کے شعبہ فارمیسی کے لیے خاص اہمیت رکھتا ہے، کیونکہ یہ صنعت کے عملی روابط کو فروغ دینے اور ان کے تعلیمی حصول کے حقیقی دنیا کے اطلاق کو بڑھانے کے لیے ایک منفرد راستہ فراہم کرتا ہے۔ انہوں نے قومی اور بین الاقوامی سطح پر مختلف بیماریوں کے خلاف طبی علاج کی تاثیر کا جائزہ لینے کے لیے ایک مضبوط نگرانی کے فریم ورک کی اہمیت کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ عوامی لیب کے سی ای او ڈاکٹر عرفان شاہد نے اس معاہدے کو سراہتے ہوئے کہا کہ دونوں ادارے صحت اور اس سے جڑی مسائل کے حل کے لئے کوششیں کریں گے۔ ہمیں یقین ہے اس کے مثبت اثرات سامنے آئیں گے اس موقع پر رجسٹرار پروفیسر ڈاکٹر میمونہ خان، ڈائریکٹر اوورک ڈاکٹر کنول رحمان، مختلف شعبوں کی سربراہ بھی موجود تھیں۔

پاک فوج کے شہداء کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، امجد فاروق

بدوملہی (نامہ نگار) پاک فوج کے شہداء کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا پوری قوم اپنی فوج کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ ان خیالات کا اظہار یوسی بدوملہی کے سابق چیئرمین چودھری امجد فاروق گجر نے اپنے ڈیرے پر مقامی صحافیوں سے بات چیت کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ ملکی دفاع کے لیے پاک فوج کا کردار قابل تعریف ہے۔ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے پاک فوج کے جوانوں کی عظیم قربانیاں ناقابل فراموش ہیں۔ پاک فوج کے شہداء کا خون کبھی کسی صورت رائیگاں نہیں جائے گا۔ وہ دن دور نہیں جب ملک پاکستان سے دہشت گردی کا مکمل طور پر خاتمہ ہوجائے گا۔ ہمیں چاہیے کہ ملک سے دہشت گردی کے خاتمے کے لیے اپنی مسلح افواج کے ساتھ ہمہ وقت کھڑے رہے تاکہ ملک دشمن عناصر کا خاتمہ ممکن ہوسکے۔

نواز شریف دور میں ملکی معیشت ترقی کر رہی تھی، علی زاہد

عمران نیازی نے نہ گھر دیئے اور نہ ہی لوگوں کی روزگار دیئے



بدوملہی (نامہ نگار) عمران نیازی نے ایک کروڑ نوکریاں دینے اور پچاس ہزار گھر بنانے کا وعدہ کیا تھا مگر ناہی گھر بنے اور نہ کوئی نوکریاں دی گئیں بلکہ کئی لوگوں کو بے روزگار کیا مسلم لیگ (ن) کا دور حکومت سنہری تھا ملکی معیشت ترقی کر رہی تھی کیا ضرورت تھی حکومت گرانے کی اور میاں نواز شریف کو اپنے بیٹے سے تنخواہ نہ لینے پر سزا دی گئی تو ملکی معیشت ڈوبنے لگی میاں نواز شریف واحد سیاستدان ہیں جن کو چار پشتوں سے احتساب کیا گیا ان خیالات کا اظہار سابق وفاقی پارلیمانی سیکرٹری علی زاہد خاں، مسلم لیگی رہنما وامیدوار حلقہ پی پی 41 رانا فیاض احمد، رانا محمد ریاض خاں آف شاہ حسین نے ڈھوڈا پسرور روڈ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ڈھوڈا پسرور روڈ کی تعمیر 4 کروڑ روپے کی لاگت سے کی جائے گی اس موقع پر مہمان گرامی کا والہانہ استقبال کیا گیا من مہمان گرامی پر پھولوں کی پتیاں نچھاور کی گئیں کارکنان نے ڈھول کی تاپ پر بھنگڑا ڈالا، آتشبازی کا شاندار مظاہرہ کیا اور گھوڑوں کا رقص ہوا تقریب میں ہزاروں لوگوں نے شرکت کرکے علی زاہد خاں اور رانا فیاض احمد خاں پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا۔

یوم دفاع کے سلسلہ میں فٹبال ٹورنامنٹ 2 سے 6 ستمبر کو ہوگا، سپورٹس آفیسر

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) ڈویژنل سپورٹس آفیسر گوجرانوالہ نے بتایا ہے کہ یوم دفاع 2023 کے سلسلہ میں انٹر سکول فٹ بال ٹورنامنٹ جو کہ 2 سے 6 ستمبر فٹ بال گراؤنڈ پیپلز کالونی میں منعقد ہو رہا ہے۔ جس میں ضلع بھر کے سکولز کی فٹ بال کی بہترین ٹیمیں شرکت کر رہی ہیں۔ اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسر (فزیکل ایجوکیشن) نے بتایا ہے کہ 4 ستمبر کو قائداعظم ڈویژنل پبلک سکول گوجرانوالہ بمقابلہ گورنمنٹ ہائی سکول نمبر 1 کا مونگی ہوا جو قائداعظم ڈویژنل پبلک سکول نے 3-1 سے جیت لیا۔ دوسرا میچ گورنمنٹ جامع ہائی سکول گوجرانوالہ بمقابلہ گورنمنٹ ہائی سکول اولکھ بھائی کے ہوا۔

رواں سال دریائے ستلج میں میجر فلڈ ریسکیو آپریشن کیا، رضوان نصیر

قصور (بیورو رپورٹ) سیکرٹری ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ (ESD) ڈاکٹر رضوان نصیر نے کہا کہ ریسکیو 1122 نے رواں سال دریائے ستلج میں ایک تاریخی اور میجر فلڈ ریسکیو آپریشن کیا ہے جس میں 1632 ریسکیورز اور 414 ریسکیو کشتیوں نے بمعہ آپریٹرز حصہ لیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ریسکیو 1122 نے 6 جولائی سے 3 ستمبر 2023 تک دریائے ستلج کے زیر آب علاقوں سے 310383 سیلاب متاثرین کو بروقت ریسکیو خدمات فراہم کیں جن میں 874,17 جانور بھی شامل تھے۔ 16 اگست 2023 کو دریائے ستلج میں اونچے درجے کے سیلاب کے دوسرے ریلے میں ضلعی حکومت کے ساتھ مل کر بروقت انخلاء اور زیر آب علاقوں میں غیر ضروری نقل و حرکت کو محدود کرنے کی وجہ سے کوئی قابل ذکر اموات کی اطلاعات موصول نہیں ہوئیں۔ صرف چھ افراد نے اپنی ہی کوتاہی اور لاپرواہی کی وجہ سے جان گنوائی۔

صحافت ریاست کا چوتھا ستون ہی نہیں معاشرے کا عکس بھی ہے، حامد رضا

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) صحافت ریاست کا چوتھا ستون ہی نہیں معاشرے کا عکس بھی ہے (ملک حامد رضا جنرل سیکرٹری ڈسٹرکٹ پریس کلب) صحافت ریاست کا چوتھا ستون ہی نہیں بلکہ معاشرے کا عکس بھی ہے۔ معاشرے کی اصلاح اور بگاڑ میں اس کا کردار انتہائی اہم ہے ملک حامد رضا نے کہا کہ میڈیا پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ منفی ذہن کے رجحانات اور منفی ذہن کی شخصیات کی حوصلہ شکنی کرے تاکہ ملک وقوم کا مثبت امیج ابھر کر سامنے آئے۔ تنقید برائے تنقید ہی نہیں بلکہ تنقید برائے اصلاح ہونی چاہئے۔ جو قوم میں اپنے اسلاف اور تاریخ کو یاد رکھتے ہیں تاریخ بھی انہیں یاد رکھتی ہے اور انہیں بام عروج پر پہنچنے سے کوئی نہیں روک سکتا۔

دہشتگردی کیخلاف اجتماعی کوششوں کی ضرورت ہے، حامد سرفراز قادری

اولیاء کرام اپنی تعلیمات سے ہمیشہ امن ومحبت کے پیغام کو فروغ دیا

سمندری (تحصیل رپورٹر) بانی ومہتمم دارالعلوم غوثیہ رضویہ رشد ایمان ڈجکوٹ مبلغ اسلام پیر محمد حامد سرفراز قادری نے کہا ہے کہ دہشت گردی کیخلاف اجتماعی کوششوں کی ضرورت ہے۔ اولیاء کرام اپنی تعلیمات سے ہمیشہ امن ومحبت کے پیغام کو فروغ دیا۔ برصغیر پاک وہند میں اسلام کی ترویج فروغ میں اولیا کرام نے اہم کردار ادا کیا۔ تقریبا ایک ہزار سال قبل شہر لاہور میں حضرت داتا گنج بخشؒ نے اپنے کردار سے لاکھوں لوگوں کو اسلام قبول کرایا انہوں نے کہا کہ اولیاء کرام ہی وہ ہستیاں ہیں جنہوں نے دین اسلام کی تعلیمات کی روشنی سے اپنے کردار منور کئے۔ اولیاء اللہ نے اپنی زندگی رضا الٰہی اور حضور اکرمؐ کی محبت اور مخلوق کی خدمت کیلئے وقف کی ہوتی ہیں۔ اولیاء کرام کا جینا اور مرنا اللہ تعالیٰ کیلئے ہوتا ہے۔ بزرگان دین نے ہمیشہ حسن سلوک، انسانیت سے محبت، معاشرے میں امن ومحبت اور بھائی چارے کے فروغ کیلئے عملی کردار ادا کیا لہٰذا ہمیں بزرگان دین کی تعلیمات سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے معاشرے میں امن ومحبت کو فروغ دیکر ایک پرامن معاشرے کی تشکیل میں اپنا کلیدی کردار ادا کرنا ہوگا۔

ڈپٹی کمشنر کا بابا بلھے شاہ ڈسٹرکٹ ہسپتال، گورنمنٹ ایم سی گرلز ہائی سکول کا دورہ

قصور (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر محمد ارشد بھٹی کا بابا بلھے شاہ ڈسٹرکٹ ہسپتال اور گورنمنٹ ایم سی گرلز ہائی سکول کا اچانک دورہ، ڈاکٹرز و پیرامیڈیکل سٹاف کی حاضری، مریضوں کو دی جانیوالی طبی سہولیات اور سکول میں تعلیمی معیار و دیگر انتظامات کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر قصور محمد ارشد بھٹی کا بابا بلھے شاہ ڈسٹرکٹ ہسپتال اور گورنمنٹ ایم سی گرلز ہائی سکول شہباز خاں روڈ کا اچانک دورہ، ہسپتال میں ڈاکٹرز و پیرامیڈیکل سٹاف کی حاضری اور مریضوں کو دی جانیوالی طبی سہولیات اور سکول میں تعلیمی معیار اساتذہ و عملے کی حاضری اور صفائی ستھرائی کو چیک کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے بابا بلھے شاہ ڈسٹرکٹ ہسپتال کی ایمرجنسی وارڈ، میڈیکل وارڈ، آؤٹ ڈور وارڈ، بچہ وارڈ، کینٹین سمیت ہسپتال کے دیگر حصوں کا دورہ کرکے وہاں پر ڈاکٹرز و پیرامیڈیکل سٹاف کی حاضری، صفائی ستھرائی اور مریضوں کو دی جانیوالی طبی سہولیات کو چیک کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے سٹور روم میں میڈیسن کی دستیابی اور طبی آلات کے مکمل فعال ہونے کا جائزہ لیا۔

احتساب کسی کا نہیں 14 جماعتی ٹولے کا ہونا چاہیے، افضال حیدر

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) سیاسی وسماجی رہنما میاں افضال حیدر نے کہا ہے کہ احتساب کسی کا نہیں 14 جماعتی ٹولے کا ہونا چاہیے ملک میں جاری مہنگائی کی لہر اور معیشت کی تباہی کا ذمہ دار یہی ٹولہ ہے اربوں روپے کی کرپشن کرنے والے لندن میں بیٹھ کر ایک بار پھر پاکستان پر حکمرانی کی پلاننگ کر رہے ہیں ان کی حکمت عملی سے اور پالیسیوں کی بدولت پاکستان کی معیشت تباہ، مہنگائی کا جو طوفان بپا اور عام آدمی کا جینا مشکل ہوا ہے جبکہ پڑھا لکھا طبقہ ملک چھوڑنے پر مجبور ہوگیا ہے پہلے غریب کا جینا مشکل تھا آج عام پاکستانی بھی دو وقت کی روٹی سے مجبور ہے جبکہ تباہی کے ذمہ دار بیرون ملک فرار ہوگئے ہیں۔

نجی سکول میں جشن آزادی کی شاندار الوداعی تقریب

گاؤں کے بچے ٹیلنٹ، پرفارمنس کے اعتبار سے کم نہیں ہیں، اسسٹنٹ کمشنر

فیصل آباد (افشاں بتول) گزشتہ روز دارالاحسان پبلک سکول، لٹریسی سکول اور مقامی این جی او پائنیر ویلفیئر ارگنائزیشن بھوانہ کے زیراہتمام محمدیہ کالونی موضع مظہر کے میں جشن آزادی کی شاندار الوداعی تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ اس موقع پر سکول کے طلبہ وطالبات نے شاندار ملی نغمے اور تقاریر پیش کیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مہمان خصوصی اسسٹنٹ کمشنر بھوانہ طارق محمود گوندل نے کہا کہ اس گاؤں کے بچے ٹیلنٹ اور پرفارمنس کے اعتبار سے شہر کے بچوں سے کم نہیں ہیں۔ انہوں نے طلبہ کی کارکردگی کو سراہا اور حوصلہ افزائی کی۔ اس موقع پر سابق یوسی چیئرمین چوہدری سرفراز غازی، چوہدری سلطان گجر واپڈا یونین سیکرٹری ملک احسان اللہ نے بھی خطاب کیا۔ مقررین نے فری سکول اپنی مدد آپ کے تحت چلانے پر محمد یاسین اعوان کو سراہا۔ سکول کے منتظم محمد یاسین اعوان نے کہا کہ محدود وسائل میں اس بے سکول کی صورت ہم اس پسماندہ گاؤں میں تعلیم کے لیے کوشاں ہیں۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ اس گاؤں میں مڈل لیول تک سرکاری سکول بنایا جائے۔

المصطفیٰ ویلفیئر سوسائٹی کی طرف سے

مزدور طبقہ احباب کیلئے دسترخوان

جڑانوالہ (نامہ نگار) جڑانوالہ المصطفیٰ ویلفیئر سوسائٹی کی طرف سے مزدور طبقہ احباب کے لیے دسترخوان کا اہتمام۔ تفصیلات کے مطابق المصطفیٰ ویلفیئر سوسائٹی جڑانوالہ (فیصل آباد) کی طرف سے مزدور طبقہ احباب کے لیے دسترخوان کا اہتمام کیا گیا جس میں 200 سے زائد احباب نے کھانا تناول فرمایا۔ دسترخوان کا افتتاح حاجی محمد سرور شاکر سرپرست المصطفیٰ، سردار ریاست ڈوگر، غلام دستگیر چشتی اور شیخ محمد عثمان رضا نے کیا۔ اس موقع پر ممبران المصطفیٰ ویلفیئر سوسائٹی جڑانوالہ رانا اشتیاق احمد صدر، ملک محمد نعیم وفا، حاجی محمد شعیب ودیگر نے شرکت کی۔

ایس پی بلال سلہری اور ڈسٹرکٹ انچارج سی ٹی ڈی کا کگڑاں چرچ کا دورہ



جڑانوالہ (نامہ نگار) ایس پی ڈویژن بلال سلہری اور ڈسٹرکٹ انچارج سی ٹی ڈی جمشید چشتی نے ممبران امن کمیٹی کے ہمراہ 71 گ ب کگڑاں چرچ کا دورہ کیا۔ تفصیلات کے مطابق ایس پی ڈویژن بلال سلہری اور ڈسٹرکٹ انچارج سی ٹی ڈی جمشید چشتی نے دورہ کرتے ہوئے ہمراہ ممبران امن کمیٹی تحصیل جڑانوالہ میاں وقاص خالد، میاں وسیم طارق، مولانا فضل رسول رضوی، ملک عبدالخالق، بین المذاہب امن کمیٹی کے ممبران پیر عبدالرحمان قادری، حافظ شاہد اشرف، طاہر محمود سیالوی، ملک سکندر حیات ڈکی، غلام مصطفی الیکشن سیل پی پی 105 نے کہا کہ مسیحی برادری نے پہلے بھی ملک کی تعمیر وترقی میں حصہ ڈالا قرآن پاک کی بے حرمتی کی پرزور مذمت کیا اور اقلیتوں کے حقوق پر روشنی ڈالی اور 16 اگست کو جڑانوالہ میں ہونیوالی توڑ پھوڑ اور پادری کو فائر سے زخمی کرنے کی بھرپور مذمت کی۔ ایس پی بلال محمود سلہری نے کہا ہم تمام مسیحی بھائیوں کے دکھ درد میں شریک ہیں اور اپیل کی کہ جڑانوالہ پولیس آپکی حفاظت کے لیے ہر پل موجود ہے میں اپنی پوری ٹیم کے ہمراہ اپنے مسیحی بھائیوں کی دل جوئی کے لیے آیا ہوں۔

مثبت صحافت سے معاشرتی نظام میں بہتری کیلئے تمام صحافیوں کو کردار ادا کرنا ہوگا، مرزا عارف صدیق

سانگلاہل (تحصیل رپورٹر) مثبت صحافت سے معاشرتی نظام میں بہتری کے لیے تمام صحافیوں کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا شہری مسائل کو اجاگر کرنے میں ہمیشہ پرنٹ، الیکٹرانک میڈیا نے اپنا بھرپور اور مثبت کردار ادا کیا ہے ان خیالات کا اظہار سینئر جرنلسٹ مرزا عارف صدیق نے پریس کلب تحصیل سانگل (رجسٹرڈ) کے زیراہتمام ورکشاپ میں جرنلسٹس ساتھیوں کے ساتھ گفتگو کرتے ہوئے کیا، سرپرست اعلیٰ پریس کلب تحصیل سانگلہ (رجسٹرڈ) مرزا عارف صدیق نے کہا کہ اداروں میں لوٹ کھسوٹ اور کرپشن کرنے والوں کا محاسبہ کرنا ہمارے صحافیوں کی اولین ترجیح ہے صحافت کا اصل مقصد معاشرتی مسائل کو حل کروانا اور عوام کو بنیادی حقوق دلوانا ہے اور بہتر سے بہتر انداز میں اپنے فرائض منصبی سرانجام دینا ہے اس میں صحافی کو چاہے کتنی ہی مشکلات اور دشواریوں کا سامنا کیوں نہ کرنا پڑے صحافت میں پڑھے لکھے نئے صحافیوں کا آنا خوش آئند ہے۔

سرکاری دفتروں کو جانیوالا واحد روڈ جوہڑ کی شکل اختیار کر گیا

WELCOME
pepsi

شاہکوٹ (رحمن یٰسین) تحصیل شاہکوٹ میں ٹریفک دفتر اور گاڑیوں کی پاسنگ کا دفتر پبلک ہیلتھ آفس اور شہرت یافتہ تعلیمی ادارہ (رفا کالج) تو بن گیا لیکن دفتر میں جانے والا واحد راستہ سیوریج کی نکاسی نہ ہونے کی وجہ سے مکمل طور بند ہے گندے پانی سے گزر کر دفتر جانا شہریوں کی مجبوری بن گیا انتظامیہ کو بار بار نشاندہی کروانے کے باوجود بھی اس کا کوئی حل نہ نکل سکا بارش کے موسم میں تو بلکل بھی ادھر سے گزرنا مشکل نہیں نہ ممکن ہوگیا ہے روڈ جوہڑ کی شکل اختیار کر چکا ہے۔ حکام بالا سے پرزور اپیل ہے کہ اس معاملے پر خصوصی توجہ دی جائے اور سیوریج کے پانی کا مناسب بندوبست کرکے روڈ کلیئر کروایا جائے۔

ایڈیٹوریل
DAILY QUWAT

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

ملک گیر ہڑتال

مسلسل بڑھتی ہوئی تباہ کن مہنگائی خصوصاً بجلی کے نرخوں میں متواتر ہولناک اضافے سے تنگ آئے ہوئے کروڑوں پاکستانی شہریوں نے گزشتہ روز ملک بھر میں شٹر ڈاؤن ہڑتال اور مظاہرے کر کے اپنا بھرپور احتجاج ریکارڈ کرایا۔ میڈیا رپورٹوں کے مطابق جماعت اسلامی اور تاجر تنظیموں کی جانب سے مہنگائی اور بجلی کے ہوشربا بلوں کے خلاف ہڑتال کے اعلان پر کراچی، لاہور، پشاور، کوئٹہ، اسلام آباد، راولپنڈی، حیدرآباد، سکھر، ٹھٹھہ، بدین، جیکب آباد، میرپور خاص، گوجرانوالہ، مردان، دیر سمیت ملک کے بیشتر شہروں میں بازار و تجارتی مراکز بند اور ٹریفک بھی معمول سے کم رہی۔ کراچی میں تمام اہم تجارتی مراکز، پٹرول پمپ اور ہوٹل بند رہے جبکہ ریڈ بس سروس بھی معطل رہی۔ شہر شہر احتجاج کی وجہ سے نظام زندگی شدید طور پر متاثر ہوا۔ کئی مقامات پر مشتعل مظاہرین نے دھرنا دے کر سڑکیں بند کردیں، مہنگائی اور حکومت کے خلاف نعرے لگائے، نیشنل ہائی وے پر ٹائر جلائے گئے۔ مختلف شہروں میں تاجر اور وکلا بھی احتجاج میں شامل ہوگئے۔ تاجروں نے دھمکی دی ہے کہ بجلی نرخوں میں کمی نہ ہوئی تو لمبی ہڑتال پر جاسکتے ہیں۔ خیرپور میں قوت گویائی سے محروم افراد نے بھی پلے کارڈ اٹھا کر احتجاج کیا۔ وکلاء نے ہڑتال کی حمایت کرتے ہوئے عدالتی کارروائی کا بائیکاٹ کیا۔ بلاشبہ بجلی کے نرخوں میں یوں بے لگام اضافوں نے مہنگائی کے سیلاب میں اس قدر شدت پیدا کر دی ہے کہ غریب ہی نہیں اعلیٰ متوسط طبقے تک کے لئے گھر چلانا محال ہوگیا ہے۔ بجلی کے بلوں میں ایسے ٹیکس شامل کر دیے گئے ہیں جن کا کوئی جواز پیش کرنا ممکن نہیں۔ نگراں وزیر اعظم نے پچھلے چند روز میں مسئلے کا حل تلاش کرنے کیلئے متعلقہ حکام کے کئی ہنگامی اجلاس منعقد کیے لیکن کوئی مؤثر لائحہ عمل سامنے نہیں آسکا بلکہ وزارت توانائی کے مطابق آئندہ چند روز میں جاری ہونے والے اگست کے بلوں میں بجلی کی قیمت 89 اعشاریہ 33 روپے تک جا پہنچے گی۔ جماعت اسلامی کے سینیٹر مشتاق احمد خان نے جیو ٹی وی کے پروگرام میں یہ خبر ایک ہفتے پہلے ہی سنا دی تھی کہ ستمبر کے بلوں میں فی یونٹ چارجز 90 روپے تک پہنچ جائیں گے۔ شہریوں پر مہنگائی کا بوجھ لادتے چلے جانے پر حکمرانوں کی جانب سے محض آئی ایم ایف کی سخت شرائط کا عذر پیش کر کے بری الذمہ ہو جانے کی کوشش کرنا کسی مسئلے کا حل نہیں بلکہ یہ طرز عمل حالات کو انارکی، تباہ کن احتجاج اور فسادات کی جانب دھکیلنے کا سبب بن سکتا ہے اور موقع کی تاک میں رہنے والی ہماری بقاو سلامتی کی دشمن طاقتیں اس صورت حال کو اپنے مقاصد کیلئے استعمال کر سکتی ہیں۔ لہٰذا مسئلے کے حل کیلئے اشرافیہ کو حاصل مفت بجلی گیس پٹرول وغیرہ کے خاتمے سمیت سامنے آنے والی تجاویز کا سنجیدگی سے جائزہ لے کر مزید کسی تاخیر کے بغیر عملی اقدامات شروع کیے جانے چاہئیں۔ سینیٹر مشتاق احمد خان کی تجاویز خصوصاً حکومت کی فوری توجہ کی متقاضی ہیں جن میں کہا گیا ہے کہ گھریلو صارفین کیلئے 200 کے بجائے 300 یونٹ کی رعایتی حد مقرر کی جائے اور اس حد کے اندر نرخ 16 روپے فی یونٹ رکھا جائے۔ اس سے 2 کروڑ 43 لاکھ صارفین کو فائدہ پہنچے گا جبکہ اس رعایتی حد کا مجموعی خرچ سالانہ 326 ارب روپے بنتا ہے۔ فوج کے 2000 ارب روپے کے بجٹ میں سے 100 ارب روپے لیے جائیں، پی ایس ڈی پی کے 1500 ارب روپے کے بجٹ میں سے 100 ارب روپے لیے جائیں اور خسارے میں چلنے والے اداروں کیلئے مختص 350 ارب روپے سے بھی 100 ارب لے لیے جائیں۔ سینیٹر مشتاق خان کے بقول ان اقدامات سے اتنے مالی وسائل فراہم ہو جائیں گے کہ آئی ایم ایف کے پاس جانے کی ضرورت نہیں پڑے گی۔ اس کے آسان قرضوں کے ذریعے سے ساتھ ساتھ سولر سسٹم کے فروغ کیلئے بھی ہر ممکن کوشش ناگزیر ہے۔

بریکیں فیل اور جنت کے ٹھیکیدار

میری بات
روہیل اکبر
www.facebook.com/Rohailakbar
03004821200
E-mail: rohailakbar@gmail.com

سانحہ جڑانوالہ کی خوفناک رپورٹ آگئی اس پر بات کرنے سے قبل موجودہ حالات کو دیکھ ایسا محسوس ہو رہا ہے کہ حکومت کا ملک پر کنٹرول ختم ہوگیا اور معیشت کے بریک فیل ہو چکے ہیں قیمتوں کا تعین بھی کاروباری حضرات اپنی مرضی سے کرنا شروع ہو چکے ہیں چینی کی قیمت ڈبل سینچری سے بھی آگے نکل چکی ہے بجلی کے بلوں نے ہی جینا مشکل کر دیا ہے ابھی تو پیٹرول اور بجلی میں اضافے کے بعد جو اشیائے خوردونوش کی قیمتوں میں اضافہ ہوگا اس سے تو سانس لینا بھی مشکل ہو جائیگا ہمارے پڑوسی ممالک میں بجلی پاکستان سے سستی ہے بھارت نے چاند پر قدم رکھ دیا اور ہمارے ہاں پٹرول اور ڈیزل مافیا نے ہماری گردن پر قدم رکھا ہوا ہے اسی مہنگائی اور بے روزگاری کے باعث آج ملک میں دس کروڑ لوگ خط غربت سے نیچے ہیں تین کروڑ بچے سکولوں سے باہر ہیں اسی فیصد عوام کو صاف پانی تک دستیاب نہیں لوگوں کے لیے بچوں کو پڑھانا انہیں کھلانا اور والدین کا علاج کروانا ناممکن ہوگیا ہے بجلی بلوں میں سولہ اقسام کے ٹیکسز شامل ہیں عوام کی سانسوں کے علاوہ ہر چیز پر ٹیکس ہے خدشہ ہے کہیں سانس لینے پر بھی ٹیکس نہ لگ جائے ان حالات میں جب غریب انسان کا جینا مشکل ہو جائے تعلیم مہنگی ہو جائے اور روزگار ختم ہو جائے تو پھر بچے سکولوں میں جانے کی بجائے کہیں کام دھندے پر جائیں گے تاکہ وہ بھی اپنے نہتے والدین کا سہارا بن سکیں یہاں پڑھے لکھوں کا جو حشر ہے وہ بھی سب کے سامنے ہے ابھی پنجاب کی جیلوں میں بھرتیاں ہو رہی ہیں میٹرک پاس والوں کی سیٹوں پر ایم اے اور ایم ایس سی لڑکوں نے درخواستیں جمع کروا رکھی ہیں ایسی خطرناک معاشی صورتحال میں پنجاب حکومت نے 15 سال سے کم عمر بچوں سے مشقت والے کام کروانے پر پابندی عائد کردی گئی یہ اچھا اقدام ہے اس سے بچوں کے مشقت والے کام کرنے کی حوصلہ شکنی ہوگی یہ پابندی آج سے تھوڑی ہے مگر اس پر عمل درآمد آج تک نہیں ہوا یہ سب باتیں صرف ہوا میں کی جاتی ہیں پنجاب کے ہر شہر، قصبے اور گاؤں میں بھی کم عمر بچوں سے مشقت والا کام لیا جاتا ہے بلکہ ہمارے بعض تعلیمی اداروں میں اساتذہ کرام بچوں سے باقاعدہ مزدوروں والا کام بھی لیتے ہیں صوبے سے چائلڈ لیبر کے خاتمے کے لئے سیکرٹری لیبر فیصل فرید پر عزم ہیں لیکن انکے احکامات پر عمل کس حد تک ہوتا ہے یہ اب دیکھنے کی باتیں ہیں چائلڈ لیبر کا خاتمہ وقت کی ضرورت لیکن اسکے ساتھ ساتھ حکومت پڑھنے والے بچوں کو ماہانہ کچھ نہ کچھ رقم بھی دے سعودی عرب امیر ترین ملک ہے وہاں کے لوگ بھی خوشحال ہیں اور دنیا بھر سے لوگ وہاں روزگار کی تلاش میں جاتے ہیں وہاں پر سرکاری سکول میں پڑھنے والے بچے کو حکومت کی طرف سے 2 سو ریال دیے جاتے ہیں اور بے روزگار کو ماہانہ الاؤنس دیا جاتا ہے ہمارے ہاں نہ روزگار ہے اور نہ ہی سرمایہ ہے اوپر سے تعلیمی نظام نے عام انسان کی چیخیں نکال رکھی ہیں رہی سہی کسر خوراک نے پوری کر دی ہے جس سے بچوں کی ذہنی نشونما ہی نہیں ہو رہی گھروں میں ٹینشن کا ماحول ہے ایسے حالات میں والدین خود تو کام کرتے ہی ہیں ساتھ میں انکے بچے بھی کہیں نہ کہیں کام کرتے ہوئے نظر آتے ہیں بچوں سے یاد آیا کہ کراچی کے علاقے بلدیہ ٹاؤن میں دو روز قبل گٹر میں گر کر جاں بحق ہونے والی 4 سالہ بچی عمرہ کی ماں نے حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ مجھے کچھ نہیں چاہیے بس گٹر کے ڈھکن لگا کر کسی اور ماں کی گود اجڑنے سے بچالیں شہر قائد میں کھلے ہوئے گٹر آئے روز جان لیوا حادثات کا سبب بن رہے ہیں مگر انتظامیہ اس معاملے کا ملبہ نجی حضرات پر ڈال دیتی ہے یا پھر وسائل کی کمی کا رونا رو کر ایک طرف ہو جاتی ہے کراچی کے علاقے ملیر میمن گوٹھ میں 14 اگست کو ڈھائی سالہ بچہ کھلے گٹر میں گر کر جاں بحق ہوا مگر انتظامیہ کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگی اس سانحہ کے 16 دن بعد بلدیہ مواچھ گوٹھ میں 4 سالہ بچی عمرہ بلوچ بھی کھلے گٹر میں گر کر جاں بحق ہوئی اس وقت بھی کراچی جیسے بڑے شہر میں گٹروں سے سینکڑوں ڈھکن غائب ہیں جہاں آئے روز کوئی نہ کوئی گرا ہوتا ہے اگر پورے سندھ کی صورتحال دیکھیں تو انتہائی مایوس کن صورتحال ہے سندھ کے مقابلہ میں پنجاب میں یہ صورتحال نہیں نگران وزیر اعلی محسن نقوی نے ہسپتالوں کے ساتھ ساتھ واسا والوں کو بھی کام پر لگایا ہوا ہے لیکن سندھ میں صورتحال خراب ہے سندھ یونائیٹڈ پارٹی کے صدر سید زین شاہ بھی اسی حقیقت سے پردہ اٹھاتے ہوئے کہتے ہیں کہ گذشتہ 15 سالوں سے سندھ پر قابض پیپلز پارٹی کی خراب حکمرانی کی وجہ سے آج سندھ میں ڈاکوؤں، قاتلوں، وڈیروں اور بدعنوان افسران کا راج قائم ہے حکومت اور سکیورٹی ادارے سندھ کی عوام کے صبر کا امتحان لے رہے ہیں۔ سانحہ جڑانوالہ سے متعلق بھی رپورٹ آگئی ہے جس میں فیصل آباد پولیس کا دعوی ہے کہ سانحہ کی اصل وجہ جڑانوالہ میں 2 مسیحی افراد کی ذاتی رنجش کے باعث رونما ہوا ملزم پرویز مسیح کو عمیر عرف راجہ اور اپنی بیوی پر ناجائز تعلقات کا شک تھا ملزم پرویز مسیح کی جانب سے عمیر کو قتل کرانے کی کوشش بھی کی گئی اور اس سلسلے میں اس نے ایک اجرتی قاتل کو پیسے اور موٹر سائیکل بھی فراہم کی تاہم قتل کی کوشش کامیاب نہ ہوسکی جس میں ناکامی کے بعد ملزم پرویز نے توہین قرآن کی گھناؤنی سازش کی اور اس سازش میں اس کے ساتھ مزید دو افراد بھی شامل تھے پرویز مسیح نے عمیر کے نام سے توہین آمیز خط لکھا اور بے حرمتی کی جسے دیکھ وہاں کے لوگ مشتعل ہوگئے اور اس کے نتیجے میں مسیحی بستیوں میں گھر اور چرچ نذر آتش ہوئے اس وقت ملزم پرویز مسیح اور عمیر راجہ سمیت 3 افراد زیر حراست ہیں یہ افسوس ناک واقعہ گزشتہ ماہ 16 اگست کو جڑانوالہ میں پیش آیا تھا جہاں توہین مذہب کے الزامات کی پاداش میں مسیحی بستیوں میں گھر اور چرچ کو نذر آتش کیا گیا تھا ان باتوں سے مجھے یاد آیا کہ مظفر گڑھ کی رہائشی مختاراں مائی کیس کے جب ملک بھر میں چرچے تھے تو اسکے بعد میرے ایک دوست رائے ضمیر وہاں ڈی پی او تعینات ہوئے انہوں نے ایک دن باتوں ہی باتوں میں بتایا کہ لوگ ایک دوسرے سے انتقام کی خاطر اپنی عورتوں کی بھی بدنامی کروانے پر تیار رہتے ہیں جھوٹی درخواستوں کی بھر مار ہے اور ان میں سے فیصلہ کرنا مشکل ہو جاتا ہے کہ سچا کون اور جھوٹا کون اور جڑانوالہ واقعہ بھی اسی انتقامی کاروائی کا نتیجہ ہے کہ جان بوجھ کر مسلمانوں کے جذبات کو ہوا دیکر اپنے جذبات کی تسکین ایسے افراد قابل معافی نہیں انہیں قرار واقعی سزا ملنی چاہیے خاص کر بطور مسلمان ہمیں بھی سوچ سمجھ کر فیصلہ کرنا چاہیے کہ اس کام میں کسی دشمن کی چال تو نہیں جنت میں جاتے جاتے کہیں دوزخ میں ہی نہ چلے جائیں اس سلسلہ میں نگران وزیر مذہبی امور انیق احمد کی باتیں بھی دل کو لگتی ہیں کہ قوم کو مایوسی سے نکالنا ہے مایوسی کفر ہے اور جنت کے ٹھیکیدار ہم نہیں یہ اللہ کا معاملہ ہے۔

دوگز زمیں

Jamhoor Ki Aawaz
جمہور کی آواز
ایم سرور صدیقی
Jamhoor.news@gmail.com

درویش کے چہرے پر عجب نور تھا اس کی باتیں دل میں ترازو ہو جاتیں اسی لئے ان کے عقیدت مندوں کی تعداد میں برابر اضافہ ہوتا چلا جارہا تھا سیاست، مسلک اور غیر ضروری امور اور متناعہ باتوں سے بالاتر ہو کر صرف انسانیت کی خیر خواہی ان کا مقصود تھا اسی لئے ہر عقیدے اور مختلف مذاہب سے تعلق رکھنے والے بلا جھجک ان کی مجلس میں آجایا کرتے تھے۔ درویش نے حاضرین پر ایک نظر دوڑائی اور بڑے دل سوز لہجے میں کہا کبھی بے کار مشاغل سے جان چھڑائیں تھوڑی سی فرصت نکالیں دل و دماغ کی کھڑکیاں کھول کر سوچئے تاریخ میں زندہ رہنے والے انسان کیسے ہوتے ہیں؟ آدم علیہ اسلام سے شروع کریں اب تک کھرب ہا انسان اس دنیا میں آئے اپنی زندگی گزاری اور مر گئے بیشتر کی قبروں کے نشانات بھی نہیں ملتے قبرستان جائیں وہاں عبرت کا ایک جہان آباد ہے وہاں ایسے لوگوں کی قبریں ہوں گی کبھی خوبصورتی جن پر ناز کرتی ہوگی، اصول پرست یا پھر اپنے اصولوں کے غلام، ظالم، کنجوس، دیوث، وحشی، جنسی درندے، امیر، غریب، بادشاہ، وزیر، مشیر سب خاک کے ساتھ خاک ہوگئے قبرستان میں ان لوگوں کی ہڈیاں بھی گل گئیں جو یہ سمجھتے تھے ہمارے بغیر یہ دنیا نہیں چل سکتی، طرح دار شوخ چنچل عورتیں جن کی ایک ایک ادا پر ہزاروں دل تھام کر آہیں بھرنے والے، یا ایسے لوگ جنہوں نے اس دنیا کو ایک طلسم خانہ بنا رکھا تھا یا جن کی ذات خود ایک طلسم تھی یا وہ جو نگار خانے کی رونق تھیں کچھ ایسی بھی تھیں جنکے دم قدم سے نگار خانے آباد تھے سوچنے کا مقام ہے وہ کہاں چلے گئے؟ ان کا حسن و جمال، طنطنہ، اختیار سب کا سب اب مٹی ہے نہ جانے کتنے آسمان زمین کا رزق بن چکے ہیں ہم محدود سوچ کے مالک کرۂ ارض کے حاکموں، محکوموں، اشرافیہ، کا احاطہ نہیں کر سکتے ہر شخص اس خوش فہمی میں ہے کہ وہ بڑا اہم ہے زندگی کی آخری سانسوں تک یہ وہم جان نہیں چھوڑتا ورنہ یہ مقولہ بیشتر لوگ اکثر دہراتے رہتے ہیں آج مرے کل دوسرا دن لیکن کوئی اس کی گہرائی میں نہیں جاتا کیا ہم سب کے لئے اس بات میں عبرت پوشیدہ نہیں کہ بڑے سے بڑا اہم، معتبر اور بڑے سے بڑا فرد اس دنیا کے لئے ناگزیر نہیں یقین نہ آئے تو قبرستانوں میں جا کر دیکھ لو کتنے بڑے بڑے آسمان زمین کا رزق بنے ہوئے ہیں اور ان کی قبریں حسرت و یاس کا مجموعہ ہیں۔ لیکن درویش نے اپنی انگشت شہادت ہوا میں لہراتے ہوئے کہا زندگی کا تسلسل، ایک انداز ایک زاویہ ہماری نگاہوں سے سامنے ہے لیکن بہت سے لوگوں سے اوجھل بھی ہے کیا آپ جانتے ہیں یقیناً جانتے ہی ہوں گے کہ ان مردوں میں سے ہزاروں ابھی "زندہ" ہیں حالانکہ درجنوں کی قبروں کے نام و نشان بھی نہیں ہوں گے کمال تو یہ ہے کہ ان کے تذکرہ کے بغیر تاریخ مکمل نہیں، کئی تو ایسے ہیں انہوں نے دنیا کا جغرافیہ بدل کر رکھ دیا، کئی کی داستانیں عرب و عجم میں مقبول ہیں وہ آج بھی ہر دلعزیز ہیں ان کے نام کی قسمیں کھائی جاتی ہیں یہ کون لوگ ہیں جن پر تاریخ ناز کرتی ہے، جو انسانیت کی آبرو ہیں، جن کا ذکر سننے سے راحت ہوتی ہے، دلوں کو سکون ملتا ہے، ہم ان کی مثالیں دیتے نہیں تھکتے۔۔۔تم نہیں جانتے تو جان لیجئے۔۔۔یہ لوگ وہ ہیں جن کے متعلق مسلمان پانچ وقت نماز کے دوران یہ دعا کرتے ہیں کہ یا باری تعالیٰ ہمیں سیدھے راستے پر چلا ان لوگوں کا راستہ جن پر تو نے اپنا فضل و کرم کیا۔۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ یہ کیوں حکم نہیں دیا گیا کہ یا اللہ ہمیں اپنے راستے پر چلا۔۔۔ صرف نیک، صالح لوگوں کا راستہ اپنانے کی کیوں ہدایت فرمائی یقیناً اس میں کوئی حکمت، کوئی راز یا کوئی رمز پوشیدہ ہے اس کا مطلب ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جن پر اپنا فضل و کرم کیا ان نیک، صالح لوگوں کا راستہ ہی صراطِ مستقیم ہے یہی لوگ ہمارے لئے مشعل راہ ہیں انہی کے متعلق کہا گیا ہے

ہاتھ ہے اللہ کا بندۂ مومن کا ہاتھ

ایسے اللہ والوں کی تعلیمات سے گتھیاں سلجھتی ہیں، زندگی کے حقیقی معانی آشکار ہوتے ہیں، ان کے ذکر و فکر سے نئی جہتیں، نئے جہاں آباد ہوتے ہیں لیکن کئی کچھ نہیں جانتے یاد رکھو ادھورا اور محدود علم جہالت ہے اور زیادہ علم فتنہ ہے اسی لئے نبیٔ آخر الزماں ﷺ اللہ کے حضور دعا فرمایا کرتے تھے اے اللہ مجھے نافع والا علم عطا فرما یہی آج کا المیہ ہے کہ معاشرے میں چند کتابیں پڑھنے والے آپے سے باہر ہو کر مخالفین پر فتوے لگانا شروع کر دیتے ہیں، کچھ نے تو سستی شہرت کے لئے ہر کسی میں کیڑے نکالنے کی روش اپنالی ہے کیونکہ چھوٹا آدمی بڑے پر تنقید ہی اسلئے کرتا ہے کہ وہ مشہور ہو جائے مشہور بندے کیلئے واردات کرنی آسان ہو جاتی ہے۔

درویش نے کہا ریاکاروں کی صحبت شخصیت کو تباہ کر کے رکھ دیتی ہے ستم ظریفی یہ ہے کہ ہمیشہ ریاکاروں نے مذہب کا لبادہ اوڑھ رکھا ہے جو قرآن مجید کی آیات اور حدیثِ مبارکہ کے مطالب اپنی صوابدید کے مطابق کر کے بھولے بھالے لوگوں کو گمراہ کرتے ہیں اسی لئے مسلمان تقسیم در تقسیم ہوتے چلے جا رہے ہیں اور عجیب و غریب عقائد کے فرقے وجود میں آرہے ہیں اب تو ایک ایک مسلک سے درجنوں نئے مسلک بنتے چلے جا رہے ہیں کوئی اختلاف کو برداشت نہیں کرتا اور اپنی ڈیڑھ اینٹ کی مسجد بنا کر بیٹھ جاتا ہے اللہ ہم سب کو ایسی خرافات سے محفوظ رکھے آپ خود غور کریں تحقیق کریں کہ نبی پاک ﷺ اور صحابہؓ اکرام کی تعلیمات و عقائد کیا ہیں؟ انہوں نے اخلاق، معاشرتی و معاشی رہنمائی کے لئے کیا اصول وضع کئے ہم ان کی کس حد تک پاسداری کر رہے ہیں؟ اللہ اور اس کے پیارے رسول ﷺ نے جھوٹ، ملاوٹ، چوری، ڈکیتی، غیبت، حق تلفی اور دیگر اخلاقی برائیوں سے منع فرمایا ہے ہم ان کے خلاف اپنا فعال کردار ادا کریں اللہ کے احکامات، اس کے رسول ﷺ کے اسوۂ حسنہ اور ان کے نیک صالح بندوں کی روشن مثالوں پر عمل پیرا ہو جائیں سنی سنائی باتوں پر توجہ نہ دیں سوچیں یہ کیوں حکم نہیں دیا گیا کہ یا اللہ ہمیں اپنے راستے پر چلا۔۔۔ اللہ وحدہٗ لاشریک نے صرف نیک، صالح لوگوں کا راستہ اپنانے کی کیوں ہدایت فرمائی یقیناً اس میں کوئی حکمت، کوئی راز یا کوئی رمز پوشیدہ ہے اس کا مطلب ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جن پر اپنا فضل و کرم کیا ان نیک، صالح لوگوں کا راستہ ہی صراطِ مستقیم ہے یہی لوگ ہمارے لئے مشعل راہ ہیں۔ کبھی کبھار قبرستان کا چکر بھی لگایا کریں دنیا کی بے ثباتی عیاں ہونے سے عبرت حاصل ہوتی ہے جائز ناجائز دولت کا حصول، لالچ، مکر و ریا سے دوسروں کی حق تلفی کرنے والوں کے لئے یہ پیغام ہے کہ انسان دنیا سے کچھ لے کر نہیں جاتا صرف میت کو کفن اور دو گز زمین ہی میسر آتی ہے وہ بھی قسمت والوں کا مقدر بنتی ہے ورنہ حسرت ہی رہ جاتی ہے

ہے کتنا بد نصیب ظفر دفن کے لئے
دو گز زمیں بھی نہ ملی کوئے یار میں

داتاؒ کے دیوانے

بزم درویش
پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی
help@noorekhuda.org

فون کھولا تو بلوچستان کے دور افتادہ علاقے بارڈر کے پاس سے کریم نظامی کا فون مسلسل آرہا تھا میں نے فون آن کیا تو نظامی صاحب کے مٹھاس بھرے ٹوٹے پھوٹے الفاظ سماعت کو صوفیانہ چاشنی کا احساس بخشنے لگے صوفیانہ مٹھاس میں بولے پروفیسر صاحب دو تین دن سے مسلسل آپ کو کال کر رہا ہوں آج فون لگا تو میں مسکرا کر بولا نظامی صاحب آپ کے فون سے پتہ چل گیا صفر کا مہینہ اور سید علی ہجویری کا سالانہ عرس مبارک ہے تو نظامی صاحب نے مزید سماعتوں میں رس گھولا آپ بجا فرما رہے ہیں شہنشاہ ولایت اولیا اللہ کے سردار سید علی ہجویری کا سالانہ عرس مبارک آگیا ہے اس سلسلے میں چند دن تک لاہور آرہا ہوں آپ کے خشک میوہ جات بھی لیتا آؤں گا اور بلوچستان سے کسی چیز کی ضرورت ہے تو ضرور حکم فرمائیں مجھے خوشی ہوگی آپ سے ملاقات بہت ضروری ہے میرا بیٹا آپ کی نئی کتاب کرشمہ نام کا ذکر کر رہا تھا جس کا اس کو اور مجھے بہت انتظار تھا آپ سے کتاب لینے حاضر ہوں گا پھر بہت ساری مٹھاس بھری باتیں کرنے کے بعد کریم نظامی صاحب کا فون بند ہو گیا نظامی صاحب سے میری پہلی ملاقات چند سال پہلے ہوئی جب وہ اسی طرح سید علی ہجویری کے سالانہ عرس مبارک پر لاہور تشریف لائے تھے ملاقات میں جب انہوں نے بتایا کہ وہ سید علی ہجویری کے بہت ماننے والے ہیں ان کے والد صاحب اور دادا جان پچھلے کئی سالوں سے سید علی ہجویری اور بابا فرید گنج شکر کے سالانہ عرسوں پر تواتر سے آرہے ہیں کریم صاحب کا خاندان صدیوں سے سلسلہ چشت میں حضرت نظام الدین اولیا کے خلیفہ سے بیعت ہے جب وہ روحانیت اور سلسلہ چشت کے ساتھ اپنی عقیدت اور وابستگی کا اظہار کر رہے تھے تو میں حیرت سے سن رہا تھا کہ پاکستان کے دور دراز علاقوں میں جہاں پر آج بھی جہالت کے سائے منڈلاتے ہیں کس طرح لوگ اولیا اللہ سے عقیدت وابستگی رکھتے ہیں میں نے جب اپنی حیرانی کا اظہار پہلی ملاقات میں کریم نظامی صاحب سے کیا تو پر جوش لہجے میں بولے میں ایک اسلامی مدرسے کو چلاتا ہوں ہمارے علاقے میں زیادہ تعداد روحانیت کے منکرین کی ہے لیکن پھر بھی وہاں پر اولیا اللہ اور سید علی ہجویری کے چاہنے والے عقیدت مند موجود ہیں کریم نظامی صاحب جب بھی آتے اپنے چند دوستوں یا مریدوں کے ساتھ آتے اسطرح یہ چھوٹا سا قافلہ شوق ہر سال بعد علی ہجویری کے سالانہ عرس میں ہزاروں میل دور سے اپنی عقیدت کا اظہار کرنے آتا ہے جس طرح کریم نظامی بلوچستان کے دور دراز علاقے سے سید علی ہجویری کو سلام کرنے آتے ہیں اسی طرح پاکستان سے بلکہ دنیا بھر سے سید علی ہجویری کے دیوانوں کا سیلاب عرس مبارک کے وقت مزار پرانوار پر غلاموں کی طرح حاضر ہو کر اپنی عقیدت و محبت کا گہرا اظہار کرتا ہے سید علی ہجویری کی پیدائش 400ھ غزنی افغانستان میں ہوئی آپ کا سلسلہ نسب براہ راست حضرت امام حسینؓ سے ملتا ہے سلطان محمود غزنوی کے دور حکومت میں اپنے مرشد ابوالفضل ختلی کے حکم پر 431ھ میں لاہور تشریف لائے تبلیغ اسلام کے لیے بہت ساری مشکلات کا سامنا کیا لوگ عقیدت سے سرشار آپ کو داتا گنج بخش کہا کرتے تھے لیکن آپ عاجزی سے ہمیشہ فرمایا کرتے داتا تو صرف ایک ہی ذات ہے اللہ۔ لاہور شہر میں تشریف لا کر آپ نے تبلیغ اسلام کا کام زور شور سے شروع کر دیا جہالت بت پرستی میں غرق انسانوں کو صراط مستقیم کی دعوت شروع کر دی آپ نے تصوف کے موضوع پر تاریخ تصوف کی عظیم ترین کتاب کشف المحجوب لکھی جس سے لاکھوں متلاشیان حق نور معرفت حاصل کر کے اپنے باطن کو نور کے اجالوں سے روشن کر چکے ہیں حق تعالی نے سید علی ہجویری کو وہ لازوال شہرت عطا کی کہ بعد میں آنے والے ہر دور کے سالکین نے آپ کی کتاب اور مزار پرانوار پر چلہ کشی کی۔ آپ کے ڈیڑھ سو سال بعد تاریخ ہندوستان کے عظیم بزرگ خواجہ معین الدین چشتی اجمیری بھی چلہ کشی کی نیت سے آکر چلہ کش ہوئے پھر اپنا دامن معرفت کے نور سے بھر کر واپس جاتے ہوئے مشہور شعر کہا۔

گنج بخش فیض عالم مظہر نور خدا
ناقصاں را پیر کامل کاملاں را راہنما

جس کو نور معرفت کی تلاش ہو مرشد نہ ملتا ہو وہ یہاں آکر اپنا دامن نور معرفت سے بھر لے آپ اپنے بارے میں اپنی کتاب کشف الاسرار میں فرماتے ہیں اے علی تجھے لوگ داتا کہہ کر پکارتے ہیں اور تو اپنے پاس ایک دانا بھی نہیں رکھتا اس بات کا اپنے دل میں خیال تک نہ لا کیونکہ خزانے دینے والی ذات تو صرف خدا کی ہے اور تم اس کے عاجز بندے ہو اس کے ساتھ شرک نہ کر بیٹھنا ورنہ دونوں جہاں برباد ہو جائیں گے یہ خیالات ایک عاجز درویش کے تھے جس کو دنیا داتا صاحب کے نام سے پکارتی ہے روحانیت تصوف کے منکرین آجکل اولیا اللہ پر بہت زیادہ تنقید کے گولے برسا رہے ہیں یہ بیچارے نہیں جانتے کہ جو لازوال شہرت عزت آسمان کے مالک نے سید علی ہجویری کو دی ہے یہ بڑے بڑے سلطانوں کو نصیب نہیں ہوئی کیونکہ ہزار سال ہونے والا ہے سید علی ہجویری کی شہرت کا سورج ہر گزرتے دن کے ساتھ پہلے سے زیادہ روشن ہوتا جا رہا ہے منکرین روحانیت کیڑے مکوڑوں کی طرح گردش ایام میں مسلے جائیں گے کوئی ان کا نام لینے والا نہیں ہوگا لیکن صدیوں کی الٹ پلٹ وقت کی آندھی سید علی ہجویری کی شہرت کے چراغ کو کبھی نہیں بجھا پائے گی کیونکہ یہ شہرت اللہ تعالی نے سید علی ہجویری کو عطا کی ہے ایک سے بڑھ کر ایک بادشاہ حکمران کرہ ارضی پر اپنے مختصر وقت کے لیے آیا پھر وقت کے اندھے غار میں گم ہو گیا لیکن سید علی ہجویری کی شہرت ہر گزرتے دن کے ساتھ بڑھتی جا رہی ہے آپ کے دیوانوں کی تعداد ہر گزرتے دن بڑھتی جا رہی ہے دنیا بھر سے آپ کے دیوانے ہر سال آپ کے مزار پر اپنی عقیدت کے پھول نچھاور کرنے آتے ہیں شاعر مشرق نے کیا خوب کہا تھا۔

خاک پنجاب از دم وزندہ گشت
پنجاب کی زمین اس کے دم سے زندہ ہوگئی

"ہیں لوگ وہی جہاں میں اچھے"

افکار بشریٰ
بشریٰ نسیم
bushranaseem84@gmail.com

اسلام خدمت انسانیت کا دین ہے۔ اس کی بنیاد اخلاقیات، محبت، اخوت اور بھائی چارے پر رکھی گئی ہے۔ اس میں تمام انسانیت کی خدمت کو لازمی قرار دیتے ہوئے عبادت کا درجہ دیا گیا ہے۔ اسلامی تعلیمات میں تمام انسانیت کی خدمت ایک مقدس فریضہ ہے۔ نماز، روزہ، زکوۃ، حج کے بعد سب سے افضل اور فرض حقوق العباد کی ادائیگی ہے۔ اللہ رب العزت نے قرآن مجید میں خدمت انسانیت پر اس قدر زور دیا ہے کہ ہمارے جائز اور حلال مال میں محتاجوں اور مساکین کا مخصوص حصہ مقرر فرمایا: "اور ان کے اموال میں سائل اور محروم (سب حاجت مندوں) کا حق مقرر ہوتا تھا" (الذاریات 51:19) اسلام خدمت خلق میں رنگ و نسل اور مذہب کا امتیاز نہیں رکھتا۔ پڑوسی کے حقوق ہو یا مریض کی عیادت، مسافر کے حقوق ہوں یا ادائیگی زکوۃ، کسی قسم کے حقوق العباد میں مسلمان اور غیر مسلم کا فرق نہیں رکھا گیا۔ اسلام میں کسی ایک شخص کی جان کو بچانا پوری انسانیت کو بچانے کے برابر ہے۔ آج نفسا نفسی کا یہ عالم ہے کہ انسان ہی انسان کو کاٹ کھا رہا ہے۔ آج کہیں کوئی حادثہ ہو جائے تو لوگ متاثرین کو بچانے کی بجائے اس کو لوٹ لیتے ہیں اخبارات ایسے بے شمار واقعات سے بھرے پڑے ہیں۔ ٹی وی چینلز پر ایسی ویڈیوز دیکھ کر جس میں حادثہ کا شکار افراد ہجوم کی طرف امید کی نظروں سے دیکھ رہے ہوتے ہیں مگر انسانیت سے عاری لوگ انکی مدد کرنے کی بجائے یا تو انکی جیبوں کی تلاشی لے رہے ہوتے ہیں یا پھر ویڈیوز بنا رہے ہوتے ہیں۔ بے شک حقوق اللہ کی معافی ممکن ہے مگر حقوق العباد کی معافی نہیں۔ آج بہت کم ایسے لوگ اور ایسی جماعتیں ہیں کہ جن کی زندگیوں کا مقصد اللہ کی رضا حاصل کرنا ہے، اس کے بندوں کی خدمت کر کے اور وہ بلا امتیاز انسانیت کی خدمت میں لگے ہوئے ہیں۔ جماعت اسلامی سے بعض مقامات پر شدید نظریاتی اختلاف ہو سکتا ہے مگر اس حقیقت سے کسی صورت انکار ممکن نہیں کہ جماعت اسلامی نے خدمت خلق میں بہت سی نام نہاد "خدمت خلق" کی دعویدار جماعتوں کو پیچھے چھوڑ دیا ہے۔ جماعت اسلامی کا ذیلی ادارہ "الخدمت فاؤنڈیشن" کی خدمت سے کسی صورت انکار ممکن نہیں۔ جماعت اسلامی نے جہاں زندگی کے دوسرے شعبوں میں نمایاں خدمات سرانجام دی ہیں وہاں صحت کے شعبے میں مثالی کام کیا ہے۔ لاہور کے دل چوبرجی میں واقع جماعت اسلامی کا ہسپتال "ثریا عظیم" اس کی روشن مثال ہے کہ جہاں پر غریبوں، لاچاروں، محتاجوں کو مفت یا معمولی فیس پر اعلیٰ معیار کے علاج و معالجہ کی سہولیات میسر ہیں۔ ڈاکٹر فواد نور (ایم ایس ثریا عظیم)، افتخار احمد چوہدری (سیکرٹری گورننگ باڈی) خراج تحسین کے مستحق ہیں کہ وہ اتنی محنت لگن اور پوری ایمانداری سے انسانیت کی خدمت کر رہے ہیں۔ یہ حقیقت ہے کہ جن جماعتوں، اداروں کے سربراہان ایمان دار، دیانت دار ہوں وہ جماعتیں وہ ادارے کبھی زوال کا شکار نہیں ہوتے۔ یہ ڈاکٹر فواد نور، افتخار چوہدری کی محنت لگن، ایمان داری اور دیانت داری کی زندہ مثال ہے کہ وہ بے لگام مہنگائی اور شدید بحرانوں کے اس دور میں غریب، مستحق افراد کو بہترین طبی سہولیات فراہم کیے ہوئے ہیں۔ سیاست میں شرافت کا امین، بااخلاق، باکردار، انسان دوست، علم دوست اور حقیقی عوامی نمائندہ ضیاء الدین انصاری امیر جماعت اسلامی لاہور مبارکباد کے مستحق ہیں۔ جو چوبیس گھنٹے انسانیت کی فلاح و بہبود کے لیے مصروف ہیں۔ "ثریا عظیم ہسپتال" میں خدمت خلق کے حوالے سے شیخ ظہیر الدین 'Patient Welfare Officer" (انچارج بہبود مریضاں) کی خدمات قابل ستائش و قابل تعریف ہیں۔ میں نے اپنی زندگی میں بہت کم ایسے افراد دیکھے ہیں کہ جو دوسروں کے دکھ درد کو اپنا دکھ درد سمجھ کر ان کے لیے راحت کا سامان پیدا کرتے ہوں۔ یہ شخص حقیقت میں "خدمت خلق" کا علم اٹھائے ہوئے ہے۔ محتاجوں، غریبوں، یتیموں، بیماروں اور ضرورت مندوں کی مدد کرنا اسلام کا بنیادی درس ہے۔ بہبود کا بنیادی مقصد معاشرے کے محتاجوں، بے کسوں، معذوروں، بیماروں، یتیموں اور بے سہارا افراد کی دیکھ بھال کرنا ہے۔ ثریا عظیم ہسپتال میں آنے والے نادار اور مستحق مریضوں کے لیے علاج کے لیے شیخ ظہیر الدین ہمہ وقت کمر بستہ رہتے ہیں۔ کسی مسلمان کی پریشانی دور کرنا، مصیبت اور تکلیف میں اس کی مدد کرنا دوسرے مسلمان پر لازم ہے اور اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کو پسند فرماتا ہے جو اس کی مخلوق کے ساتھ بھلائی کرتے ہیں۔ مسلم شریف کی ایک روایت ہے "مخلوق اللہ کا کنبہ ہے اور وہ شخص اللہ کو زیادہ محبوب ہے جو اس کے کنبے کے لیے مفید ہو' رب کریم کی ذات پر قربان جائیں کہ اس رب کو اپنے بندوں سے اس قدر محبت ہے کہ وہ ان کو اپنا کنبہ قرار دیتا ہے حالانکہ وہ سبوح اور قدوس ذات ہے، اسے کسی کنبے کی ضرورت ہرگز نہیں۔ اعمال میں اللہ کے ہاں سب سے پسندیدہ وہ اعمال ہیں جن سے انسانوں کی تکالیف دور ہوں۔ سراپا رحمت خاتم النبیین ﷺ کی ساری زندگی لوگوں کی تکالیف کو دور کرتے ہوئے بسر ہوئی۔ ایک حدیث میں بڑے عجیب انداز میں بھوکے، پیاسے اور بیمار کا ذکر آیا ہے (امام مسلم) سیدنا ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا قیامت کے دن اللہ تعالیٰ فرمائے گا: اے آدم کے بیٹے! میں بیمار ہوا تھا تو تو نے میری عیادت نہیں کی۔ بندہ کہے گا: میرے اللہ تو تو رب العالمین ہے میں کیسے تیری عیادت کرتا؟ اللہ فرمائے گا: میرا فلاں بندہ بیمار تھا تو تو نے اس کی عیادت نہیں کی۔ اگر تو اس کی مزاج پرسی کرتا تو مجھے اس کے پاس ہی پاتا۔ بیمار کی عیادت اور اسکے علاج معالجے کا انتظام بڑے اجر و ثواب کا باعث ہے۔ امام ترمذیؒ نے روایت بیان کی ہے کہ "جو کوئی صبح کے وقت کسی بیمار کی عیادت کو جاتا ہے تو شام تک ستر ہزار فرشتے اس کے لیے دعا کرتے رہتے ہیں اور شام کے وقت جاتا ہے تو صبح تک ستر ہزار فرشتے اس کے لیے دعا کرتے رہتے ہیں اور اسے جنت میں ایک باغ عطا کیا جاتا ہے" (صحیح مسلم کی روایت ہے) رسول کریم ﷺ نے فرمایا: "جب کوئی مسلمان کسی مسلمان کی مزاج پرسی کے لیے جاتا ہے تو وہ جنت کے باغ میں ہوتا ہے" ایک اور اہم بات کہ خدمت انسانیت میں مسلم اور غیر مسلم میں فرق نہیں۔ ہاں مسلمان سے ہمدردی زیادہ ثواب کا باعث ہے لیکن اگر کوئی غیر مسلم بھی ہمدردی اور مدد کا مستحق ہو تو اس کو نظر انداز نہیں کرنا چاہیے۔ انسانیت کی خدمت کرنے والے اللہ تعالیٰ کے خاص اور پسندیدہ بندے ہوتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا کہ وہ ضیاء الدین انصاری، ڈاکٹر فواد نور، افتخار احمد چوہدری اور شیخ ظہیر الدین اور باقی تمام لوگ جو رضائے الٰہی کے لیے انسانیت کی خدمت کر رہے ہیں ان کو مزید ہمت و استقامت اور اجر عظیم دے اور ہمیں بھی توفیق دے کہ ہم بھی اپنی استطاعت کے مطابق دوسروں کے کام آسکیں۔ کیونکہ

(ہیں لوگ وہی جہاں میں اچھے۔ آتے ہیں
جو کام دوسروں کے)

الیکشن کمیشن کا کردار کیا ہے؟

سُرخ فیتہ
محسن گورایہ
mohsingoraya@gmail.com

ہمارے ہاں اس بات پر بہت زور دیا جاتا ہے کہ تمام ریاستی ادارے بلکہ ہر فرد آئینی و قانونی حدود میں رہتے ہوئے اپنے فرائض سرانجام دے، کسی بھی سیاست دان کو دیکھ لیں یہی بات کرے گا، کسی ادارے کے سربراہ کو دیکھ لیں یہی بات دہرائے گا حتیٰ کہ عام آدمی بھی اسی خیال اور سوچ کا حامل ہے کہ ہر کسی کو آئینی حدود کے اندر رہتے ہوئے اپنے فرائض ایمانداری سے پورے کرنا چاہئیں لیکن ہمارے ملک کا سب سے بڑا مسئلہ یہ ہے کہ یہاں کوئی بھی خود آئینی حدود کی پاسداری کے لئے تیار نہیں ہے۔ منتخب سیاست دانوں اور سیاسی جماعتوں کا کام ملک کا نظم و نسق اچھے طریقے سے چلانا ہے، ان سے وہ نہیں چل پا رہا، حکومت کی ذمہ داری ہے کہ جس عہدے اور منصب کا جو اہل ہو اسی کو وہ عہدہ سپرد کیا جائے، کیا یہ ہوتا نظر آتا ہے؟ سرکاری اداروں کا کام عوام کی خدمت اور لوگوں کے مسائل حل کرنا ہے یہ بھی نہیں ہو پا رہا، استاد کا کام بچوں کو اچھی تعلیم دینا ہے، لیکن ملک میں تعلیم کی جو صورت حال ہے سب کے سامنے ہے، جو شخص کسی کا ملازم ہو اسے چاہئے کہ مالک سامنے ہو یا نہ ہو مکمل دیانتداری کے ساتھ کام کرے لیکن ایسا ہوتا نہیں ہے، ریڑھی والے کا کام پھل اور سبزیاں پورے تول کے ساتھ ایمانداری سے فروخت کرنا ہے لیکن یہ لوگ کتنے ایمان دار ہیں اس کا علم اب ہر کسی کو ہو چکا ہے، میٹر ریڈرز کا کام ہے کہ مقررہ دن مقررہ وقت پر میٹر ریڈنگ کریں، لیکن وہ کیا کر رہے ہیں آج کل ان کے پول خوب کھل رہے ہیں۔ غرض کوئی ایسا شعبہ یا ادارہ بتا دیں جو آئینی پیرامیٹرز میں رہتے ہوئے اپنے فرائض سرانجام دے رہا ہو۔

تمہید ذرا لمبی ہوگئی کہنا صرف یہ تھا کہ ہمارے ملک میں دوسروں کو نصیحت خود میاں فضیحت والا معاملہ خوب چل رہا ہے، ہر کوئی وہ کچھ کر رہا ہے جو اسے نہیں کرنا چاہئے اور وہ کچھ بالکل نہیں کر رہا جو اسے کرنا چاہئے یا جو اس کی ڈیوٹی ہے، بہت سی مثالیں ہیں، سرِ دست الیکشن کمیشن کو ہی لے لیں۔ آئین کے آرٹیکل 218 کی شق (3) الیکشن کمیشن کی مجموعی ذمہ داری کو واضح کرتی ہے، اس شق میں کہا گیا ہے کہ الیکشن کمیشن کا فرض ہے کہ وہ انتخابات کا انتظام اور انعقاد کرے اس بات کو یقینی بنانے کے لئے ضروری انتظامات کرے کہ انتخابات کا انعقاد ایمانداری، انصاف کے ساتھ، منصفانہ اور قانون کے مطابق ہو اور بدعنوانی کے عمل کو روکا جائے۔ آئین کا آرٹیکل 219 الیکشن کمیشن کے مزید فرائض کو اجاگر کرتا ہے، یہ آرٹیکل کمیشن کو ذمہ داری تفویض کرتا ہے کہ وہ قومی اسمبلی، صوبائی اسمبلیوں اور مقامی حکومتوں کے انتخابات کے لئے انتخابی فہرستوں کی تیاری اور ان فہرستوں کو اپ ٹو ڈیٹ رکھنے کے لئے وقتاً فوقتاً نظر ثانی کرتا رہے سینیٹ کے انتخابات کا انتظام اور انعقاد کرے اور کسی ایوان یا صوبائی اسمبلی میں خالی آسامیوں کو پُر کرنے کے لئے اقدامات کرے الیکشن ٹربیونلز کا تقرر کرے اور قومی اسمبلی، صوبائی اسمبلیوں اور مقامی حکومتوں کے عام انتخابات کا انعقاد یقینی بنائے۔ مذکورہ ادارہ یہ فرائض بطریق احسن ادا کرتا رہا ہے تبھی تو ملک میں عام انتخابات کا انعقاد ممکن ہوتا رہا ہے، لیکن پچھلے کچھ عرصے سے وہ کچھ ہوتا نظر نہیں آتا جو آئینی طور پر ہونا چاہئے۔ امسال 14 جنوری کو پنجاب اسمبلی تحلیل ہوئی تھی، آئین کے مطابق 14 اپریل 2023ء تک پنجاب اسمبلی کے انتخابات ہو جانے چاہئیں تھے، کیا ہوئے؟ 18 جنوری 2023ء کو خیبر پختونخوا کی اسمبلی تحلیل کی گئی، آئینی تقاضا یہ تھا کہ 16 اپریل 2023ء تک خیبر پختونخوا اسمبلی کے انتخابات کرا دیئے جاتے، کیا ہوئے؟ اس دوران کیا کیا کچھ نہیں ہوا عوام دہائی دیتے رہے، عدالتیں احکامات جاری کرتی رہیں، صدرِ مملکت الیکشن کی تاریخوں پر مشاورت کے لئے بلاتے رہے، لیکن یہ آئینی تقاضا پورا نہیں کیا جا سکا حتیٰ کہ باقی دو صوبائی اسمبلیوں اور قومی اسمبلی کی آئینی میعاد بھی پوری ہوگئی اور گزشتہ ماہ وہ بھی تحلیل کر دی گئیں۔

اب آئینی تقاضا یہ ہے کہ نوے روز میں الیکشن کرائے جائیں، لیکن مختلف عوامل کو بنیاد بنا کر اس میں بھی تاخیر کا خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے، الیکشن کمیشن نے جمعہ کے روز بتایا ہے کہ ڈیجیٹل مردم شماری کے بعد نئی حلقہ بندیوں کی حتمی تاریخ 30 نومبر 2023ء مقرر کی گئی ہے اور اسی تاریخ کو سامنے رکھتے ہوئے عام انتخابات کے شیڈول کا اعلان کیا جائے گا، مطلب انتخابات نومبر میں ہوتے نظر نہیں آتے، کیا ایسا ہونے سے الیکشن کے حوالے سے آئینی تقاضوں کی خلاف ورزی تو نہیں ہوگی؟ اس بارے میں حتمی رائے تو آئین اور قانون کے ماہرین ہی دے سکتے ہیں یا عدالتیں فیصلہ کر سکتی ہیں یہ عاجز کچھ کہنے سے قاصر ہے لیکن ایک بات پورے وثوق کے ساتھ کہی جا سکتی ہے کہ ایسا ہونے سے ملک میں بے یقینی کی کیفیت مزید گہری ہو جائے گی اور عوام میں پہلے سے پائی جانے والی مایوسی میں اضافہ ہو گا۔ علاوہ ازیں ملک کی دگرگوں معاشی صورت حال کے بہتر ہونے کے امکانات بھی ملک میں ایک نئی منتخب حکومت کے قیام تک محدود اور معدوم رہیں گے۔

وکی پیڈیا میں لکھا ہے: 1973ء کے آئین اور الیکشنز ایکٹ 2017ء کے مطابق عبوری حکومت کا بنیادی مقصد ایسے انتخابات کی ضمانت دینا ہے جن کی خصوصیت کھلا پن، مساوات اور شفافیت ہو، عبوری حکومت ایک ایسے انتخابی طریقہ کار کی نگرانی کا فرض ادا کرتی ہے جو منصفانہ اور غیر جانبدارانہ ہوں، اس کے فرائض میں ووٹنگ سے متعلق کسی بھی نوعیت کی دھوکہ دہی کی سرگرمیوں کو روکنا اور ڈالے گئے ووٹوں کی درستی کی تصدیق بھی شامل کیا گیا ہے، حیرت اس بات پر ہے کہ نگران حکومت بھی آئندہ عام انتخابات کے بارے میں فی الحال خاموش ہے، حالانکہ وہ اسی مقصد کے لئے قائم کی گئی ہے۔

پہلی بات یہ ہے کہ 2017ء میں مردم شماری کرائی گئی تھی تو چھ سال بعد ہی ایک نئی مردم شماری کی ضرورت کیوں پیش آگئی؟ اگر یہ ناگزیر تھا تو اس کے لئے آئندہ عام انتخابات جو نومبر 2023ء میں متوقع تھے کے شیڈول کو کیوں مدِ نظر نہیں رکھا گیا؟ ان حالات میں کئی مزید سوالات جنم لے رہے ہیں، یہ کہ الیکشن کمیشن کا کردار کیا ہے؟ کردار کیا ہونا چاہئے؟ کیونکہ یہ ادارہ اس وقت الیکشن کرانے کے علاوہ سب کچھ کر رہا ہے حتیٰ کہ پوسٹنگز ٹرانسفرز میں مداخلت بھی روز بروز بڑھتی جا رہی ہے، حالانکہ یہ سارے کام اس وقت ہوتے ہیں جب الیکشن کی تاریخ دے دی جائے، تاریخ کا اعلان کیا نہیں جا رہا، بلکہ اب تو واضح طور پر کہہ دیا گیا ہے کہ نومبر کے اواخر تک نئی حلقہ بندیاں مکمل ہوں گی اس کے مطابق ہی الیکشن کی تاریخ دی جا سکے گی، اس کے بعد انتظار کے سوا کیا کیا جا سکتا ہے؟ دیکھیں یہ اونٹ کس کروٹ بیٹھتا ہے، رہ گئے آئینی پیرامیٹرز تو ان کے بارے میں راوی فی الحال خاموش ہی ہے۔

بجلی، گیس اور پٹرول کی مفت خوری بند ہونی چاہئے



ظلم اگر ایک حد تک ہو تو برداشت کیا جاسکتا ہے لیکن جب ظلم او زیادتی کی تمام حدیں عبور ہو جائیں تو یہ لمحہ ہر مظلوم کو خونی انقلاب کی دہلیز پر لا کھڑا کرتا ہے۔ 2018ء سے لے کر 9 اگست 2023ء تک بجلی، پٹرول اور ڈالر کے نرخوں میں جس قدر تیزی سے اضافہ ہوتا چلا گیا ہے، اس نے ہر گھر میں صف ماتم بچھا رکھی ہے، بات کو آگے بڑھانے سے پہلے ایک المناک داستان کا ذکر ضروری سمجھتا ہوں۔ فیصل آباد میں محنت مزدوری کی تلاش میں آئے ہوئے شوہر توقیر احمد کو اس کی بیوی نے فون کر کے التجا بھرے لہجے میں کہا میں اور بچے کئی دنوں سے بھوکے ہیں، گھر میں کھانے کو کچھ نہیں، گھر پیسے بھیجو۔ بجلی کا بل بھی دس ہزار روپے آیا تھا۔ عدم ادائیگی کی بنا پر بجلی والے میٹر اتار کر لے گئے ہیں، بھوکے پیٹ سخت ترین گرمی میں ہم کیسے زندہ رہیں۔ مجھ سے بھوکے بچوں کی آہ زاریاں نہیں دیکھی جاتیں، کسی سے ادھار لے کر گھر میں پیسے بھیجو۔ شوہر نے جواب دیا کہ مجھے مزدوری نہیں مل رہی، میں کہاں سے تمہیں پیسے بھیجوں۔ شوہر کے انکار کے بعد اس خاتون نے گندم میں رکھنے والی زہریلی گولیاں خود بھی کھالیں اور اپنے تینوں بیٹوں کو بھی کھلا دیں۔ اس طرح یہ سارا خاندان قبروں میں جا سویا۔ پنڈی بھٹیاں کا ایک نوجوان روزگار کی تلاش میں لاہور آیا یہاں 15 ہزار ماہوار پر مکان لیکر کمپوزنگ سنٹر پر ملازمت کرلی۔ اگست کے مہینے میں اسے بھی بجلی کا بل ساڑھے دس ہزار آگیا، وہ زار و قطار روتا ہوا میرے پاس آیا اور کہنے لگا آپ ہی بتاؤ کیا میں خودکشی کرلوں۔ میرے گھر کے قریب ہی ایک بیوہ عورت اپنے تین بچوں کے ساتھ کرائے کے مکان میں رہائش پذیر ہے۔ ان کی آمدنی کا واحد ذریعہ مرحوم شوہر کی پنشن ہے، جس سے وہ مکان کا کرایہ اور بیٹے اور بیٹی کے تعلیمی اخراجات اپنا اور اپنے بچوں کا پیٹ بھرتی ہے۔ اس کو بھی بجلی کا بل اٹھارہ ہزار آگیا تو وہ بھی جھولی اٹھا کر حکمرانوں کو بددعائیں دے رہی ہے، اس کی آنکھوں سے بھی آنسو خشک نہیں ہو پا رہے یہ وہ حالات ہیں جن کی وجہ سے پوری پاکستانی قوم سڑکوں پر سراپا احتجاج ہے۔

نگران وزیر اعظم نے یہ کہہ کر غریب عوام کے زخموں پر مرہم رکھنے کی کوشش کی ہے کہ میں عوام میں سے ہوں اور عوام کے دکھ درد کو بخوبی محسوس کرتا ہوں لیکن وزیر خزانہ نے یہ کہہ کر معاملہ ہی ختم کرنے کی کوشش کی کہ آئی ایم ایف کی اجازت کے بغیر ہم بجلی کے صارفین کو ایک پیسے کا ریلیف بھی نہیں دے سکتے۔ جہاں تک وزیر خزانہ کی اس بات کا تعلق ہے جب آئی ایم ایف کو بتایا جائے گا کہ 100 ارب کی مفت بجلی استعمال کرنے والوں کی سہولت ختم کر کے ہم عوام کو ریلیف دینا چاہتے ہیں تو مجھے یقین ہے کہ آئی ایم ایف انکار نہیں کرے گا کیونکہ پے در پے ٹیکسوں کا بوجھ اور بجلی کے نرخوں میں حد درجہ اضافہ اس لیے کیا جاتا رہا ہے کہ بجلی کا سرکلر ڈیٹ 2300 ارب روپے تک پہنچ چکا ہے۔ یہ سرکلر ڈیٹ اسی وجہ سے بڑھتا رہا ہے کہ ہر مہینے اندازاً 100 ارب کی بجلی سرکاری و نیم سرکاری افسروں کو مفت فراہم کی رہی ہے۔ یہ سہولت ختم کردی جائے تو سرکلر ڈیٹ 23 مہینوں کے بعد خود بخود زیرو ہو جائے گا۔ ایک اندازے کے مطابق اس وقت پچاس لاکھ یونٹ، بجلی پیدا کرنے اور سپلائی کرنے والے محکموں کے افسران اور ملازمین کو مفت فراہم کی جا رہی ہے جبکہ تمام سرکاری اور نیم سرکاری محکموں کے افسران کو بھی 12 سو سے تین ہزار یونٹ تک ہر مہینے مفت بجلی دی جاتی ہے جو مال مفت دل بے رحم کی طرح استعمال کرتے ہیں۔ مفت فراہم کی جانے والی بجلی کی قیمت ہر مہینے سرکلر ڈیٹ میں اضافہ کر رہی ہے۔ سرکلر ڈیٹ عوام کی وجہ سے اتنا نہیں بڑھا بلکہ مفت بجلی استعمال کرنے والوں کی وجہ سے اس حد تک جا پہنچا ہے۔ اگر اب بھی مفت بجلی فراہم کی جاتی رہی تو آنے والے ماہ و سال میں یہ مسئلہ ناقابل یقین حد تک بڑھ چکا ہوگا۔ نگران وزیر اعظم اگر واقعی عوام کو ریلیف دینا چاہتے ہیں تو انہیں ان کو وفاقی کابینہ سے ایک بل کی منظوری لینا ہوگی جس کے تحت کوئی بھی سرکاری نیم سرکاری افسر مفت بجلی، گیس اور پٹرول استعمال نہیں کر سکے گا۔ میں سمجھتا ہوں اگر نگران وزیر اعظم انوار الحق نے یہ کارنامہ انجام دے دیا تو نگران حکومت کے خاتمے کے بعد بھی عوام کے دلوں پر حکمرانی کر سکیں گے۔ مفت خوری کی وجہ سے محکمہ گیس کا سرکلر ڈیٹ بھی اسی طرح بڑھ چکا ہوگا اس لیے گیس کی مفت فراہمی کو بھی ہر سطح پر روکنا بہت ضروری ہے، اس کے علاوہ تمام سرکاری دفاتر اور رہائش گاہوں میں ایئر کنڈیشنر کے استعمال پر مکمل طور پر پابندی لگانا پڑے گی، اگر عوام بجلی کی لوڈ شیڈنگ کی وجہ سے سخت گرمی میں تلملا رہے ہیں، تھوڑا سا پسینہ سرکاری افسروں کا بھی نکل جائے تو قیامت نہیں ٹوٹ پڑے گی۔

ایک اندازے کے مطابق اگر سڑکوں پر سو گاڑیاں رواں دواں رہتی ہیں تو ان میں پچاس سرکاری افسران کی ہوتی ہیں جو بیگمات کی شاپنگ اور بچوں کو سکول لانے اور لیجانے کے لیے صبح سے شام تک رواں دواں رہتی ہیں۔ ان گاڑیوں کی مینٹیننس اور پٹرول کے اخراجات حکومتی خزانے سے ادا ہوتے ہیں۔ اس لیے قومی اور صوبائی سطح پر پروٹوکول کو یکسر ختم کردیا جائے تو معاملات بہت آسانی سے ٹھیک ہو سکتے ہیں۔ اس وقت ایک ایس پی یا ڈی ایس پی کے ساتھ پروٹوکول کی دو تین گاڑیاں دوڑتی ہیں جنہیں حفاظتی فورس کا نام دیا جاتا ہے۔ سیدھی سی بات ہے کہ اگر کسی کو اپنی جان کا خطرہ ہے تو وہ سرکاری ملازمت کو چھوڑ دے۔ حکومتیں عوام کے تحفظ کے لیے بنائی جاتی ہیں اگر وہ سارے حفاظتی اقدامات اپنے لیے ہی مخصوص کرلیں تو پھر عوام کا خدا ہی حافظ ہے۔ جہاں تک بجلی چوری کا تعلق ہے۔ بجلی چوری اس وقت تک نہیں ہو سکتی جب تک بجلی سپلائی کرنے والے اداروں کے ملازمین اس میں شامل نہ ہوں۔ جنرل پرویز مشرف کے دور میں جرمنی سے چند ماہرین کو پاکستان بلایا گیا ان کو یہ ذمہ داری سونپی گئی کہ بجلی چوری کیسے ہوتی ہے انہوں نے چند ماہ تحقیق کر کے بتایا کہ بجلی کی سب سے زیادہ کھپت سرکاری محکموں اور ان کے افسران کے گھروں میں ہوتی ہے، جو استعمال شدہ بجلی کا بل بھی ادا نہیں کرتے۔ بجلی چوری کا الزام سرکاری اداروں پر آیا تو پرویز مشرف بھی خاموش ہوگئے۔ مجھے یہ کہنے میں عار محسوس نہیں ہوتی کہ حکومتیں اس لئے بنائی جاتی ہیں کہ وہ عوام کے لیے ہر سطح پر آسانیاں پیدا کریں لیکن پاکستان میں حکمرانی کا مطلب مفت خوری اور کرپشن رہ گیا ہے۔ عمران خان نے اپنے پونے چار سالہ دور حکومت میں جو ات مچا رکھی، اس کی رہی سہی کسر شہباز شریف کی اتحادی حکومت نے پوری کر دی۔ میری نظر میں دونوں حکومتوں کے وزرائے اعظم سمیت تمام وزراء، مشیر اور معاون خصوصی قومی مجرم ہیں جنہوں نے پٹرول، بجلی، گیس اور ڈالر کی قیمتوں کو آسمان پر پہنچا کر مہنگائی نہ ختم ہونے والا سلسلہ شروع کیا جو کہیں بھی رکنے کا نام نہیں لے رہا۔ سبزیاں، دالیں، گوشت، آٹا چینی، چاول حتیٰ کہ ادویات کی قیمتوں کو بھی آسمان پر پہنچانے کا جرم عمران خان اور شہباز شریف نے مشترکہ طور پر کیا ہے۔ میری نظر میں یہ دونوں ہی قومی مجرم ہیں جن کے ہر اقدام نے اس ملک کے غریب عوام کو زندہ درگور کر رکھا ہے۔

قوت
SPORTS
PAKISTAN
PAKISTAN

سری لنکا میں بارشیں

ذکا اشرف کی ایشیاء کپ کے میچز پاکستان میں کروانے کی تجویز

چیرمین مینجمنٹ کمیٹی پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) ذکا اشرف نے ایشین کرکٹ کونسل (اے سی سی) کے صدر جے شاہ سے ٹیلی فون پر رابطہ کیا ہے

لاہور: چیرمین مینجمنٹ کمیٹی پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) ذکا اشرف نے ایشین کرکٹ کونسل (اے سی سی) کے صدر جے شاہ سے ٹیلی فون پر رابطہ کیا ہے۔ ذکا اشرف نے ایشین کرکٹ کونسل کے صدر جے شاہ سے سری لنکا میں بارش سے متاثر ہونے والے پاکستان اور بھارت کے میچ پر بات چیت کی۔ چیرمین مینجمنٹ کمیٹی نے ایشیا کپ کے میچز پاکستان میں کروانے کی تجویز دے دی۔ ذکا اشرف کا موقف ہے کہ سری لنکا میں مزید بارشوں کا امکان ہے لہذا آنے والے دنوں کے لیے سری لنکا میں موسم کی صورتحال کا جائزہ لیا جائے۔ ایشیا کپ کے پاک بھارت میچز دبئی میں بھی کھیلے جاسکتے ہیں۔ ایشیا کپ ایک بڑا ٹورنامنٹ ہے بارش کی وجہ سے اس کو متاثر نہ کیا جائے۔ ایشین کرکٹ کونسل کے صدر جے شاہ نے جواب میں صورتحال پر غور کرنے کی یقین دہانی کروادی۔

ایشیا کپ: بھارت کیخلاف شاندار آغاز کے بعد نیپال کی ٹیم لڑکھڑا گئی

پالیکیلے (سپورٹس ڈیسک،قوت) ایشیا کپ کے پانچویں ون ڈے میچ میں بھارت کے خلاف نیپال کے 156 رنز پر 6 کھلاڑی آؤٹ ہوگئے۔ نیپالی ٹیم نے بیٹنگ کا شاندار آغاز کیا تاہم پہلی وکٹ 65 رنز پر گرگئی جبکہ 77 رنز دوسرا کھلاڑی بھی پویلین لوٹ گیا۔ نیپالی ٹیم کی تیسری وکٹ 93 رنز اور چوتھی وکٹ 101 رنز پر گری۔ پانچویں وکٹ کی شراکت میں 31 رنز بنائے گئے لیکن یہاں اوپنر آصف شیخ 58 رنز بنا کر محمد سراج کی گیند پر آؤٹ ہوگئے۔ بھارتی ٹیم نے فیلڈنگ کے دوران تین کیچز بھی چھوڑے۔ دونوں ٹیموں کے درمیان میچ پالیکیلے میں کھیلا جارہا ہے جبکہ کھیل کے دوران بارش کا امکان ہے جس سے میچ متاثر ہوسکتا ہے۔ بھارتی ٹیم نے جسپریت بمرا کی جگہ محمد شامی کو ٹیم میں شامل کیا ہے۔ کپتان روہت شرما، شمن گل، ویرات کوہلی، ایشان کشن، شیرس ایر، ہاردک پانڈیا، رویندرا جڈیجا، شاردل ٹھاکر، کلدیپ یادیو، محمد شامی اور محمد سراج شامل ہیں۔

بھارتی کرکٹ بورڈ کا 4 رکنی وفد پاکستان پہنچ گیا

لاہور (سپورٹس ڈیسک،قوت) ایشیا کپ کے میچز دیکھنے کیلئے بھارتی کرکٹ بورڈ کا 4 رکنی وفد پاکستان پہنچ گیا۔ بی سی سی آئی کا وفد 2 روزہ دورے پر واہگہ بارڈر کے راستے پاکستان پہنچا۔ ہوٹل پہنچنے پر چیئرمین پی سی بی مینجمنٹ کمیٹی چوہدری ذکاء اشرف نے وفد کا استقبال کیا۔ وفد میں بی سی سی آئی کے صدر راجر بنی، نائب صدر راجیو شکلا، ڈائریکٹر بی سی سی آئی یودھویر سنگھ اور سیکریٹری ٹو نائب صدر محمد اکرم شامل ہیں۔ بھارتی وفد پاکستان کرکٹ بورڈ کے حکام سے باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کرے گا۔ گورنر ہاؤس پنجاب میں بھارتی وفد کے اعزاز میں عشائیے کا اہتمام بھی کیا جائے گا۔ واضح رہے کہ انڈین کرکٹ بورڈ کا وفد 2008 کے بعد پاکستان آیا ہے۔

انٹرنیشنل مقابلوں کی تیاری کے لئے بیس بال کے کھلاڑیوں کا تربیتی کیمپ اسلام آباد میں جاری

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان بیس بال فیڈریشن کے زیر اہتمام اور پاکستان سپورٹس بورڈ کے تعاون سے انٹرنیشنل مقابلوں کی تیاری کے لئے بیس بال کے کھلاڑیوں کا تربیتی کیمپ پاکستان سپورٹس کمپلیکس، اسلام آباد میں جاری ہے۔ گزشتہ روز ٹیم کے کوچ محمد ارشد نے بتایا کہ تربیتی کیمپ میں کھلاڑی بھرپور محنت کر رہے ہیں اور بین الاقوامی سطح پر نتائج حاصل کرنے کے لئے کھلاڑیوں کو سخت سے سخت محنت کرنی ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان سپورٹس بورڈ کی جانب سے کھلاڑیوں کو ملنے والی مراعات قابل تعریف ہیں جن میں رہائش، کھانا اور کھیل کا میدان شامل ہے اور ہوسٹل کا سٹاف اور ڈائریکٹر کا تعاون بھی قابل تحسین ہے۔ تربیتی کیمپ میں مرد اور خواتین کھلاڑی تربیت حاصل کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں بیس بال کے ٹیلنٹ کی کمی نہیں بلکہ کھلاڑیوں کو وسائل فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔

یوم شہداء بیس بال تین میچز کی سیریز پاکستان گرین اور پاکستان وائٹ کی ٹیموں کے درمیاں 6 ستمبر سے اسلام آباد میں شروع ہوگی

لاہور (این این آئی) پاکستان بیس بال فیڈریشن کے زیر اہتمام یوم شہداء بیس بال تین میچوں کی سیریز پاکستان گرین اور پاکستان وائٹ کی ٹیموں کے درمیاں (کل) 6 ستمبر سے پاکستان سپورٹس کمپلیکس، اسلام آباد میں شروع ہوگی۔ پاکستان بیس بال فیڈریشن کے صدر سید فخر علی شاہ نے بتایا کہ سیریز کی تیاریاں شروع کردی گئی ہیں۔ سیریز کے تین میچز پاکستان گرین اور پاکستان وائٹ کی ٹیموں کے درمیان کھیلے جائیں گے۔

بچے کی پیدائش پر بمراہ ٹیم کو چھوڑ کر بھارت روانہ

پالیکیلے (سپورٹس ڈیسک،قوت) بھارتی ٹیم کے فاسٹ بولر جسپریت بمراہ کے گھر پہلے بچے کی پیدائش ہوئی ہے جس کے لیے وہ فوری ٹیم کو چھوڑ کر وطن روانہ ہوگئے۔ بمراہ نے پاکستان کے خلاف ایشیا کپ 2023 کے پہلے میچ میں حصہ لیا تھا تاہم نیپال کے خلاف میچ میں وہ ٹیم کا حصہ نہیں بنے۔ بھارتی بولر نے سوشل میڈیا اکاؤنٹ انسٹاگرام پر بچے کی پیدائش کا اعلان کیا۔ انہوں نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے بتایا کہ ہماری چھوٹی سی فیملی میں اضافہ ہوا ہے اور آج صبح بیٹے کی پیدائش ہوئی جس کا نام ”انگد“ رکھا ہے۔ اطلاعات کے مطابق بمراہ ایشیا کپ کے سپر فور مرحلے کے لیے ٹیم کو دستیاب ہوں گے۔ واضح رہے کہ جسپریت بمراہ بھارتی ٹیم کے اہم فاسٹ بولر ہے جنہوں نے آئندہ ورلڈ کپ میں بھی اسکواڈ کا حصہ بننا ہے۔

یو ایس اوپن ٹینس، نوویک جوکووچ کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے

امریکی ٹینس سٹار ٹومی پال مردوں کے سنگلز مقابلوں کے پری کوارٹر فائنل راؤنڈ میں اپ سیٹ شکست کے بعد میگا ایونٹ سے باہر

نیویارک (این این آئی) سربیا کے شہرہ آفاق ٹینس سٹار اور میگا ایونٹ کے سیکنڈ سیڈڈ نوویک جوکووچ اور امریکی ٹینس سٹار ٹیلر فریٹز اپنی عمدہ کارکردگی کی بدولت یو ایس اوپن ٹینس ٹورنامنٹ کے مینز سنگلز مقابلوں کے کوارٹر فائنل راؤنڈ میں پہنچ گئے۔ سال کے چوتھے اور آخری گرینڈ سلام یو ایس اوپن ٹینس ٹورنامنٹ کے دلچسپ مقابلے امریکا کے شہر نیویارک میں جاری ہیں۔ مینز سنگلز مقابلوں کے پری کوارٹر فائنل راؤنڈ میں سربین سیکنڈ سیڈ نوویک جوکووچ نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے حریف کروشین کھلاڑی بورنا گوجو کو سٹریٹ سیٹس میں 2-6، 5-7 اور 4-6 سے شکست دی اور کوارٹر فائنل راؤنڈ کیلئے کوالیفائی کرلیا، جہاں ان کا مقابلہ میزبان حریف کھلاڑی ٹیلر فریٹز سے ہوگا۔ ایک اور میچ میں امریکی ٹینس کھلاڑی ٹیلر فریٹز نے عمدہ کھیل پیش کرتے ہوئے سوئٹزرلینڈ کے حریف کھلاڑی ڈومینک سٹیفن سٹرکر کو ٹائی بریک پر سٹریٹ سیٹس میں 6-7 (2-7)، 4-6 اور 4-6 سے شکست دے کر میگا ایونٹ کے ٹاپ ایٹ راؤنڈ کے لئے کوالیفائی کرلیا۔ امریکا کے بین شیلٹن نے بھی کوارٹر فائنل راؤنڈ تک رسائی حاصل کرلی، انہوں نے سخت مقابلے کے بعد ہم وطن حریف کھلاڑی ٹومی پال کو 4-6، 6-3، 6-4 اور 4-6 سے اپ سیٹ شکست سے دوچار کیا۔ امریکی ٹینس سٹار ٹومی پال مردوں کے سنگلز مقابلوں کے پری کوارٹر فائنل راؤنڈ میں اپ سیٹ شکست کے بعد میگا ایونٹ سے باہر ہوگئے۔

شہدائے پاکستان گولڈکپ ہاکی ٹورنامنٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی کا اجلاس (آج) ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) شہدائے پاکستان گولڈکپ ہاکی ٹورنامنٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی کا اجلاس (آج) منگل 5 ستمبر کو ہوگا۔ جس کی صدارت آرگنائزنگ کمیٹی کے چیئرمین راؤ سلیم ناظم کریں گے۔ اجلاس میں ٹورنامنٹ کے انتظامات کو آخری شکل دی جائیگی۔ شہدائے پاکستان گولڈکپ ہاکی ٹورنامنٹ 6 سے 10 ستمبر تک زرعی یونیورسٹی گراؤنڈ، فیصل آباد میں کھیلا جائے گا اور ٹورنامنٹ ناک آؤٹ سسٹم پر کھیلا جائے گا۔

شہدائے پاکستان گولڈکپ ہاکی ٹورنامنٹ (کل) سے شروع ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) ایم ایچ عاطف ہاکی اکیڈمی فیصل آباد کے زیر اہتمام شہدائے پاکستان گولڈکپ ہاکی ٹورنامنٹ (کل) 6 ستمبر سے شروع ہوگا۔ ایم ایچ عاطف ہاکی اکیڈمی کے بانی چیئرمین راؤ سلیم ناظم نے بتایا کہ ٹورنامنٹ کی تیاریاں زور وشور سے جاری ہیں اور ٹورنامنٹ میں ضلع فیصل آباد کی ٹیمیں حصہ لیں گے۔ ٹورنامنٹ کے ڈراز کا اعلان اور قوانین کے بارے میں آگاہ 5 ستمبر کو ٹورنامنٹ میں شرکت کرنے والی ٹیموں کی مینیجرز میٹنگ کے بعد کیا جائیگا۔ ٹورنامنٹ 10 ستمبر تک جاری رہے گا اور ٹورنامنٹ کے اختتام پر کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کئے جائیں گے۔

ایشیا کپ کے میچز کی منتقلی کا فیصلہ 24 سے 36 گھنٹوں میں ہونے کا امکان

لاہور (این این آئی) ایشین کرکٹ کونسل (اے سی سی) ایشیا کپ کے میچز کی منتقلی کا فیصلہ اگلے 24 سے 36 گھنٹوں میں کرسکتا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ ایشیا کپ کے میچز خراب موسم کے باعث کولمبو سے منتقلی ایشین کرکٹ کونسل کے لیے مشکلات کا باعث بن گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق بھارتی کرکٹ بورڈ دمبولا شہر کے ہوٹل سے مطمئن نہیں، دمبولا کے ہوٹل معیاری نہیں جبکہ اچھے موسم والے ایک اور شہر ہمبنٹوٹا کے ہوٹل انتظامات پر براڈ کاسٹرز کو اعتراض ہے۔

دورہ پاکستان کے حوالے سے ہماری حکومت جو فیصلہ کرے گی ہم ویسا ہی کریں گے، راجیو شکلا

ایشیا کپ کا میزبان پاکستان ہے اور ہم صرف کرکٹ کیلئے پاکستان جارہے ہیں، ہمارا دورہ دو دن کا ہوگا، کوئی سیاست کی بات نہیں، گفتگو

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی کرکٹ بورڈ کے نائب صدر راجیو شکلا نے کہا ہے کہ دورہ پاکستان کے حوالے سے ہماری حکومت جو فیصلہ کرے گی ہم ویسا ہی کریں گے۔ پاکستان روانگی سے قبل بھارتی میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بھارتی کرکٹ بورڈ کے نائب صدر راجیو شکلا نے کہا کہ ایشیا کپ کا میزبان پاکستان ہے اور ہم صرف کرکٹ کیلئے پاکستان جا رہے ہیں، ہمارا دورہ دو دن کا ہوگا، کوئی سیاست کی بات نہیں ہے۔ راجیو شکلا نے بتایا کہ گورنر ہاؤس لاہور میں ہمارے لیے ڈنر کا بھی اہتمام کیا گیا ہے۔ انہوں نے پاک بھارت ٹاکرے کے بارے میں کہا کہ پاکستان اور انڈیا کے درمیان اچھا میچ ہوا اگر بارش نہ ہوتی تو میچ پورا ہو جاتا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے بھارتی کرکٹ بورڈ کے صدر راجر بنی نے کہا کہ پاکستان کی میزبانی ہمیشہ شاندار رہی، پاکستانی کرکٹ سے بہت محبت کرتے ہیں۔ راجر بنی نے کہا کہ میں نے آخری بار 2006ء میں پاکستان کا دورہ کیا تھا، ہم نے پہلے کولمبو میں میچز دیکھے اور اب پاکستان میں میچز دیکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت اور پاکستان کے درمیان میچز دنیا کے کسی بھی ٹورنامنٹ سے بڑے ہوتے ہیں یہاں تک کہ ایشیز سیریز سے بھی بڑے ہوتے ہیں۔ انہوں نے دونوں ممالک کے درمیان سیاسی کشیدگی کے بارے میں بات کرتے ہوئے کہا کہ پاک بھارت سیاست پر بی سی سی آئی کچھ نہیں کہیگا ہمیں انتظار ہے دیکھیں کیا ہوتا ہے۔

بھارتی بورڈ کے صدر راجر بنی کی پاکستان کی میزبانی کی تعریف

پاکستانی کرکٹ سے محبت کرنے والے لوگ ہیں، میڈیا سے بات چیت

نئی دہلی (این این آئی) بورڈ آف کنٹرول فار کرکٹ ان انڈیا (بی سی سی آئی) کے صدر راجر بنی نے پاکستان کی میزبانی کی تعریف کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستانی کرکٹ سے محبت کرنے والے لوگ ہیں۔ پاکستان آمد سے قبل بھارتی میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے نائب صدر بی سی سی آئی راجیو شکلا نے کہا کہ ایشیا کپ کا میزبان پاکستان ہے، ہم صرف کرکٹ کے لیے جا رہے ہیں، کوئی سیاست کی بات نہیں ہے۔ راجیو شکلا نے کہا کہ ہمارا دورہ دو دن کا ہوگا، گورنر ہاؤس میں ہمارے لیے ڈنر کا بھی اہتمام کیا گیا ہے، ہمارا دورہ صرف کرکٹ کے حوالے سے ہے، دورہ پاکستان کے حوالے سے ہماری حکومت جو فیصلہ کرے گی ہم ویسا ہی کریں گے۔ ایشیا کپ میں پاک بھارت میچ کے حوالے سے راجیو شکلا نے کہا کہ پاکستان اور بھارت کے درمیان اچھا میچ ہوا، بارش نہ ہوتی تو میچ پورا ہوتا۔ صدر بی سی سی آئی راجر بنی نے کہا کہ میں نے آخری بار 2006 میں پاکستان کا دورہ کیا تھا، ہم نے کولمبو میں میچز دیکھے اور اب پاکستان میں میچز دیکھیں گے، پاکستان کی مہمان نوازی ہمیشہ شاندار رہی ہے، پاکستانی کرکٹ سے محبت کرتے ہیں۔

بگ بیش: حارث رؤف، اسامہ میر اور زمان خان کی خدمات حاصل

میلبورن (سپورٹس ڈیسک،قوت) مینز بگ بیش لیگ سیزن 13 کے لیے 3 پاکستانی کرکٹرز کے مختلف فرنچائزز سے معاہدے ہوگئے۔ فاسٹ بولر حارث رؤف ایک بار پھر میلبورن اسٹارز میں واپسی کریں گے، اسامہ میر کی خدمات بھی اسٹارز نے حاصل کرلیں، لیگ اسپنر پیسر حارث کے ساتھی بنیں گے، انھیں پہلی بار بگ بیش میں شرکت کا موقع میسر آئیگا۔ لاہور قلندرز سے تعلق رکھنے والے ایک اور پیسر زمان خان کا معاہدہ سڈنی تھنڈر سے ہوا ہے، دوسری جانب کوئنٹن ڈی کاک بھی بگ بیش میں ڈیبیو کریں گے، ان کی خدمات میلبورن رینیگیڈز نے حاصل کی ہیں، ہیری بروک اور زیک کریولی کو نئے کلبز مل گئے۔ افغان اسپنر راشد خان کو ایڈیلیڈ اسٹرائیکرز نے برقرار رکھا ہے۔ بروک کا معاہدہ میلبورن اسٹارز جبکہ کریولی ہوبارٹ ہوریکنز کی جرسی زیب تن کریں گے۔

ایشیا کپ میچز منتقلی کے لیے مشاورت آج ہوگی

کولمبو (سپورٹس ڈیسک،قوت) بارشوں کی وجہ سے کولمبو سے میچز کسی اور مقام پر منتقل کرنے کے لیے ایشین کرکٹ کونسل حکام اور سری لنکا بورڈ آج مشاورت کریں گے۔ کل تک فیصلہ سامنے آسکتا ہے۔ کولمبو میں نو ستمبر سے سپر فور مرحلے کا آغاز ہونا ہے تاہم ان دنوں کولمبو میں تیز بارشوں کا سلسلہ جاری ہے اور سترہ ستمبر تک طوفانی بارشوں کی پیش گوئی کی گئی ہے۔ سری لنکن میڈیا رپورٹس کے مطابق کولمبو کی جگہ ہمبنٹوٹا اور کینڈی ہی متبادل وینو ہوسکتے ہیں۔ لاجسٹک مسائل کی وجہ سے دمبولا کے وینو کو پہلے ہی مسترد کیا جاچکا ہے۔ ایشین کرکٹ کونسل حکام اور سری لنکن بورڈ آفیشل کے ساتھ براڈ کاسٹرز سے بھی میچز کی منتقلی پر بات چیت ہوگی۔

SHOWBIZ
قوت

شاہ رخ خان کا 'جوان 2' سے متعلق دلچسپ جواب وائرل

ممبئی (شوبز ڈیسک،قوت) بالی ووڈ کے میگا اسٹار شاہ رخ خان نے اپنی فلم 'جوان' کی ریلیز سے قبل فینز کے ساتھ سوشل میڈیا پر سیشن میں دلچسپ جواب دیئے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس (سابق ٹوئٹر) پر 'آسک ایس آر کے' سیشن میں شاہ رخ خان سے فینز نے مختلف سوالات کیے۔ ایک مداح نے شاہ رخ خان سے پوچھا کہ 'جوان 2' کب آئے گی جس پر ان کا دلچسپ جواب وائرل ہوگیا۔ کنگ خان نے سوال پوچھنے والے فین کو جواب دیا کہ پہلے یہ والی تو دیکھ لو۔ بچے کی جان لو گے کیا؟ اس جواب پر مداحوں نے شاہ رخ خان کی حس مزاح اور فوری جواب دینے کی صلاحیت کی تعریف کی۔ شاہ رخ خان کی فلم 'جوان' 7 ستمبر کو سینما گھروں میں ریلیز کی جائے گی۔ فلم کی دبئی میں پروموشن کے دوران 'جوان' کا پوسٹر برج خلیفہ پر بھی دکھایا گیا جبکہ فلم کی ایڈوانس بکنگ نے نیا ریکارڈ قائم کیا ہے۔

نوشے کے کردار کی مقبولیت نے کبھی بھی میرا ساتھ نہیں چھوڑا' بہروز سبزواری

کسی دور میں ڈرامے کی ریکارڈنگ پی ٹی وی کے اندر اسٹوڈیو میں سیٹ لگا کر کی جاتی تھی

لاہور (این این آئی) سینئر اداکار بہروز سبزواری نے کہا ہے کہ کسی دور میں تمام ڈرامے کی ریکارڈنگ پی ٹی وی کے اندر موجودہ اسٹوڈیو میں سیٹ لگا کر کی جاتی تھی لیکن آج ہمارا ڈرامہ سیٹ سے نکل کر حقیقی لوکیشن پر آ گیا ہے۔ ایک انٹرویو میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اب حالات بدل گئے ہیں اور اسکرپٹ کے مطابق کہانی کو حقیقت کی شکل دینے کیلئے ہمیں لوکیشن کا انتخاب کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں بڑا خوش قسمت انسان ہوں جس نے پی ٹی وی پر کام کیا اور مقبولیت حاصل کی، مجھے نوشے کے کردار سے وہ مقبولیت ملی جس نے کبھی بھی میرا ساتھ نہیں چھوڑا۔ انہوں نے کہا کہ مجھے اپنے ٹی وی ڈراموں کی تعداد بھی صحیح طریقے سے یاد نہیں مگر نوشے کا کردار آج بھی میرے ساتھ جڑا ہوا ہے۔

شاہ رخ خان نئی فلم میں بیٹی سہانا کے ہمراہ نظر آئینگے

جس میں سہانا ایک جاسوس کے طور پر مرکزی کردار ادا کر رہی ہیں

ممبئی (این این آئی) بالی وڈ کے بادشاہ شاہ رخ خان اپنی نئی فلم میں بیٹی سہانا خان کے ساتھ نظر آئیں گے۔ بھارتی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق سہانا خان کی بڑے پردے پر یہ پہلی فلم ہوگی اور اسی میں وہ اپنے والد شاہ رخ خان کے ساتھ مرکزی کردار میں دکھائی دیں گی۔ گو کہ سہانا اداکاری میں پہلے ہی ڈیبیو کرچکی ہیں، انہوں نے شوبز میں اپنے کیریئر کا آغاز ڈائریکٹر زویا اختر کی نئی نیٹ فلکس فلم 'دی آرچیز' سے کیا، یہ فلم نیٹ فلکس پر رواں برس دسمبر کی 7 تاریخ کو ریلیز کی جائے گی۔ آنے والی فلم معروف ڈائریکٹر سوجوائے گھوش کی ہدایتکاری میں بنے گی جنہوں نے کچھ عرصہ قبل اس فلم سے متعلق تصدیق کی تھی، تاہم اب بھارتی میڈیا نے ذرائع کے حوالے سے بتایا ہے کہ فلم کے اسکرپٹ پر کام کا آغاز کردیا گیا ہے۔ رپورٹس کے مطابق سوجوائے کی فلم ایک جاسوسی تھرلر ہوگی جس میں سہانا ایک جاسوس کے طور پر مرکزی کردار ادا کر رہی ہیں۔ جیسا کہ ہر جاسوس کو ایک ہینڈلر کی ضرورت ہوتی ہے۔

ماڈلنگ جتنی سادہ اور آسان لگتی ہے ایسا بالکل بھی نہیں ہے' اذان شیخ

میری پہلی ترجیح ماڈلنگ ہے اور اس کے بعد اداکاری کا سوچوں گا' انٹرویو

لاہور (این این آئی) نامور ماڈل اذان شیخ نے کہا ہے کہ ماڈلنگ کی دنیا میں نام بنانا میرا مشن ہے جس کے لئے بھرپور محنت کر رہا ہوں، ماڈلنگ جتنی سادہ اور آسان لگتی ہے ایسا بالکل بھی نہیں ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ میں نے یو کے، اٹلی اور فرانس کے مختلف کمرشلز میں ماڈلنگ کی ہے، سرد موسم میں ماڈلنگ کرنے کا اپنا ہی لطف ہے۔ اذان شیخ نے بتایا کہ میری پہلی ترجیح ماڈلنگ ہے اور اس کے بعد اداکاری کا سوچوں گا، میں پیسے کی خاطر نہیں بلکہ اپنے شوق کی تکمیل کے لئے ماڈلنگ کی دنیا میں آیا ہوں۔

بے شمار ڈرامہ سیریلز میں کام کی پیشکش ہوتی ہے لیکن ترجیح میزبانی ہے' ندا یاسر

اداکاری اور میزبانی دونوں میں بڑا فرق ہے' اداکارہ و میزبان کی انٹرویو میں گفتگو

لاہور (این این آئی) ٹی وی کی معروف اداکارہ و میزبان ندا یاسر نے کہا ہے کہ مجھے بے شمار ڈرامہ سیریلز میں کام کرنے کی پیشکش ہوتی ہے مگر میری فوکس میزبانی کی طرف ہے، اپنے شوہر کی پروڈکشن میں بننے والی ڈرامہ سیریل میں کام کرتی ہوں۔ ایک انٹرویو میں ندا یاسر نے کہا کہ اداکاری اور میزبانی دونوں میں بڑا فرق ہے اور میری ترجیح میزبانی ہے۔ مجھے خوشی ہے کہ مارننگ شو میں ہمیشہ مجھے پسندیدگی کی نظر دیکھا گیا ہے۔

معروف مزاحیہ اداکار لہری کی 11ویں برسی 13 ستمبر کو منائی جائے گی

لاہور (این این آئی) معروف مزاحیہ اداکار لہری کی 11ویں برسی 13 ستمبر کو منائی جائے گی۔ اس سلسلے میں فلمی حلقوں میں مختلف تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا جس میں اداکار لہری کی فنی خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا جائے گا۔ پاکستانی فلموں کے معروف مزاحیہ اداکار لہری کا اصل نام سفیر اللہ صدیقی تھا، انہوں نے اپنے فلمی کیریئر کا آغاز پچاس کی دہائی میں کیا۔ لہری برصغیر کی فلمی دنیا کے ایک منفرد اداکار تھے، ان کے برجستہ جملے ان کے مزاح کی خاص بات تھے، لہری نے تیس برس تک فلمی دنیا پر راج کیا۔ انہوں نے کم و بیش 220 سے زائد فلموں میں مزاحیہ اداکاری کے جوہر دکھائے جن میں چند فلمیں پنجابی جبکہ باقی تمام تر اردو میں تھیں۔

ارجنٹائن کی معروف اداکارہ غلط پلاسٹک سرجری کے باعث چل بسیں

بیونس آئرس (این این آئی) ارجنٹائن کی معروف اداکارہ و ماڈل سلوینا لونا 43 سال کی عمر میں انتقال کر گئیں۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق ارجنٹائن کی معروف اداکارہ، ماڈل اور ٹی وی پریزینٹر سلوینا لونا 2011 میں کروائی گئی پلاسٹک سرجری کی پیچیدگیوں سے لڑ رہی تھیں۔ ارجنٹائن کی میڈیا رپورٹ میں بتایا گیا کہ سلوینا لونا کئی سالوں سے صحت کے شدید مسائل سے دوچار تھیں اور کچھ عرصے سے کئی بار اسپتال میں داخل ہوئیں۔ رپورٹ کے مطابق اداکارہ کے صحت کے تمام مسائل ماضی میں کاسمیٹک سرجری کے دوران ان کے جسم میں زہریلے مادے کے استعمال کی وجہ سے پیدا ہوئے تھے۔ اداکارہ کی پلاسٹک سرجری کرنے والے ڈاکٹر کے خلاف قانونی چارہ جوئی کی جارہی ہے۔ اداکارہ کے وکیل جیسلوینا لونا کی موت کی تصدیق کردی۔ ماڈل 2011 سے گردوں کی بیماری سے بھی دوچار تھیں، انہیں گردے خراب ہونے کی وجہ سے ہفتے میں تین بار ڈائیلاسز کروانا پڑتا تھا۔

راکھی ساونت کا سلمان خان کو عمرہ ادا کرنے کا مشورہ

ممبئی (شوبز ڈیسک،قوت) بھارتی اداکارہ راکھی ساونت نے بالی ووڈ کے میگا اسٹار سلمان خان کو عمرہ کرنے کا مشورہ دے دیا۔ راکھی ساونت جنہوں نے اسلام قبول کرنے کے بعد اپنا نام فاطمہ رکھا ہے گزشتہ دنوں عمرہ ادا کرنے گئی تھیں اور اب انہوں نے بالی ووڈ اسٹار سلمان خان کو بھی عمرے کی ادائیگی کا مشورہ دے دیا۔ راکھی ساونت نے عمرے کے دوران خانہ کعبہ کے سامنے بنائی گئی ویڈیو سوشل میڈیا پر شیئر کرتے ہوئے کہا کہ سلمان بھائی ان مقدس مقامات پر آجائیں۔ عمرہ ادا کرنے آجائیں۔ میں دعا کروں گی کہ آپ جلد عمرہ کرنے آئیں۔ راکھی ساونت کا مزید کہنا تھا کہ بالی ووڈ سے سب کو ان مقدس مقامات کی زیارت کے لیے آنا چاہیے۔

بجلی کے بھاری بھر کم بل آنے پر شوبز شخصیات بھی پریشان

لاہور (شوبز ڈیسک،قوت) بجلی کے بھاری بلوں سے جہاں عام عوام مشکلات کا شکار ہیں وہیں شوبز شخصیات بھی پریشان دکھائی دے رہی ہیں۔ حال ہی میں اداکارہ نادیہ خان نے اپنے یوٹیوب چینل پر ایک ویڈیو پوسٹ کی جس میں انہوں نے شوبز سے وابستہ اپنی دوستوں ندا یاسر، سعدیہ امام اور فضا علی سے پوچھا کہ انکا آخری بجلی کا بل کتنا آیا ہے؟ نامور مارننگ شو ہوسٹ ندا یاسر نے بتایا کہ انکا بجلی کا بل ایک لاکھ روپے آیا ہے حالانکہ وہ 15 دن گھر پر موجود ہی نہیں تھیں۔ ندا کا کہنا تھا کہ ہم سارا دن اے سی نہیں چلاتے اور صرف پنکھے کا استعمال کرتے ہیں اور بچوں کو بھی اے سی چلانے سے منع کرتے ہیں، رات میں بھی صرف ایک اے سی چلا کر سب ایک ہی کمرے میں سوتے ہیں، بجلی کے مہنگے بلوں کی وجہ سے ہم سولر لگوانے کا سوچ رہے ہیں لیکن وہ بھی اب بہت مہنگا ہو چکا ہے۔ اداکارہ و ٹی وی میزبان سعدیہ امام نے بتایا کہ بجلی مہنگی ہونے کے بعد ان کا بل 67 ہزار روپے آیا تھا جس کے بعد انہوں نے اپنے گھر پر سولر سسٹم لگوالیا ہے۔

احسن خان کو ہمیشہ اپنے کام کے ساتھ مخلص پایا ہے' ریما

شوبز کی دنیا میں نام بنانے کیلئے بے پناہ محنت کی جس کا اسے ثمر بھی ملا ہے

لاہور (این این آئی) فلمسٹار ریما نے کہا ہے کہ احسن خان نے جتنی محنت کی ہے خدا کی ذات نے اسے اتنی ہی کامیابیاں دی ہیں، احسن خان کو ہمیشہ اپنے کام کے ساتھ مخلص پایا ہے۔ ایک انٹرویو میں ریما نے کہا کہ احسن خان بہترین اداکار ہے اور اس کی وجہ اس کا فن سے لگاؤ ہونا ہے۔ جو بھی انسان اپنے شعبے میں لگن اور جذبے سے کام کرتا ہے اسے ضرور کامیابی ملتی ہے، احسن خان نے شوبز کی دنیا میں نام بنانے کے لئے بے پناہ محنت کی ہے اور اس کا ثمر بھی ملا ہے۔

میوزک کی دنیا میں چمٹے کے استعمال کا سہرا پاکستان کے سر ہے' عارف لوہار

جو لوگ موسیقی سے لگاؤ رکھتے ہیں وہ اس کے ہر ساز کی زبان کو سمجھتے ہیں' انٹرویو میں گفتگو

لاہور (این این آئی) نامور گلوکار عارف لوہار نے کہا ہے کہ میوزک کی دنیا میں چمٹے کے استعمال کا سہرا پاکستان کے سر ہے، جو لوگ موسیقی سے لگاؤ رکھتے ہیں وہ اس کے ہر ساز کی زبان کو سمجھتے ہیں۔ ایک انٹرویو میں عارف لوہار نے کہا کہ چمٹے کو بطور میوزک ساز کے طور پر استعمال کرنے کا کریڈٹ ہمارے لوک گلوکاروں کو جاتا ہے۔ میرے والد عالم لوہار نے چمٹے کے ذریعے اپنی شناخت بنائی۔

حریم شاہ کے شوہر بلال شاہ کی بازیابی کی درخواست پر آئی جی کو نوٹس

کراچی (شوبز ڈیسک،قوت) سندھ ہائیکورٹ نے معروف ٹک ٹاکر حریم شاہ کے شوہر بلال شاہ کی بازیابی سے متعلق درخواست پر محکمہ داخلہ، آئی جی سمیت دیگر نوٹس جاری کر دیئے۔ جسٹس نعمت اللہ پھلپھوٹو کی سربراہی میں دو رکنی بینچ کے روبرو معروف ٹک ٹاکر حریم شاہ کے شوہر بلال شاہ کی بازیابی سے متعلق درخواست کی سماعت ہوئی۔ عدالت نے فریقین کو نوٹس جاری کر دیئے۔ عدالت نے محکمہ داخلہ سندھ اور آئی جی سندھ اور دیگر کو تحریری جواب جمع کرانے کا حکم دیدیا۔ دائر درخواست میں بی بی شہزادی بیگم نے موقف اپنایا ہے کہ بلال شاہ کو 26 اگست کو نامعلوم افراد مین کورنگی روڈ سے اغوا کرکے لے گئے۔ میرے بیٹے کیخلاف کوئی کیس نہیں۔ بلال شاہ ایک ہفتہ قبل لندن سے کراچی پہنچے تھے۔ بلال شاہ اپنی والدہ سے ملاقات کے بعد گھر سے نکلے، تو انہیں مین کورنگی روڈ سے اغوا کرلیا گیا۔ ڈیفنس تھانے میں درخواست بھجوادی، پولیس تا حال بازیاب نہیں کرواسکی۔

دورِ حاضر میں بے وفائی بہت عام ہوگئی ہے' اداکارہ ریشم

کراچی (شوبز ڈیسک،قوت) پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ ریشم نے بے وفا مردوں کی پہچان بتا دی۔ ریشم نے حال ہی میں ایک نجی ٹی وی کے شو میں بطور مہمان شرکت کی جہاں انہوں نے مردوں کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ اگر کوئی مرد بے وفائی کرتا ہے اور کسی رشتے کو ختم کرنا چاہتا ہے تو وہ کوئی معقول بہانہ بنائے گا۔ ریشم نے کہا کہ وہ کالز وصول کرنے سے گریز کرے گا، نظر انداز کرے گا اور بے حسی کا مظاہرہ کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ مرد یہ سب سامنے والے کے پریشان کن رویے کا سہارا لینے کے لیے کرتے ہیں تاکہ ان کے اس رویے پر کوئی سخت ردِعمل سامنے آئے اور پھر وہ اس کو بنیاد بنا کر رشتہ ختم کر سکیں۔ ریشم نے اس بات پر افسوس کا اظہار بھی کیا کہ بدقسمتی سے دورِ حاضر میں بے وفائی بہت عام ہوگئی ہے۔

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

لاہور چیمبر میں تجارت وسیاحت کے مواقع پر کانفرنس، گورنر پنجاب، سفیروں کی شرکت

آسیان میں تاجروں کیلئے بہت سے مواقع موجود، اب ہمیں اپنی غیر استعمال شدہ برآمدی اور آسیان کی درآمدی صلاحیت سے فائدہ اٹھانا ہوگا، گورنر پنجاب

CONFERENCE ON
TRADE & TOURISM
ASEAN

لاہور (خبرنگار) چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے آسیان میں تجارت وسیاحت کے مواقع پر ایک اہم کانفرنس منعقد کی جس سے گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمن، لاہور چیمبر کے صدر کاشف انور، ملائیشیا کے ہائی کمشنر محمد اظہر مزلان، انڈونیشیا کے سفیر ایڈم ملاورمان توگیو، سینئر نائب صدر ظفر محمود چوہدری، نائب صدر عدنان خالد بٹ نے خطاب کیا جبکہ سٹینڈنگ کمیٹی برائے آسیان کے کنوینر راجا حسن اختر اور ایگزیکٹو کمیٹی رکن فریحہ یونس بھی موجود تھے۔ گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمان نے لاہور چیمبر کے صدر کو بہترین موضوع پر کانفرنس منعقد کرنے پر مبارکباد دی اور کہا کہ نئے مواقع کی تلاش کرنا چیمبر کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک غیر معمولی حالات سے گزر رہا ہے۔ اس وقت ہم روپے کی قدر میں کمی دیکھ رہے ہیں اور ہماری معیشت سست روی کا شکار ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک 2022 میں ڈیفالٹ ہونے جا رہا تھا اور بہت سے ماہرین اقتصادیات نے کہا کہ ہم پہلے ہی ڈیفالٹ کر چکے ہیں اور بس اعلان کرنا باقی ہے لیکن ہم ان حالات سے نکل آئے ہیں اور نئے مواقع کی طرف بڑھ رہے ہیں۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ آسیان میں تاجروں کے لیے بہت سے مواقع موجود ہیں۔ اب ہمیں اپنی غیر استعمال شدہ برآمدی اور آسیان کی درآمدی صلاحیت سے فائدہ اٹھانا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ حلال حلال مارکیٹ میں اپنی جگہ بنانے کے لیے حلال معیارات کو بہتر کرنا ہو گا۔ انہوں نے کہا کہ تمام ادارے اور حکومت سرمایہ کاروں کی سہولت کے لیے پوری طرح تیار ہیں۔ سیاحت کے حوالے سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان میں سیاحت کے حوالے سے بہت زیادہ پوٹینشل موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاحت کے بنیادی بنیادی انفراسٹرکچر میں سرمایہ کاری کی ضرورت ہے۔ انہوں کہا کہ لاہور چیمبر کا ریسرچ ڈیپارٹمنٹ سفارتخانوں کے ساتھ مل کر تحقیق کرے اور ہر شعبے میں مل کر کام کرے۔ لاہور چیمبر کے صدر کاشف انور نے کہا کہ یہ کانفرنس پاکستان اور آسیان کے رکن ممالک کے نجی شعبے کے نمائندوں کے درمیان تعاون کو فروغ دینے اور رابطوں کو بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ آسیان خطہ طویل عرصے سے ایک متحرک اقتصادی پاور ہاؤس کے طور پر پہچانا جاتا رہا ہے اور پاکستان اپنی بے پناہ صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر اس سے بہت فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ کاشف انور نے کہا کہ لاہور چیمبر برآمد کنندگان کو سہولیات فراہم کرنے کے لیے ہمیشہ پیش پیش رہا ہے کیونکہ ملک کی مستحکم اقتصادی ترقی کے لیے یہ اشد ضروری ہے۔ لاہور چیمبر کے صدر نے کہا کہ آسیان دنیا میں تیزی سے ترقی کرنے والے خطوں میں سے ایک ہے۔ پچھلی چند دہائیوں کے دوران آسیان نے مضبوط اقتصادی ترقی حاصل کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سال 2022 میں آسیان کی عالمی برآمدات 2 ٹریلین ڈالر سے زائد جبکہ درآمدات 1.87 ٹریلین ڈالر تھیں۔ آسیان کو پاکستان کی برآمدات محض 58.1 ارب ڈالر جبکہ آسیان سے ہماری درآمدات 96.8 ارب ڈالر کے لگ بھگ ہیں۔

حکمران ہڑتال کو نوشتہ دیوار سمجھیں اور ریلیف کیلئے اقدامات کریں، پروگریسو گروپ

پروگریسو گروپ کی تمام تاجر برادری اور سیاسی قیادت خصوصاً جماعت اسلامی کو بجلی کی بڑھتی قیمتوں کے خلاف کامیاب ہڑتال پر مبارکباد

لاہور (خبر نگار) لاہور ایوان صنعت وتجارت کے اراکین پر مشتمل پروگریسو گروپ نے ہفتہ کے روز بجلی کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کے خلاف کی جانے والی کامیاب ہڑتال پر تمام تاجر برادری، سیاسی پارٹیوں خصوصاً جماعت اسلامی اور عوام کو مبارکباد دیتے ہوئے حکمرانوں کو خبردار کیا ہے کہ اس ہڑتال کو نوشتہ دیوار سمجھیں اور عوام کو ریلیف دینے کیلئے فی الفور اقدامات اٹھائیں۔ پروگریسو گروپ نے مزید کہا کہ یہ احتجاج یہاں پر ختم نہ ہوگا بلکہ اس وقت تک جاری رہے گا جب تک کے عوام کو ریلیف نہیں مل جاتا۔ حکمران اس کے لئے اپنے اخراجات کم کریں سادگی کو فروغ دیں اور صنعتوں اور کاروبار کے لئے ماحول سازگار بنائیں۔ صنعتوں اور کاروبار کے چلنے سے نہ صرف عوام کے لئے روزگار کے مواقع ملیں گے بلکہ حکومت کے لئے بھی ریونیو اکٹھا ہوگا جس سے ملکی معاشی مسائل حل کئے جاسکیں گے۔ پروگریسو گروپ کے مرکزی رہنما اور لاہور چیمبر کی ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن محمد اعجاز تنویر، عبدالودود علوی اور محسن بشیر نے اپنے ایک بیان میں مزید کہا کہ ان کا گروپ پہلے ہی اس سلسلے میں حکمران چاہے آج کے ہوں یا گذشتہ چند ادوار کے ان کو باور کروانے کی کوشش کر رہا ہے کہ قرضوں پر انحصار کرنے کی بجائے برآمدات کے بڑھانے، کاروباری اور صنعتوں کے لاگت میں مناسب کمی کرنے اور عوام کو ریلیف دینے کے اقدامات کرے تاکہ ملک کو معاشی گرداب سے نکالا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ اس کے لئے ملک میں انڈسٹری لگانا آسان بنائی جائے، ایکسپورٹر کو قومی ہیرو قرار دیا جائے تاکہ وہ دلجمعی سے مزید بہتری کے لئے کام کرسکیں، ایکسپورٹ رامٹریل کی فراہمی آسان بنائی جائے، ایکسپورٹرز کو بنکوں سے آسان اقساط پر قرضے فراہم کئے جائیں، دنیا بھر کے سفارت خانوں میں کمرشل اتاشی سیاسی بنیادوں کے بجائے میرٹ پر رکھیں جائیں اور ان کی کارکردگی کی بنیاد پر ان کو آگے ترقی دی جائے۔ بجلی کے معاملے کی بہتری کے لئے، اعجاز تنویر اور دیگر نے کہا کہ ملک کو قابل تجدید توانائی کے لئے ہنگامی بنیادوں پر کام کرنے کی ضرورت ہے۔ آئی پی پی سے سابقہ معاہدات پر نظر ثانی کی جائے اور بجلی کی ترسیل کے نظام کو پرائیوٹ پبلک پارٹنرشپ کی بنیاد پر چلایا جائے۔

سمیڈا نے محدود وسائل کے باوجود ایس ایم ایز کی ترقی کیلئے بہترین اقدامات کیے

کے پی گورنمنٹ کی طرف سے سمیڈا کے ساتھ اشتراک عمل جاری رکھا جائے گا، چیف سیکرٹری کا مراسلہ

لاہور (خبر نگار) خیبر پختونخواہ گورنمنٹ نے ایس ایم ای سیکٹر کی ترقی کیلئے سمال اینڈ میڈیم انٹر پرائز ڈویلپمنٹ اتھارٹی "سمیڈا" کی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے یقین دہانی کرائی ہے کہ صوبے میں ایس ایم ایز کو فروغ دینے کے سلسلے میں سمیڈا کے ساتھ بھرپور اشتراک عمل جاری رکھا جائے گا۔ خیبر پختونخواہ کے چیف سیکرٹری ندیم اسلم چوہدری کی طرف سے سمیڈا میں موصول شدہ ایک مراسلے میں کہا گیا ہے کہ فرحان عزیز خواجہ کی بطور سی ای او قیادت کے مختصر عرصہ کے دوران محدود مالی وانسانی وسائل کے باوجود متعدد اہم اقدامات متعارف کرائے گئے جن میں نیشنل آئیڈیا لیب، ایس ایم ای ون ونڈو اور ایس ایم ای ڈیٹا بیس کی تیاری جیسے منصوبے قابل ذکر ہیں۔ علاوہ ازیں ایس ایم ای پالیسی 2021 پر عملدرآمد کے حوالے سے بھی نمایاں پیش رفت کی گئی ہے۔ پی ایس ڈی پی کے تحت جاری منصوبوں کیلئے کثیر فنڈز اور لاہور وکوئٹہ کی انڈسٹریل اسٹیٹس میں ایس ایم ایز فیسلیٹی سنٹرز کیلئے اراضی کا حصول بھی ممکن بنایا گیا ہے۔ جبکہ ایکسپورٹ ڈویلپمنٹ فنڈ سے متعلقہ 15 منصوبوں اور پاکستان انوویشن فنڈ کے 22 مجوزہ منصوبوں کی تشکیل کا عمل بھی قابل ستائش ہے۔ چیف سیکرٹری خیبر پختونخواہ نے امید کی ہے کہ سمیڈا کے نئے اقدامات ملک میں ایس ایم ایز کی ترقی کیلئے مہمیز ثابت ہونگے۔ انہوں کہا کہ خیبر پختونخواہ میں ایس ایم ای سیکٹر کی ترقی کیلئے صوبائی حکومت کی طرف سے سمیڈا سے بھرپور تعاون جاری رکھا جائے گا۔

عوام بدترین مہنگائی کے باعث ذہنی کوفت کا شکار

سفید پوش طبقے کیلئے بچوں کو دو وقت کی روٹی کھلانا بھی مشکل ہوچکا

بدوملہی (نامہ نگار) عوام اس وقت بدترین مہنگائی کی وجہ سے ذہنی کوفت کا شکار ہیں۔ مہنگائی کا طوفان اس قدر برپا ہوچکا ہے کہ غریب اور سفید پوش طبقوں کے لیے اپنے بال بچوں کو دو وقت کی روٹی کھلانا بھی مشکل ہو چکا ہے۔ اس وقت انکے گھروں کے چولہے ٹھنڈے پڑ گئے اور نوبت فاقہ کشی تک آ پہنچی ہے۔ عوام تنگ آ کر خودکشیاں کرنے پر مجبور ہیں اس وقت حکومت کی طرف سے بجلی کے بلوں میں ناجائز ٹیکس لگائے گئے ہیں۔ غریب پیشہ طبقے کے لیے بجلی کے بل ادا کرنا مشکل ترین ہو چکا ہے اس کے ساتھ ساتھ حکومت کی طرف سے پیٹرول کی قیمتوں میں اضافے سے بھی عوام عذاب میں مبتلا ہو چکی ہے۔ غریب پیشہ طبقے کے لیے ٹرانسپورٹ اور ریل گاڑیوں کے ذریعے سفر کرنا بھی مشکل ہو چکا ہے۔ اشیاء خوردونوش، بجلی کے بلوں، پیٹرول، ٹرانسپورٹ اور ریلوے کے کرایہ جات میں اضافہ سے عوام کی چیخے نکل گئی۔ ہر چیز کی قیمتیں اس قدر بڑھ گئی ہیں غریب پیشہ اور سفید پوش طبقے کا سکون تباہ ہو چکا ہے۔ جس پر بدوملہی کے مختلف سے تعلق رکھنے والے افراد نے حکومت نے اس بات مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر مہنگائی پر قابو پانے کے ساتھ ساتھ بجلی کے بلوں، پیٹرول کی قیمتوں میں کیے اضافہ فوری ختم کریں تاکہ ٹرانسپورٹ اور ریل گاڑیوں کے کرایہ جات میں کمی آسکے۔ ورنہ عوام سڑکوں پر نکل کر شدید احتجاجی ریلیوں کا سلسلہ شروع کردیں گے۔

گجرات: پروفیسر ڈاکٹر عابد نذیر یو او جی نواز شریف میڈیکل کالج کے پہلے کانووکیشن میں آمد پر جنرل سیکرٹری گجرات پریس کلب راجہ ریاض احمد راسخ، سید نوید شاہ، رانا شہزاد عبدالسلام مرزا، کو گلدستہ پیش کر رہے ہیں

قومی دولت کو بے دردی سے لوٹا گیا، شہزاد اسلم بھٹی

پیپلز پارٹی کے رہنماؤں اور سابق وزرا سے کھربوں روپے نکل رہے ہیں،

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) پیپلز پارٹی کے رہنماؤں اور سابق وزرا کے قبضہ سے کھربوں روپے نکل رہے ہیں قومی دولت کو بے دردی سے لوٹا گیا ملک میں تباہی کے اصل زمہ دار پیپلز پارٹی اور ن لیگ والے ہیں ان کی کرپشن چوری اور عیاشیوں نے ملک کو کھوکھلا کر دیا ہے ایسی کرپشن کسی بھی دوسرے ملک میں نہیں کی گئی جیسی پاکستان میں رائج ہے ان خیالات کا اظہار سیاسی وسماجی رہنما علی شہزاد اسلم بھٹی نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا قوم کو کرپٹ اشرافیہ کے خلاف اٹھ کھڑا ہونا پڑے گا پیپلز پارٹی کے رہنماؤں کے گھروں سے جو کھربوں روپے برآمد ہوئے ہیں وہ قومی خزانے میں جمع کروائے جائیں۔ اور لوٹنے والوں کو نشان عبرت بنایا جائے ملک بچانے کیلئے ایسے سخت فیصلے کرنا پڑیں گے ورنہ حالات کبھی بہتر نہیں ہوسکتے۔

لاثانی ایکسپریس کی بوگیاں کم مسافر شدید پریشان

خواتین اور بچوں کے ہمراہ ٹرین کا سفر دشوار ہوگیا کم بوگیوں سے حادثات میں اضافہ ہونے لگا

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) لاثانی ایکسپریس کی بوگیاں کم مسافر شدید پریشان خواتین اور بچوں کے ہمراہ ٹرین کا سفر دشوار ہوگیا کم بوگیوں کی وجہ سے حادثات میں اضافہ ہونے لگا ٹرین پر جلدی اور پہلے سوار ہونے کی جنگ نے مسافر کو موت کے منہ میں دھکیل دیا روزگار کے سلسلے میں لاہور سفر کرنے والے ہزاروں مسافروں کی زندگیاں داؤ پر لگادی گئیں لاثانی ایکسپریس پر مسافروں کی کثیر تعداد سفر کرتی ہے اس کے باوجود بوگیاں نہیں بڑھائی گئیں شدید گرمی اور حبس میں مسافر بھیڑ بکریوں کی طرح سفر کرنے پر مجبور ہیں ریلوے کے بار بار نوٹس میں لانے کے باوجود بوگیاں نہیں بڑھائی گئیں جس سے مسافروں کی مشکلات میں اضافہ ہو رہا ہے گزشتہ روز بھی لاثانی ایکسپریس پر سوار ہوتے ہوئے مراد علی پاؤں پھسلنے سے ٹرین کی زد میں آ کر موت کی آغوش میں چلا گیا اہل علاقہ شدید احتجاج کرتے ہوئے وفاقی وزیر ریلوے سمیت متعلقہ حکام سے لاثانی ایکسپریس کی بوگیاں بڑھانے کا مطالبہ کیا ہے۔

مہنگائی کی وجہ سے غریب آدمی کی زندگی عذاب بن گئی، فوزیہ ممتاز

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) پی پی پی خواتین ونگ اوکاڑہ فوزیہ ممتاز رانجھا نے کہا ہے کہ مہنگائی کی وجہ سے غریب آدمی کی زندگی عذاب بن گئی ہے۔ مہنگائی کے ستائے عوام اب اپنا رونا کس کے آگے روئیں۔ پیپلز پارٹی ہمیشہ کی طرح برسراقتدار آکر روٹی کپڑا اور مکان کے نعرے پر عمل پیرا ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا فوزیہ ممتاز رانجھا نے کہا کہ ملک وقوم کو ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن کرنے کے لئے عوام کی منتخب کردہ حکومت کا ہونا لازمی ہے۔ نگران حکومت نے تو عوام کے کڑاکے نکال دیئے ہیں۔ پاکستان پیپلز پارٹی جمہوری عمل کو مظبوط بنا کر ہر طرح کے اختیارات عوام کو نچلی سطح پر منتقل کر کے ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن کرے گی۔

میٹریل کی قیمتوں میں مزید اضافہ ہونے سے تعمیراتی کام ٹھپ

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم تعمیراتی میٹریل کی قیمتوں میں مزید اضافہ ہونے سے تعمیراتی کام ٹھپ ہوگیا، محنت کشوں، دیہاڑی دار، مزدوروں کی مشکلات میں غیر معمولی ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ اضافے کے بعد تعمیراتی میٹریل کی قیمتیں بھی بڑھ گئی ہیں اور تعمیراتی میٹریل کی قیمتوں میں 20 فیصد سے زائد کا اضافہ کردیا گیا۔ سیمنٹ کی بوری کی سرکاری قیمت میں 60 روپے کے اضافے کے بعد سیمنٹ کی بوری 1160 روپے میں فروخت شروع ہوچکی ہے۔

مہنگائی کے ساتھ گرانفروشی نے خریداروں کی چیخیں نکلوادیں

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم مہنگائی کے ساتھ گراں فروشی نے خریداروں کی چیخیں نکلوا دیں۔ پرچون سطح پر کسی بھی اوپن مارکیٹ میں سبزیاں اور پھل سرکاری نرخوں کے مطابق دستیاب نہیں۔ گزشتہ روز بھی سرکاری نرخنامے میں آٹا، دال مسور، سرخ مرچ، چینی، بناسپتی گھی، سفید چنوں کے نرخ جاری نہ کیے گئے اور دکانداروں نے درجہ دوم اور سوئم کی اشیاء اول کے نام پر فروخت کیں، سرکاری نرخنامے میں آلو سٹور کا نرخ 73 روپے مقرر کر رکھا تھا تاہم دکاندار 100 میں فروخت کرتے رہے، پیاز 72 کی بجائے 100، ٹماٹر درجہ اول 80 کی بجائے 120 روپے میں فروخت ہو رہے ہیں۔

25 ہزار کے پرائز بانڈز کی قرعہ اندازی 11 ستمبر کو ہوگی

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید) ناظم مرکز قومی بچت گوجرانوالہ ڈویژن کی پریس ریلیز کے مطابق 25 ہزار روپے مالیت کے پرائز بانڈز کی قرعہ اندازی مورخہ 11 ستمبر 2023 بوقت صبح 8 بجکر 45 منٹ پر اسٹیٹ بنک آف پاکستان سیالکوٹ میں منعقد ہوگی۔ انہوں نے بتایا کہ قرعہ اندازی کے بعد پہلے انعام کے دو، دوسرے انعام کے پانچ اور تیسرے انعام کے 700 حقداران کے ناموں کا اعلان کیا جائے گا۔

لاہور: ایک شخص ریڑھی پر کھانے کی مختلف اشیا فروخت کر رہا ہے

بجلی کی قیمتوں میں اضافہ نے عام آدمی کی زندگی اجیرن کر رکھی ہے، زوالفقار علی زکریا

تاریخی مہنگائی غریب ومتوسط طبقہ سمیت عام پاکستانیوں کا بھرکس نکال دیا

پیٹرول بجلی سمیت اشیاء صرف قیمتوں میں ہوشربا اضافہ نے عام آدمی کی زندگی اجیرن کر رکھی ہے، زوالفقار علی زکریا۔ ملک بھر میں جاری ہوشربا تاریخی مہنگائی غریب و متوسط طبقہ سمیت عام پاکستانیوں کا بھرکس نکال دیا ہے۔ جہاں ڈالر بے لگام ہوتے ہوئے اوپن مارکیٹ میں 325 سے اوپر چلا گیا ہے وہیں پیٹرول ڈیزل بھی تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ چکا اور اس سب کیوجہ سے گھریلو ضروریات صرف سمیت پہلے سے مہنگی جان بچانے والی ادویات سے لیکر عام میڈیسن تک مہنگی ترین ہوچکی ہیں۔ ان باتوں کا اظہار معروف ایجوکیٹر و پرنسپل دی نالج ان سکول ماڈل ٹاؤن اگوکی حافظ زوالفقار زکریا نے اپنے ایک میڈیا بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ چیف جسٹس آف پاکستان کو ہوشربا مہنگائی ہر سوموٹو لینا چاہیے اور حکومت وقت کو چاہیے کہ وہ گڈ گورننس کیلئے فوری مہنگائی کنٹرول میکنزم انفورس کرکے عام پاکستانیوں کی زندگیوں میں سے مہنگائی کے عفریت کو نکالیں۔ مہنگائی کیوجہ سے راہزنی چوری ڈکیتی ولوٹ مار اور فراڈ بھی عام ہورہا ہے جس کا سامنا الگ سے عام عوام کر رہی ہے۔

ڈالر، بجلی، پیٹرول مہنگا، ملک میں خانہ جنگی کے خطرات، پیاف

بڑھتی مہنگائی نے عوام اور تاجروں پر تباہ کن اثرات مرتب کیے، سینیٹر ظفر اقبال

کاروبار تباہ ملکی معیشت کو سخت نقصان کا سامنا ہے، ہارون شفیق چوہدری

پاکستان کی مارکیٹوں کا بند ہونا حکومت کیلئے لمحہ فکریہ ہے، راجہ عدیل اشفاق

لاہور (کامرس ڈیسک) پاکستان انڈسٹری اینڈ ٹریڈرز فرنٹ پیاف کے چیئرمین سینئر ظفر اقبال چوہدری سینیئر وائس چیئرمین ہارون شفیق چوہدری، وائس چیئرمین راجہ عدیل اشفاق نے اپنا مشترکہ بیان میں کہا ڈالر بجلی پیٹرول مہنگا، ٹیکسوں کی بھر مار ملک میں خانہ جنگی کے خطرات بڑھتی ہوئی مہنگائی نے عوام اور تاجروں پر تباہ کن اثرات مرتب کیے، کاروبار تباہ ملکی معیشت کو سخت نقصان کا سامنا ہے۔ پیاف کے رہنماؤں نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ڈالر بجلی پیٹرول مہنگا تاجروں پر ٹیکسوں کی بھر مار ملک میں خانہ جنگی کے خطرات پیدا کر رہی ہے ملک میں بڑھتی ہوئی مہنگائی کے اثرات نے تاجروں اور عوام کو اپنی لپیٹ میں لے رکھا ہے ہر طرف خوف و ہراس کے بادل منڈلا رہے ہیں۔ تاجر برادری اور عوام پر ٹیکسوں کے اضافی بلوں کے ساتھ بھاری بل کاروباری پیداواری صلاحیت کو روک کر معاشی ترقی کی راہ میں رکاوٹ پیدا کی جا رہی ہے۔ پیاف کے رہنماؤں نے کہا جب کسی ملک کی معیشت تباہ و برباد ہو جائے تو ملک کی اپنے پیروں پر کھڑا ہونے کی صلاحیت کم ہو جاتی ہے۔ کاروبار کسی بھی ترقی پذیر ممالک کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے انہوں نے کہا کہ اگر پاکستان میں حکومت معاشی بحران سے نمٹنے میں ناکام رہی تو ہمیں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔

لاہور: ڈھولچی کام نہ ہونے کے باعث گرین بیلٹ پر بیٹھے ہیں

CRIME
& COURT
جرم وسزا

ایس ایچ او کوٹلی لوہاراں ضرورت مند خاتون کے گھر راشن لے کر پہنچ گئے

سیالکوٹ پولیس کا انسانی خدمت کا مشن جاری

ایس ایچ او کوٹلی لوہاراں ضرورتمند خاتون کے گھر راشن لے کر پہنچ گئے

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید) سیالکوٹ پولیس کا انسانی خدمت کا مشن جاری ایس ایچ او کوٹلی لوہاراں ضرورت مند خاتون کے گھر راشن لے کر پہنچ گئے۔ بیمار شوہر کے علاج کی ذمہ داری اٹھالی۔ تھانہ کوٹلی لوہاراں کے گاؤں چک سروانی کی رہائشی خاتون نے 15 پر کال کر کے بتایا کہ اس کا خاوند بیماری کی وجہ سے مزدوری کرنے سے قاصر ہے گھر میں کھانے کو کچھ نہیں، بچے بھوکے ہیں۔ ڈی پی او سیالکوٹ محمد حسن اقبال کے نوٹس لینے پر ایس ایچ او کوٹلی لوہاراں مہینے بھر کا راشن لے کر خاتون کے گھر پہنچ گئے۔ خاتون کے شوہر کو ہسپتال لے جا کر ڈاکٹر سے معائنہ کرا کے دوائی دلوائی اور مریض کی مکمل صحتیابی تک علاج کی ذمہ داری اٹھائی۔ ضرورت مند فیملی نے پولیس کا شکریہ ادا کیا اور خوب دعائیں دیں۔ جبکہ اہل علاقہ نے پولیس کے اس مستحسن اقدام کو خوب سراہا ہے۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور صاحب نے صوبے بھر کے پولیس افسران کو اپنے ارد گرد مجبور اور ضرورت مند لوگوں کا خیال رکھنے اور ان مدد کرنے کی ہدایت کی ہے۔ عمائدین شہر اقبال سیالکوٹ کی جانب سے سیالکوٹ پولیس کو زبردست خراج تحسین۔

پولیس کا کریک ڈاؤن، 4 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن جاری، تفصیلات کے مطابق 04 ملزمان گرفتار کرلئے گئے، تھانہ سول لائنز پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے دھوکہ دہی اور نوسربازی، جعلی چیک کے مقدمے میں ملوث ملزمان سمیت شراب سپلائر ملزم گرفتار کرلیا گیا، دھوکہ دہی اور نوسربازی کرنے والے ملزم کی شناخت محمد افضل کے نام سے ہوئی ہے، ملزم رضوان شہری کو جعلی چیک تھمانے کے مقدمہ میں مطلوب ہے، شراب سپلائر ملزم اویس کو گرفتار کر کے 10 لیٹر شراب برآمد کرلی گئی جسکے خلاف الگ مقدمہ درج کرلیا گیا ہے، جبکہ تھانہ جلالپور شریف پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے لڑائی جھگڑا کرنے والے 02 ملزمان احسن عباس اور شکیل کو گرفتار کرلیا، ملزمان نے شہری کو تشدد کا نشانہ بنایا، ڈی پی او ناصر محمود باجوہ کا کہنا تھا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، تاہم پولیس کی اہم کاروائی، چوری کے مقدمات میں ملوث 02 ملزمان گرفتار، مسروقہ 02 عدد موٹر سائیکل برآمد، تفصیلات کے مطابق تھانہ سول لائینز پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے ملزم کاشف کو گرفتار کرلیا، ملزم سے مسروقہ موٹر سائیکل برآمد، جبکہ تھانہ دینہ پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے ملزم خاور کو گرفتار کرلیا۔

قتل کا ملزم گرفتار نہ ہونے پر لواحقین کا ضلع کونسل چوک میں احتجاج

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) تھانہ ساہیانوالہ کی پولیس قتل کے ملزم گرفتار کرنے سے گریزاں لواحقین کا ضلع کونسل چوک میں احتجاج پولیس کے خلاف نعرہ بازی۔ تفصیلات کے مطابق ایف آئی آر نمبری 472/23 کے مطابق مورخہ 23.08.30 کو احسان مسیح ودیگر چک نمبر 5 ج ب کمال پور پنجگرائیں میں بشارت واہلہ کے ڈیرے پر چارہ کاٹ رہے تھے کہ محمد اسلم، محمد سرور، منصب، مشو وغیرہ مسلح آتشیں اسلحہ آئے اور احسان مسیح آ اور ہمیں زدوکوب کرنا شروع کر دیا اور احسان کو اغوا کر کے لے گیے اور کہا کہ پانچ لاکھ روپے دیکر اپنا بندہ لے جانا لیکن چند دن بعد احسان مسیح کی ڈیڈ باڈی مل گئی ایف آئی آر درج ہونے کے باوجود ملزمان ناگرفتار نا ہونا باعث تشویش ہے ملزمان کی عدم گرفتاری پر پاسٹر ڈیوڈ عمانوایل۔ شمعون عبداللہ۔ عابد جارج۔ شمس بوٹا۔ ندیم خان نے ضلع کونسل میں احتجاج کرتے ہوئے مطالبہ کیا۔

MBBS in KYRGYZSTAN
POLICE
in PAKISTAN

فیصل آباد: تھانہ سائیاں والا کی پولیس ناانصافی کے خلاف پاسٹر ڈیوڈ عمانوایل، شمعون عبداللہ، عابد جارج، شمس بوٹا، ندیم خان ودیگر ضلع کونسل چوک میں احتجاج کر رہے ہیں

چار افراد نے فائرنگ کر کے ساٹھ سالہ شخص کو قتل کردیا

وزیر آباد (نامہ نگار) چار افراد نے فائرنگ کر کے ساٹھ سالہ شخص کو قتل کر دیا، نعش سول ہسپتال منتقل۔ نواحی علاقہ کوٹ یوسف کا رہائشی 60 سالہ شخص محمد طفیل وزیر آباد سے واپس گھر آ رہا تھا کہ مین چوک لائبریری والا پہنچا تو گھات لگائے ملزم اعجاز سکنہ کوٹ یوسف نے اپنے تین ساتھیوں کے ہمراہ فائرنگ کر دی جسکے نتیجہ میں محمد طفیل گولیاں لگنے سے شدید زخمی ہوگیا جو زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے موقع پر ہی جان کی بازی ہار گیا۔ ملزمان فائرنگ کرتے ہوئے موقع سے فرار ہوگئے۔

سماجی شخصیت چوہدری بلال سرور کی عمر زمان گجر کو ایس ایچ او تھانہ ندو کی تعینات ہونے پر مبارکباد

شکرگڑھ (نامہ نگار) سماجی شخصیت چوہدری بلال سرور نے سب انسپکٹر چوہدری عمر زمان گجر کو ایس ایچ او تھانہ ندو کی تعیناتی ہونے پر مبارکبادی۔ اور پھولوں کا گلدستہ پیش کیا۔ چوہدری بلال سرور نے کہا امید کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ آپکو مزید کامیابیاں اور کامرانیاں عطاء فرمائے۔ اور پولیس نارووال کے لیے آپ جس طرح فخر ہیں اور محنت اور دیانتداری سے محکمانہ زمہ داریاں احسن طریقے سے نبھاتے ہیں نئی تعیناتی بھی آپکے لیے تھانہ ندو کی خوش آئند ثابت ہو اور انصاف کا بول بالا ہو۔

تھانہ تھہ شیخم کی حدود میں ڈاکوؤں نے ایک گھر کا صفایا کردیا

قصور (بیورو رپورٹ) تھانہ تھہ شیخم کی حدود میں ڈاکوؤں نے ایک گھر سے لاکھوں روپے نقدی، طلائی زیورات، موٹر سائیکل اور گھی چینی سے لیکر دیگر سامان پر بھی ہاتھ صاف کرلیا۔ تھانہ تھہ شیخم کی حدود میں رات گئے نامعلوم چار ڈاکو رائے ابوبکر کے رہائشی نعیم کے گھر میں دیوار پھلانگ کر داخل ہوئے اور نعیم اور اسکے بھائی وسیم ودیگر کو اسلحہ کے زور پر باندھ کر گھر سے دو لاکھ روپے نقدی، دو تولہ طلائی زیورات، موٹر سائیکل، گھریلو کپڑے جبکہ گھی، چینی اور دالوں پر بھی ہاتھ صاف کر کے وہاں سے فرار ہوگئے۔ پولیس تھانہ تھہ شیخم مقدمہ درج کر کے مصروف کاروائی ہے۔

ڈی پی او سیالکوٹ کی پولیس لائنز میں کرائم میٹنگ

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ محمد حسن اقبال کی اتوار کے روز کانفرنس روم پولیس لائنز میں کرائم میٹنگ تھانہ جات کی انفرادی کارکردگی کا جائزہ لیا ناقص کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران کے خلاف محکمانہ کاروائی کے احکامات۔ میٹنگ میں ایس پی انویسٹی گیشن ضیاء اللہ، ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ او صاحبان نے شرکت کی، ڈی پی او نے سنگین مقدمات کی پراگریس چیک کی، مطلوب ملزمان واشتہاریوں کو گرفتار کرنے، مال مسروقہ برآمد کر کے اصل مالکان کے حوالے کرنے اور زیر تفتیش مقدمات کو میرٹ پر یکسو کرنے کے احکامات جاری کئے۔ ڈی پی او نے تھانہ جات میں مقدمات کے اندراج کے سلسلہ میں جاری کردہ ٹائم لائنز اور پکار 15 کالز پر مقدمات کے اندراج کا جائزہ لیا اور افسران کو انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب کی ہدایات سے متعلق بریف کیا۔

روزی کی تلاش میں ملائیشیا جانیوالا شخص معذور ہو گیا

قصور (بیورو رپورٹ) روزی روٹی کی تلاش میں ملائیشیا جانے والا 48 سالہ شخص مکمل طور پر معذور ہو گیا۔ اہل خانہ کی حکومت سے مدد کی اپیل۔ تین سال قبل محمد اشرف کلے والا گاؤں قصور کا رہائشی ذریعہ معاش کے لیے ملائیشیا گیا اور چند ماہ قبل وہاں بیروزگاری کی پریشانی پر اس کا بلڈ پریشر تیز ہونے سے اسے اچانک اسکی طبیعت خراب ہوئی گئی جس سے اسے فالج کا اٹیک آگیا۔ فالج کی وجہ سے محمد اشرف کا دایاں سائیڈ مکمل طور پر ناکارہ ہوگیا تاہم محمد اشرف کے گھر والوں کے مطابق اسکے جسم کا بائیاں سائیڈ بھی چند دن قبل ناکارہ ہوگیا ہے۔ محمد اشرف چلنے پھرنے کے قابل بھی نہیں رہا اور وہ وہ بستر مرگ تک جا پہنچا ہے۔ محمد اشرف کی بیوی نے رشتے داروں اور سود پر پکڑ کر کچھ رقم اپنے خاوند کو ملائیشیا بھجی مگر علاج مہنگا ہونے کی وجہ سے وہ مزید رقم بھیجنے سے قاصر ہے۔ محمد اشرف کی بیوی نے کہا کہ اس مہنگائی کے دور میں بچوں کو روٹی کھلاؤں۔ انہوں نے حکومت پاکستان سے اپیل کی ہے۔

منشیات کے خلاف ضلع ننکانہ صاحب میں آگاہی مہم جاری

تعلیمی اداروں کے طلباء وطالبات کو منشیات سے بچاؤ اور نقصانات کے متعلق آگاہی فراہم کی گئی

ننکانہ صاحب (نمائندہ قوت چوہدری محمد عرفان گجر) آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے ویژن کے مطابق منشیات کے خلاف ضلع ننکانہ صاحب میں آگاہی مہم جاری۔ ڈی پی او صاعد عزیز کی سربراہی میں ضلعی پولیس کا انتہائی احسن اقدام۔ تفصیلات کے مطابق ننکانہ پولیس افسران کے ضلع بھر کے تعلیمی اداروں کے دورے کیے طلباء وطالبات کو منشیات سے بچاؤ اور نقصانات کے متعلق آگاہی فراہم کی گئی۔ تعلیمی اداروں کے سربراہان اور طلباء وطالبات نے ضلعی پولیس کی اس کاوش کو خوب سراہا۔ ڈی پی او ننکانہ کا کہنا ہے کہ نوجوان نسل کو منشیات کے ناسور سے محفوظ رکھنا ہم سب کی اہم ذمہ داری ہے۔ ہمارے نوجوان آنے والے کل کا سرمایہ ہیں۔ اہلیان ضلع ننکانہ منشیات کے خلاف آگاہی مہم میں ضلعی پولیس کا بھرپور ساتھ دیں۔ ضلعی پولیس نہ صرف منشیات کے خلاف آگاہی مہم چلا رہی ہے بلکہ منشیات فروشوں اور منشیات فروشی کے اڈوں کا خاتمہ بھی یقینی بنا رہی ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ ضلعی پولیس نشے سے انکار اور زندگی سے پیار کے اصولوں کو یقینی بنانے میں دن رات کوشاں ہیں۔

ڈرگ سکواڈ کی کارروائی، مینوفیکچرنگ یونٹ سیل، 3 ملزم گرفتار

فیصل آباد (میاں محمد ساجد) ڈرگ سکواڈ نے غیر قانونی طریقے سے جعلی ادویات کی تیاری پر مینوفیکچرنگ یونٹ سیل اور موقع سے تین افراد کو گرفتار کرنے کے علاوہ بڑی مقدار میں مختلف فرمز کی تیار کردہ ادویات ضبط کرلیں۔ چیف ڈرگ کنٹرولر پنجاب اظہر جمال سلیمی کی ہدایات اور سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر اسفند یار کی زیر نگرانی ڈرگ انسپکٹرز خالد مصطفی اور محسن اصغر نے مشترکہ طور پر عیدگاہ روڈ نوابانوالہ میں یونٹ پر چھاپہ مارا تو وہاں مختلف فارماسیوٹیکل فرمز کی ادویات تیار کی جارہی تھیں۔ موقع سے پیراسیٹامول، بروفن، فروسامائیڈ، ملٹی وٹامنز سمیت دیگر ادویات قبضہ میں لے لیں جو افغانستان کے مختلف شہروں میں براستہ پشاور سپلائی کرنے کا پروگرام تھا۔ ڈرگ سکواڈ نے نمونے حاصل کر کے تجزیہ کے لئے لیبارٹری بھجوادیے اور مالک کے خلاف ڈرگ ایکٹ کے تحت مقدمہ کے اندراج کے لئے تحریر کردیا۔

سپیشل مجسٹریٹ کا ناجائز منافع خوروں کیخلاف ایکشن، 43 ہزار سے زائد جرمانہ، 5 دکانیں سیل

قصور (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر کی ہدایت، سپیشل مجسٹریٹ محمد عامر گجر کا ناجائز منافع خوروں کیخلاف ایکشن، 43 ہزار سے زائد جرمانہ، 5 دوکانیں سیل۔ مقررہ قیمتوں پر تمام اشیاء کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، سپیشل پرائس کنٹرول مجسٹریٹ محمد عامر گجر۔ سپیشل پرائس کنٹرول مجسٹریٹ محمد عامر گجر کا ناجائز منافع خوروں کیخلاف ایکشن، 43 ہزار 500 روپے جرمانہ جبکہ 5 دوکانوں کو سیل کردیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں پرائس کنٹرول مجسٹریٹ محمد عامر گجر نے گزشتہ ماہ اگست 2023 کے دوران عام مارکیٹوں میں کل 698 مختلف کریانہ سٹوروں، سبزی و پھل اور گوشت کی دوکانوں کی چیکنگ کی۔

سید پور میں ایک ہی رات میں متعدد ڈکیتی کی وارداتیں، نقدی، زیورات ودیگر سامان لوٹ لیا گیا

قصور (بیورو رپورٹ) نواحی گاؤں سید پور اور گردونواح میں نو دس رکنی گینگ نے اتی مچادی۔ ایک ہی رات میں متعدد وارداتوں میں پچیس لاکھ کی نقدی، طلائی زیورات ودیگر قیمتی سامان لوٹ لیا۔ سید پور کے رہائشی اکبر ڈوگر اپنے اہل خانہ کے ہمراہ گھر میں سوئے ہوئے تھے کہ 10/9 مسلح ڈاکوؤں نے سیڑھیاں لگا کر ان کے گھر میں داخل ہوگئے اور اہل خانہ کو یرغمال بنا کر گھر سے تین لاکھ روپے کی نقدی، سات تولہ سونے کے زیورات، پانچ تولہ چاندی کے زیورات اور گھر کا دیگر قیمتی سامان منی ٹرک میں لوڈ کر کے لے گئے۔ بستی باغبانپورہ کے قریب دو مسلح ڈاکوؤں نے سعید احمد نامی شہری سے بیس ہزار روپے کی نقدی، موبائل فون اور موٹر سائیکل گن پوائنٹ پر چھین لی۔

گوجرانوالہ: صحافیوں پر تشدد کے خلاف جسٹس کیمپ 8 ویں روز میں داخل

گوجرانوالہ (نمائندہ خصوصی) گوجرانوالہ کی تاریخ میں پہلی بار پولیس گردی اور غنڈا گرد قبضہ مافیہ کے خلاف جسٹس کیمپ 8 روز میں داخل سیالکوٹ کے تھانہ بمبانوالہ کے علاقہ نیو الحمد رائس مل کے قریب صحافیوں پر غنڈا گرد قبضہ مافیہ اور ملوث پولیس اہلکاروں کے تشدد کے خلاف آر پی او آفس کے باہر جسٹس کیمپ جاری، کثیر تعداد میں سینئر صحافیوں کی شرکت جاری، انشاء اللہ مطالبات کی منظوری تک پرنٹ میڈیا ایسوسی ایشن گوجرانوالہ کے زیر اہتمام جسٹس کیمپ جاری رہے گا۔

گوجرانوالہ: راہزنی کی وارداتوں میں ملوث 4 ملزمان تھانہ صدر روز وزیر آباد پولیس کی حراست میں

پولیس کی کارروائی، راہزنی کی وارداتوں میں ملوث 4 ملزم گرفتار

ملزموں سے 8 لاکھ روپے نقدی اور ایک پک اپ ڈالہ برآمد، مقدمہ درج

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم کے احکامات کے پیش نظر گوجرانوالہ اور وزیر آباد میں ڈکیتوں، چوروں اور جرائم پیشہ افراد کے خلاف خصوصی آپریشن کے سلسلہ میں ایس پی ڈویژنز، ایس ڈی پی اوز اور دیگران کی نگرانی میں مختلف پولیس ٹیمیں تشکیل دی گئیں۔ اسی تناظر میں ڈی ایس پی وزیر آباد سعید احمد کی زیر نگرانی ایس ایچ او تھانہ صدر روز وزیر آباد سب انسپکٹر سلیمان سلیم ودیگران پر مشتمل پولیس ٹیم نے اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے راہزنی کی متعدد وارداتوں میں ملوث چار کس ملزمان کو گرفتار کر کے دوران تفتیش ان کے قبضہ سے آٹھ لاکھ روپے نقدی اور ایک عدد پک اپ ڈالہ برآمد کرلیا۔ گرفتار کیے گئے ملزمان میں زاہد، صدام حسین، افضل اور سلیمان شامل ہیں۔ ابتدائی تفتیش میں گینگ کے ملزمان نے انکشاف کیا کہ انہوں نے وزیر آباد اور گوجرانوالہ کے مضافات میں راہزنی کی متعدد وارداتیں کی ہیں۔ ملزمان سے تفتیش جاری ہے مزید انکشافات متوقع ہیں۔ اس موقع پر سی پی او کا کہنا ہے کہ چور اور جرائم پیشہ عناصر معاشرے کا ناسور ہیں ان کا اصل ٹھکانہ جیل ہے۔ ان کے خلاف کاروائیاں جاری رہیں گی۔

فاروق گنج سب ڈویژن میں راشد سعید نے رشوت کا بازار گرم کر رکھا ہے

سینکڑوں درخواستیں سیاسی اثر ورسوخ کی وجہ سے ردی کی ٹوکری کی زینت بن گئی

گوجرانوالہ (ابوبکر اولکھ) فاروق گنج سب ڈویژن میں عرصہ دراز سے تعینات ڈس ایبل ایکٹنگ لائن سپرینڈنٹ راشد سعید نے رشوت کا بازار گرم کر رکھا ہے سینکڑوں درخواستیں سیاسی اثر ورسوخ کی وجہ سے ردی کی ٹوکری کی زینت بن گئی چیف آفیسر گیپکو اور ڈپٹی ڈائریکٹر ایف آئی اے بھاری نظرانے لے کر خاموش، تفصیلات کے مطابق فاروق گنج سب ڈویژن گیپکو بجلی چوری، ڈمی میٹرز اور میٹر ٹیمپرنگ میں سبقت لے گئی شہری نے چیف آفیسر گیپکو، ایس ای گیپکو کو ایکٹنگ لائن سپرینڈنٹ راشد سعید کی لاکھوں روپے رشوت کے خلاف درخواست دے دی جس میں شہری نے موقف اختیار کیا ہے کہ مورخہ 2023-4-2 کو ارشاد ولد اللہ دتہ ساکن حیدر کالونی ایک فیکٹری میں انجم بھٹی لائن سپرینڈنٹ نے تھری فیز کنکشن لگایا جس کا میٹر نمبر G 04170 کمپنی آئی ایم ایس موقع پر لگایا اور جس کے تقریباً 4 ہزار یونٹ صرف ہو چکے تھے جس کو بعد ازاں ایکٹنگ لائن سپرینڈنٹ راشد سعید نے اپنی طمع نفسانی کے لئے بھاری رشوت کے عوض موقع پر موجود میٹر کو اتار کر اس کی جگہ ڈمی میٹر نمبری 11636 کمپنی PELL موقع پر لگا دیا جس کا ریکارڈ دفتر میں موجود نہ ہے۔

پولیس لائنز میں خصوصی بلڈ ڈونیشن کیمپ کا قیام



گجرات (ابوزر عمر قوت بیورو) پولیس لائنز میں خصوصی بلڈ ڈونیشن کیمپ کا قیام۔ گجرات پولیس کے افسران وجوانوں نے تھیلیسیمیا سے متاثرہ بچوں کے لئے خون کے عطیات دیئے، تفصیلات کے مطابق ڈی پی او گجرات احمد نواز شاہ کی ہدایت پر تھیلیسیمیا سے متاثرہ معصوم بچوں کے لئے خون کے عطیات دینے کے لئے سندس فاونڈیشن کے زیر اہتمام پولیس لائنز میں بلڈ ڈونیشن کیمپ لگایا گیا۔ جس میں پولیس افسران وملازمان نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے ہوئے تھیلیسیما سے متاثرہ مریضوں کے لئے بڑی تعداد میں خون کے عطیات دیئے۔ ڈی پی او گجرات کا کہنا تھا کہ ماضی کی طرح اس بلڈ ڈونیشن کیمپ میں بھی گجرات پولیس کے جوان بڑھ چڑھ کر حصہ لے رہے ہیں اور مستقبل میں بھی معصوم بچوں کو اس جان لیوا مرض سے بچانے کے لئے خون کے عطیات کی صورت میں گجرات پولیس اپنا حصہ ڈالتی رہے گی۔

گوجرانوالہ کی تاریخ میں پہلی بار پولیس گردی اور غنڈا گرد قبضہ مافیہ کے خلاف جسٹس کیمپ 8 روز میں داخل

"قوت" کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

شعبہ اشتہارات 042-3636003

گمشدگی کاغذات

میرا پاکستان نرسنگ کونسل رجسٹریشن کارڈ A-347299-PK-P-20 مورخہ 2023-08-30 کو علاقہ ستوکتلہ لاہور میں گم ہوگیا ہے اگر کسی کو ملے تو درج ذیل پتہ پر اطلاع کرے۔ المشتہر۔غنوی مجتبیٰ ولد محمد مجتبیٰ ساکنہ اوکاڑہ، فون نمبر 0286564-0303

بقیہ بقیہ جات 1

بحریہ کے 2 افسران اور 1 جوان نے جام شہادت نوش کیا ہے۔ ترجمان پاک بحریہ کے مطابق پاک بحریہ کی جانب سے حادثے کی تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ نگران وزیراعظم انوارالحق کاکڑ نے پاک بحریہ کے ہیلی کاپٹر کے حادثے پر اظہار افسوس کیا ہے۔ وزیراعظم کی جانب سے ہیلی کاپٹر حادثے میں پاک بحریہ کے تین اہلکاروں کی شہادت پر رنج وملال کا اظہار اور شہداء کے اہل خانہ کے لیے صبر جمیل کی دعاء کی گئی۔ نگران وزیر داخلہ سرفراز احمد بگٹی نے گوادر میں نیوی ہیلی کاپٹر حادثہ پر گہرے افسوس کا اظہار کیا۔ نگران وزیر داخلہ نے کہا کہ ہیلی کاپٹر حادثہ میں پاک بحریہ کے دو افسران اور ایک جوان کی شہادت پر انتہائی دکھ ہوا، جام شہادت نوش کرنے والے افسران اور جوان کے بلند درجات کیلئے دعا گو ہیں۔ سرفراز بگٹی نے کہا کہ شہداء کے اہل خانہ کے دکھ اور غم میں برابر کے شریک ہیں، فرائض کی ادائیگی کے دوران شہید ہونے والوں کو سلام پیش کرتے ہیں۔ سابق وزیراعظم اور پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر شہباز شریف کا گوادر میں تربیتی پرواز کے دوران پاک بحریہ کے ہیلی کاپٹر کو حادثے پر شدید افسوس اور دو افسروں اور ایک جوان کی شہادت پر اظہار تعزیت کیا ہے۔ سابق وزیراعظم نے شہدا کے اہل خانہ سے ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے شہدا کو خراج عقیدت پیش کیا۔ شہباز شریف نے کہا کہ ملک وقوم کے لئے شہداء عظیم قربانیاں دے رہے ہیں۔ سابق وزیراعظم نے شہدا کے درجات کی بلندی اور اہل خانہ کے لیے صبر جمیل کی دعاء کی۔

بقیہ بقیہ جات 2

پھر اونچی چھلانگ لگائی اور 331 روپے کی بلند ترین سطح پر پہنچ گیا۔ گزشتہ ہفتے ڈالر کے دونوں ایکسچینج مارکیٹوں میں بلند ترین سطح پر پہنچنے کے بعد رواں کاروباری ہفتے کے پہلے ہی روز ڈالر نے اوپن مارکیٹ نے اونچی چھلانگ لگائی اور روپے کے مقابلے میں 3 روپے کے اضافے کے ساتھ 331 روپے کی بلند ترین سطح کو چھولیا۔ کاروبار کے آغاز پر اوپن مارکیٹ میں پیر کے روز ڈالر ایک روپے بڑھ کر 329 روپے پر آ گیا تھا، تاہم بعد میں اضافے کا سلسلہ جاری رہا اور کاروباری دن کے اختتام تک 3 روپے اضافے کے ساتھ ڈالر اوپن مارکیٹ میں 331 روپے کا ہوگیا۔

بقیہ بقیہ جات 3

مقدمات، جوڈیشل کمپلیکس حملہ کیسز اور جعل سازی کے مقدمے میں چیئرمین پی ٹی آئی نے 9 ضمانتیں خارج کرنے کے فیصلوں کے خلاف اسلام آباد ہائی کورٹ میں درخواستیں دائر کردیں۔ تفصیلات کے مطابق چیئرمین پی ٹی آئی کی سیشن کورٹ سے چھ اور اے ٹی سی سے تین ضمانتیں خارج ہوئیں تھیں ان کے خلاف درخواستوں پر چیف جسٹس عامر فاروق اور جسٹس طارق محمود جہانگیری نے اعتراضات دور کرنے کی ہدایت کی تھی۔ XXج چیئرمین پی ٹی آئی کے وکلا نے رجسٹرار آفس کے اعتراضات دور کر کے درخواستیں دائر کردیں۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے وکیل سلمان صفدر کے ذریعے ہائی کورٹ میں 9 درخواستیں دائر کیں جن میں اسٹیٹ اور مدعی مقدمہ کو فریق بنایا گیا ہے

بقیہ بقیہ جات 4

مشقیں اختتام پذیر ہوئیں، آئی ایس پی آر کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ البتارون مشقیں 2 ہفتے تک جاری رہیں، اختتامی تقریب میں سعودی سفیر کی خصوصی شرکت کی ہے، مشقوں کے دوران اسپیشل فورسز اور کامبیٹ ایوی ایشن کے دستوں نے حصہ لیا ہے، مشقوں کے دوران اہلکاروں نے بھرپور پیشہ ورانہ مہارتوں کا مظاہرہ کیا، مشقوں کے دوران انسداد دہشت گردی اور مختلف آپریشنل ڈرلز کی گئیں

بقیہ بقیہ جات 5

پرواز کے ذریعے لندن سے لاہور پہنچنے کا فیصلہ کیا ہے جس کے لئے انکی صاحبزادی اور پارٹی کی چیف آرگنائزر مریم نواز ان کے استقبال کے لیے تیاریوں میں مصروف ہیں۔ پارٹی ذرائع نے بتایا کہ نواز شریف نے اسلام اباد کے بجائے لاہور آنے کا فیصلہ کیا ہے، اور ان کی وطن واپسی عام پرواز سے ہوگی۔ پارٹی ذرائع کے مطابق نواز شریف نے مرکزی قیادت کو استقبال کے لئے ٹاسک سونپ دیا ہے، مریم نواز استقبالی معاملات کی نگرانی کر رہی ہیں، اور تنظیمی عہدیداران کو استقبالیہ جلسے میں زیادہ سے زیادہ لوگ لانے کی ہدایت کردی گئی ہے۔ علاوہ ازیں مسلم لیگ ن کے صدر اور سابق وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ اگر اللہ نے موقع دیا تو نواز شریف کی سربراہی میں تعلیم کے شعبے میں انقلابی اصلاحات لے کر آئیں گے۔ تفصیلات کے مطابق جی سی ایس ای کے امتحان کے 34 مضامین میں اے اسٹار گریڈ حاصل کر کے پاکستان کا نام روشن کرنے والی 16 سالہ طالبہ ماہ نور چیمہ سے نواز شریف اور شہباز شریف کی ملاقات ہوئی۔

بقیہ بقیہ جات 6

میں منعقد ہوا۔ وزیراعظم کو پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ اتھارٹی کی کارکردگی کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس کے شرکا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعظم نے ملک کی ترقی میں حکومتی اور نجی شعبے کے اشتراک کو انتہائی اہمیت کا حامل قرار دیا اور کہا کہ پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کو فروغ دے کر حکومتی اخراجات میں کمی لائی جاسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ موٹرویز اور شاہراہوں کی تعمیر کے حوالے سے پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کو مزید فروغ دینے کی ضرورت ہے۔

بقیہ بقیہ جات 7

مہنگائی سے متعلق خبروں کو جعلی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ جعلی خبریں پھیلانا نہ صرف غیر اخلاقی اور غیر قانونی ہے بلکہ یہ قوم کی توہین بھی ہے۔ پیر کو وزارت اطلاعات ونشریات کے ٹوئٹر ہینڈلر فیکٹ چیکر نے نگران وزیراعظم سے منسوب مہنگائی سے متعلق جعلی خبروں کا حوالہ دیا اور کہا کہ ہم سب کی ذمہ داری ہے کہ غیر ذمہ دارانہ رویئے اور فیک نیوز کو مسترد کریں۔

بقیہ بقیہ جات 8

جائے گا جس کیلئے تیاریوں کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ 6 ستمبر یوم دفاع کو کو صبح کا آغاز مساجد میں نماز فجر کے بعد میں شہداء کیلئے قرآن خوانی اور ملک و قوم کی سلامتی اور استحکام کیلئے خصوصی دعاؤں سے ہوگا جبکہ وطن کے دفاع کیلئے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء کی یادگاروں پر پھول چڑھانے کی تقاریب منعقد ہوں گی اور فاتحہ خوانی کی جائے گی۔ یوم دفاع کے حوالے سے اخبارات خصوصی سپلیمنٹ شائع کریں گے اور 65ء کی جنگ کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا جائے گا پی ٹی وی اور نجی ٹی وی چینلز سے یوم دفاع کے حوالے سے خصوصی پروگرام ٹیلی کاسٹ کیے جائیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 9

بی آر نے چینی کی سیلز اور اسٹاک کا ریکارڈ مرتب کرنے کے لیے مانیٹرنگ ٹیمیں تعینات کر دی ہیں۔ نجی ٹی وی کے مطابق چینی کی فروخت اور ملوں کے احاطے سے باہر جانے والی چینی کا روزانہ کی بنیاد پر ریکارڈ مرتب کیا جائے گا، شوگر ملز کے احاطوں میں غیر معینہ مدت تک ایف بی آر کی مانیٹرنگ ٹیمیں موجود رہیں گی جو سیلز ٹیکس چوری روکنے کے لیے ڈیٹا مرتب کریں گی۔ ذرائع کے مطابق جن شوگر ملز میں ٹیمیں تعینات کی گئی ہیں ان میں رمضان شوگر ملز، جے ڈی ڈبلیو، عبداللہ شوگر ملز، العربیہ شوگر ملز، المعیز انڈسٹریز، اشرف شوگر ملز، چنار شوگر ملز، اتحاد شوگر ملز، فاطمہ شوگر ملز شامل ہیں جن کی چینی کی پیداوار کی مانیٹرنگ کی جائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 10

شروع کی جائے اور اس پر پیش رفت پر روزانہ کی بنیادوں پر رپورٹ پیش کی جائے، بجلی کے واجبات کے نادہندگان کے خلاف صوبوں اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ مل کر فوری طور پر کارروائی شروع کی جائے، بجلی کے نادہندگان اور بجلی چوروں کے خلاف کارروائی میں کسی قسم کی رعایت نہ برتی جائے، 2400 میگاواٹ کے شمسی توانائی کے منصوبوں کی تعمیر پر جلد سے جلد کام شروع کیا جائے اور اس پورے عمل میں شفافیت یقینی بنائی جائے، حکومت بجلی کے شعبے کے گردشی قرضہ کم کرنے کیلئے ہر ممکن اقدامات کرے گی۔ نگران وزیراعظم انوارالحق کاکڑ کی زیر صدارت بجلی کے شعبے کا جائزہ اجلاس پیر کو یہاں منعقد ہوا۔ اجلاس میں نگران وفاقی وزیر بجلی محمد علی، مشیر وزیر اعظم احد خان چیمہ اور متعلقہ اعلی حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں وزیر اعظم کو بجلی کے شعبے پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس کو بجلی کی مجموعی پیداواری استعداد، سال بھر میں پیداوار وترسیل اور اس کیلئے استعمال ہونے والے انرجی مکس کے بارے بتایا گیا۔ اجلاس کو ملک بھر میں بجلی نظام کے نقصانات اور وصول نہ ہونے والی رقم پر بھی بریفنگ دی گئی۔ اسکے علاوہ ملک بھر میں تقسیم کار کمپنیوں میں وصولیوں کے نقصانات، بجلی چوری کے بھی اعشاریے پیش کئے گئے۔ وزیر اعظم نے ہدایت کی کہ بجلی چوری کرنے والے عناصر کے خلاف فوری کارروائی شروع کی جائے اور اس پر پیش رفت پر روزانہ کی بنیادوں پر رپورٹ پیش کی جائے۔ وزیر اعظم کو ملک میں بجلی کی مجموعی پیداواری استعداد (CapacityInstalled) اصل پیداوار (Actual Generation) اور مختلف موسموں میں بجلی کی مجموعی ترسیل کے بارے آگاہ کیا گیا۔ اجلاس میں وزیر اعظم کو بجلی کی پیداوار میں مختلف ذرائع کے استعمال (Energy mix) کے حوالے سے بھی تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ حکومت بجلی چوروں کے خلاف بھرپور ایکشن لے گی۔ نگران وزیر اعظم نے کہا کہ بجلی کے آئندہ پیداواری منصوبوں میں قابل تجدید (renewable) اور ہائیڈل ذرائع کو ترجیح دی جائے، تقسیم کار کمپنیوں کے نقصانات میں کمی کیلئے مؤثر اقدامات کئے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹرانسفارمر میٹرنگ کے منصوبے کے اطلاق کیلئے جامع لائحہ عمل پیش کیا جائے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ بجلی کے واجبات کے نادہندگان کے خلاف صوبوں اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ مل کر فوری طور پر کارروائی شروع کی جائے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ بجلی کے نادہندگان اور بجلی چوروں کے خلاف کارروائی میں کسی قسم کی رعایت نہ برتی جائے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ چھوٹے ہائیڈل منصوبوں کیلئے ماہرین کی رہنمائی میں منصوبے بنا کر پیش کیے جائیں۔

بقیہ بقیہ جات 11

ے کے دوران 50 روپے فی کلو اضافہ ہوا۔ چینی کی قیمت میں اضافے کے بعد 50 کلو بوری کی قیمت 9 ہزار سے تجاوز کرگئی۔ چینی کی قیمت میں اضافے کے باعث بیشتر یوٹیلیٹی اسٹورز پر چینی نایاب ہوگئی اور چینی کی عدم دستیابی کے باعث شہری مہنگے داموں خریدنے پر مجبور ہیں۔ آٹا، گھی، چاول، چائے اور دالوں سمیت دیگر اشیاء خورونوش کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافہ ہوگیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 12

سیکرٹری تعمیرات و مواصلات بھی ہمراہ تھے۔ وزیراعلی محسن نقوی نے منصوبے پر جاری تعمیراتی کاموں کا جائزہ لیا۔ وزیراعلی محسن نقوی نے لاہور رنگ روڈ سدرن لوپ تھری کے 8 کلو میٹر سے زائد روٹ کا فضائی معائنہ کیا۔ وزیراعلی محسن نقوی نے پراجیکٹ کی جلد تکمیل کے حوالے سے سیکرٹری تعمیرات و مواصلات کو ہدایات دیں۔ وزیراعلی محسن نقوی نے کہا کہ رنگ روڈ سدرن لوپ تھری کی تکمیل سے عوام کو آمدورفت کی بہترین سہولتیں ملیں گی اور انشا اللہ یہ منصوبہ 31 دسمبر تک مکمل ہوجائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 13

بتایا گیا تھا کہ بلوں میں ریلیف سے ساڑھے 6 ارب سے کم کا اثر پڑے گا، آئی ایم ایف نے پلان مسترد کرتے ہوئے 15 ارب سے زائد کا اثر بتایا۔ وزارت خزانہ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف نے 15 ارب کی مالیاتی گنجائش پوری کرنے کا پلان بھی پوچھ لیا، آئی ایم ایف کے ساتھ دوبارہ پلان شیئر کیا جانا ہے جس کے باعث تاخیر ہو رہی ہے، نیا پلان شیئر ہونے پر آئی ایم ایف حکام اور وزارت خزانہ دوبارہ بات کریں گے۔ ذرائع کے مطابق بلوں میں ریلیف دینے کیلئے آئی ایم ایف کو بجٹ سے آؤٹ نہ ہونے کی یقین دہانی کرائی گئی، بلوں کو 4 ماہ میں وصول کرنے کیلئے آئی ایم ایف سے درخواست کی۔ وزارت خزانہ ذرائع کے مطابق بلوں کو اقساط میں وصولی کا پلان آئی ایم ایف کے ساتھ دوبارہ ڈسکس کیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 14

نے رینجرز کی طلبی کے لئے ایک سمری وفاقی حکومت کو ارسال کر دی ہے۔ محکمہ داخلہ کے ذرائع کے مطابق تمام اضلاع میں رینجرز دوروز تعینات رہے گی جبکہ محکمہ داخلہ پنجاب نے حضرت امام حسینؓ کے چہلم پر نکالے جانے والے ماتمی جلوس کے روٹ سمیت شہر بھر میں موبائل فون جام نہ کرنے کا بھی فیصلہ کیا ہے

بقیہ بقیہ جات 15

نے ہسپتال میں طبی سہولتوں کے فقدان اور ابتر صورتحال پر شدید برہمی کا اظہار کیا اور ایم ایس ہسپتال کی سخت سرزنش کی۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ٹیچنگ ہسپتال سرگودھا کے دورے کے دوران مریضوں کی شکایات، بدانتظامی اور فرائض سے غفلت برتنے پر فوری ایکشن لیتے ہوئے ایم ایس ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ٹیچنگ ہسپتال سرگودھا تبدیل اور مستقل پرنسپل کی تعیناتی کا حکم دیا۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے زیر تعمیر کارڈیک سنٹر کو جنرل وارڈ میں تبدیل کرنے کی ہدایت کی اور جنرل وارڈ کو فنکشنل کرنے کے لئے 3 دن کی ڈیڈ لائن دی۔ مریضوں نے وزیراعلیٰ کو بتایا کہ ہم صبح 6 بجے سے قطاروں میں کھڑے ہیں، کوئی پوچھنے والا نہیں ہے۔ ہمارا کوئی پرسان حال نہیں، ٹیسٹ بھی باہر سے کرانا پڑتے ہیں اور ادویات بھی باہر سے منگوانا پڑتی ہیں۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے خواتین و مرد مریضوں کی شکایات سنیں اور ان کے ازالے کے لئے موقع پر ہی احکامات دیئے۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے ہسپتال کے باہر مخصوص لیب سے ٹیسٹ کرانے کے معاملے کی انکوائری کا حکم دے دیا۔ محسن نقوی نے کہا کہ ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال سرگودھا کی حالت زار دیکھ کر انتہائی افسوس ہوا، یہاں سارا کچھ خراب ہے۔ مریضوں کے ساتھ ہسپتال کے ڈاکٹرز بھی پریشان ہیں۔ ٹیسٹ کی سہولت ہسپتال کے اندر دستیاب ہونے کے باوجود باہر سے ٹیسٹ کرانے کا کیا جواز ہے؟۔ مریضوں کے ساتھ ایسا سلوک کسی صورت قابل قبول نہیں۔ ہسپتال کی حالت کو بہتر بنایا جائے گا خواہ مجھے بار بار یہاں آنا پڑے۔ یہ ہسپتال سرگودھا کے ساتھ ملحقہ آبادیوں کو بھی علاج معالجے کی سہولت فراہم کرتا ہے لیکن اس ہسپتال کی حالت انتہائی ابتر ہے۔ بچہ وارڈ میں سرگودھا میڈیکل کالج کے ڈاکٹر اشرف نے وزیراعلیٰ محسن نقوی کو ڈاکٹرز کی سنیارٹی نظرانداز کئے جانے کے حوالے سے شکایت کی۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے مسئلے کے فوری حل کی یقین دہانی کرائی۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے علاج معالجے کی سہولتوں کا جائزہ لیا، استقبالیہ پرچی کاؤنٹر پر مریضوں اور تیمارداروں سے ملاقات کی اور طبی سہولتوں کے بارے میں دریافت کیا۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے سرجیکل ایمرجنسی وارڈ، بچہ وارڈ، میڈیکل ایمرجنسی وارڈ، ڈینگی وارڈ اور دیگر وارڈز کا تفصیلی دورہ کیا، فرداً فرداً مریضوں سے ملاقات کی۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی کی ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال سرگودھا کے کانفرنس ہال میں انتظامیہ اور ڈاکٹرز سے ملاقات۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے ڈاکٹرز کے مسائل سنے اور حل کی یقین دہانی کرائی اور کہا کہ ڈاکٹرز کے ایشوز کو حل کیا جائے گا لیکن کسی کو سیاست نہیں کرنے دیں گے۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے ہسپتال کے ساتھ زیر تعمیر عمارت اور گورنمنٹ ٹی بی ہسپتال سرگودھا کا بھی دورہ کیا۔ صوبائی وزیر سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن ڈاکٹر جاوید اکرم اور صوبائی وزیر اطلاعات عامر میر بھی ہمراہ تھے۔

بقیہ بقیہ جات 16

آئین کی بالادستی برقرار رکھنے کی ضرورت پر زور دیا، صدر نے کہا کہ فیصلے آئین کی روح کے مطابق ہونے چاہئیں

بقیہ بقیہ جات 17

میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بابر اعوان نے کہا کہ مجھے یقین ہے چیف جسٹس پاکستان جسٹس عمر عطاء بندیال ریٹائرمنٹ کے بعد پاکستان میں رہیں گے۔ ماضی کے جتنے چیف جسٹس تھے وہ ریٹائرمنٹ کے بعد پاکستان میں نہیں رہتے۔ صحافی نے سوال کیا کہ جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کیسے چیف جسٹس ثابت ہوں گے؟ جس پر بابر اعوان نے جواب دیا کہ اس کیلئے آپ کسی نجومی سے رابطہ کریں

بقیہ بقیہ جات 18

کیلئے خدمات ناقابل فراموش ہیں۔ اپنے بیان میں سابق صدر آصف علی زرداری نے جسٹس ریٹائرڈ علی نواز چوہان کے انتقال پر اظہار افسوس کیا اور کہا کہ جسٹس ریٹائرڈ علی نواز چوہان کی ملک اور قوم کیلئے خدمات ناقابل فراموش ہیں۔ سابق صدر آصف علی زرداری نے جسٹس ریٹائرڈ علی نواز چوہان کی مغفرت اور بلند درجات کیلئے دعاء کی۔ سابق صدر آصف علی زرداری نے جسٹس ریٹائرڈ علی نواز چوہان کے خاندان سے اظہار تعزیت کیا۔ چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے جسٹس ریٹائرڈ علی نواز چوہان کے انتقال پر اظہار افسوس کیا اور کہا کہ جسٹس ریٹائرڈ علی نواز چوہان نے انسانی حقوق کی پاسداری کی تاریخ رقم کی۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ جسٹس ریٹائرڈ علی نواز چوہان عدالتی تاریخ کا روشن ستارہ تھے۔

بقیہ بقیہ جات 19

پہنچانے پر توہین عدالت کی درخواست پر آئی جی اسلام آباد کو نوٹس جاری کر دیا اور حکم دیا کہ پرویز الٰہی کو اٹک جیل سے لا کر آج (منگل) عدالت میں پیش کیا جائے۔ جبکہ ڈی آئی جی آپریشنز لاہور اور ڈی آئی جی انویسٹی گیشن کو پیش ہونے کے لئے جمعہ تک کی مہلت دیدی گئی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس امجد رفیق نے سابق وزیر اعلیٰ پنجاب و مرکزی صدر تحریک انصاف چودھری پرویز الٰہی کو کو بحفاظت گھر نہ پہنچانے پر ان کی اہلیہ قیصرہ الٰہی کی جانب سے پولیس افسران کے خلاف دائر توہین عدالت کی درخواست پر سماعت شروع کی تو وکیل طاہر نصر اللہ وڑائچ نے بتایا کہ میں پرویز الٰہی کے ساتھ گاڑی کی پچھلی نشست پر بیٹھا تھا۔ مال روڈ پر پولیس نے ایک بار گرفتاری کوشش کی۔ بعد میں کینال روڈ پر تین سو نقاب پوش بندوں نے ہمیں روکا۔ جسٹس امجد رفیق نے استفسار کیا کہ کیا روٹ کو زیرو نہیں کرایا گیا تھا؟۔ وکیل نے بتایا کہ چالیس سے پچاس گاڑیاں ہمارے آگے اور پیچھے تھیں، تین گاڑیوں نے ہمیں روکا ہمارے گاڑی کے آگے بریک لگا دی گئی۔ جیسے ہی گاڑی رکی ڈی آئی جی آپریشن اترے۔ ڈی آئی جی عمران کشور نے خود دروازہ کھولا اور لوگوں کو اشارہ کیا گیا۔ جسٹس امجد رفیق نے کہا کہ کیا وہاں کوئی بحث بھی ہوئی؟۔ وکیل طاہر نصر اللہ وڑائچ نے کہا کہ میں نے مزاحمت کی کوشش کی لیکن ناکام رہا۔ جسٹس امجد رفیق نے کہا کہ کیا ان لوگوں کے پاس کوئی آرڈر تھا۔ کیا وہ لوگ پولیس وردی میں تھے۔ وکیل نے بتایا کہ سارے لوگ سول کپڑوں میں تھے۔ جسٹس امجد رفیق نے کہا کہ انہوں نے کوئی اسلحہ استعمال نہیں کیا آپ نے ان سے پوچھا نہیں کہ ہمارے پاس کورٹ کا آرڈر موجود ہے۔ وکیل نے بتایا کہ لطیف کھوسہ بوڑھے آدمی ہیں وہ کیا مزاحمت کرتے۔ جسٹس امجد رفیق نے کہا کہ آپ اپنے آپ کو نوجوان سمجھ رہے ہیں۔ جس پر عدالت میں قہقے بلند ہوئے۔ وکیل نے بتایا کہ یہ سارا کام ایک منٹ میں ہوا۔ لاہور ہائیکورٹ نے ڈی آئی جی آپریشنز لاہور علی ناصر رضوی اور ڈی آئی جی انویسٹی گیشن سمیت دیگر ذمے داراں افسران کو فوری عدالت میں طلب کر لیا۔ 10 بجے سماعت کا آغاز ہوا تو ڈی آئی جی آپریشنز اور ڈی آئی جی انویسٹی گیشن عدالت پیش نہ ہوئے۔

بقیہ بقیہ جات 20

مطابق سویڈن میں عراقی پناہ گزین سلوان مومیکا نے ایک چوک پر سخت سیکیورٹی حصار میں ایک بار پھر قرآن پاک کو جلانے کی ناپاک جسارت کی۔ اس موقع پر وہاں 200 سے زائد افراد موجود تھے جنھوں نے ملعون سلوان مومیکا کی اس حرکت کو ناقابل قرار دیتے ہوئے سخت احتجاج کیا اور پولیس کا حصار توڑ کر سلوان مومیکا کو پکڑنے کی کوشش کی۔ پولیس مظاہرین اور ملعون کے درمیان آڑ بن گئی جس پر مشتعل افراد نے ملعون کو پتھر مارے تاہم پولیس ملعون کو اپنی حفاظت میں وہاں سے لے گئی۔ پولیس کی جانب داری پر مظاہرین مزید مشتعل ہوگئے اور سخت احتجاج کیا۔ مظاہرین نے ملعون سلوان مومیکا کو لے جانے والی پولیس گاڑی پر پتھراوXX بھی کیا اور حکومت کے خلاف شدید نعرے بازی کی۔ سویڈن پولیس نے قرآن مجید کو جلانے پر احتجاج کرنے والے مظاہرین کو ہی گرفتار کرنا شروع کر دیا۔ جس پر ہنگامہ آرائی مزید بڑھ گئی۔ ٹائر جلائے گئے اور پتھراؤ کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 21

بعد مونس کے مختلف اکاؤنٹس میں 82 کروڑ سے زائد رقم جمع ہوئی۔ نیب رپورٹ میں کہا گیا کہ مونس الٰہی کے اکاؤنٹس میں 10 لاکھ 84 ہزار یورو جب کہ ایک لاکھ پاؤنڈ اور پاکستان سمیت دیگر کرنسی بھی منتقل کی گئی۔ رپورٹ کے مطابق گجرات میں مختلف ٹھیکوں کے دوران بھی رقم مونس الٰہی کے اکاؤنٹس میں جمع ہوئی، منتقل کی گئی رقم بظاہر رشوت اور کک بیکس کی ہے۔ نیب رپورٹ میں مزید کہا گیا کہ پرویز الٰہی کی بہو زہرہ الٰہی نے بھی گجرات میں 153 ملین روپے سے 748 کنال اراضی خریدی، البتہ مونس الٰہی تاحال کیس میں شامل تفتیش نہیں ہوئے۔

بقیہ بقیہ جات 22

سے قاصر ہیں، انوارالحق کاکڑ کی حکومت کے ذمے آئین کی طے شدہ مدت یعنی 90 روز میں صاف، شفاف انتخابات کے انعقاد کی واحد ذمہ داری ہے۔ پی ٹی آئی کے ترجمان نے اپنے بیان میں کہا کہ نگران وزیراعظم انتخابات کے انعقاد کے علاوہ ہر موضوع پر لب کشائی کرتے اور بیانات داغتے دکھائی دے رہے ہیں، ملک حکومتی سطح پر ناقص، گمراہ کن اور مجہول بیانیوں کا مزید متحمل نہیں ہوسکتا، یہ بیانیے بلاشبہ 9 مئی کے واقعات کے حقائق کو چھپانے کی ایک کوشش لگتے ہیں جنہیں قوم تسلیم نہیں کر رہی، قوم 9 مئی کے واقعات کی تمام پہلوؤں سے غیر جانبدارانہ اور اعلیٰ سطحی عدالتی تحقیقات کی تاحال منتظر ہے، نگران وزیراعظم کے پاس قابل اعتبار شواہد ہیں تو انہیں قوم کے سامنے رکھیں

بقیہ بقیہ جات 23

دیا۔ سندھ ہائیکورٹ نے ڈاکٹر عاصم حسین اور دیگر کیخلاف 17 ارب روپے کرپشن ریفرنس میں نئی ترمیم کے بعد احتساب عدالت کے دائرہ اختیار سے متعلق درخواست پر فیصلہ سنادیا۔ عدالت نے ڈاکٹر عاصم حسین اور دیگر کی درخواست منظور کرلی۔ عدالت نے ریفرنس واپس چیئرمین نیب کو ارسال کرنے کا حکم دیدیا۔ جسٹس کے کے آغا نے فیصلے میں کہا کہ اب نئی ترمیم آگئی ہے، قانون سازی پارلیمنٹ کا حق ہے۔ ڈاکٹر عاصم حسین سمیت دیگر کی جانب سے احتساب عدالت کے دائرہ اختیار کو سندھ ہائیکورٹ میں چیلنج کیا گیا تھا۔ پراسیکیوٹر نیب نے دلائل میں کہا تھا کہ ڈاکٹر عاصم نے دیگر ملزمان کے ساتھ مل کر من پسند کمپنیوں کو گیس فراہم کی۔

بقیہ بقیہ جات 24

(ایچ آر سی پی) نے الیکشن کمیشن سے ملک میں انتخابات کا شیڈول جاری کرنے کا مطالبہ کردیا۔ ایچ آر سی پی نے کہا کہ انتخابات کے حوالے سے پائی جانے والی غیر یقینی صورتحال ختم ہونی چاہیے، حلقہ بندیوں کو انتخابات کو مزید مؤخر کرنے کے لیے بطور بہانہ استعمال نہ کیا جائے۔ ہیومن رائٹس کمیشن نے اپنے بیان میں مزید کہا کہ انتہائی دائیں بازو کی سیاسی جماعتوں کے لیے مصنوعی سیاسی جگہ بنانیکے لیے فرقہ وارانہ دھڑے بندیوں کو ہوا دیئے جانے کی اطلاعات ہیں

بقیہ بقیہ جات 25

وفاقی وزیر احسن اقبال نے کہا ہے کہ تبدیلی لانے والوں نے ابھرتی ہوئی معیشت کو لڑھکتی ہوئی معیشت بنادیا۔ نارووال میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے احسن اقبال نے کہا بجلی اور معاشی مسائل کو سمجھنا چاہئے کہ ہمیں 2018 کے جس تبدیلی کے عمل سے گزارا گیا وہ سب جانتے ہیں، اپریل 2022 میں پاکستان کی معیشت تیزی کے ساتھ لڑکھڑا رہی تھی، ہم نے 16 ماہ میں پاکستان کا بیرونی سیکٹر میں جو ڈیفالٹ تھا بچا لیا۔ سابق وفاقی وزیر نے کہا کہ یکم اپریل 2022 میں پی ٹی آئی حکومت پاکستان کو ڈیفالٹ کرگئی تھی، ملکی مفاد میں ہم نے چیئرمین پی ٹی آئی کے آئی ایم ایف کے ساتھ معاہدہ کو قبول کیا، ہماری حکومت کے بعد ملک میں بے یقینی پیدا کردی گئی، ایک سیاسی جماعت ملک میں بے یقینی پھیلانے کیلئے تمام وسائل استعمال کر رہی ہے۔ احسن اقبال نے مزید کہا کہ چیئرمین پی ٹی آئی ملک کو 10 سال پیچھے پھینک کرگیا ہے

بقیہ بقیہ جات 26

آپریشن کے دوران 7 دہشت گردوں کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان سی ٹی ڈی کے مطابق کارروائیاں گوجرانولہ، سرگودھا، فیصل آباد اور بہاولپور میں کی گئیں۔ گوجرانولہ سے داعش کے 2 اہم کمانڈروں شاہد اور سیف گرفتار کو گرفتار کیا گیا۔ دہشت گردوں سے بارودی مواد، ہینڈ گرینڈ، ڈیٹونیٹر، موبائل فون، اسلحہ اور نقدی برآمد کر لی گئی۔ جبکہ باقی گرفتار دہشت گردوں کی شناخت فیاض، ملاظم، شاہد سیف، رفیع عربی اور قاری اطہر کے نام سے ہوئی۔ دہشت گردوں کے خلاف مقدمات درج کر کے مزید تفتیش جاری ہے۔ حکام کے مطابق رواں ہفتے 240 کومبنگ آپریشنز کے دوران 12230 افراد سے پوچھ گچھ کی گئی جبکہ 65 مشتبہ افراد گرفتار کیے گئے۔ سی ٹی ڈی محفوظ پنجاب کے ہدف پر عمل پیرا ہے، دہشت گردی کے ناسور کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کے لیے پرعزم ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 27

رد ہے کہ ڈی آئی جی کو کہا گیا انہیں گھر چھوڑ کر آئیں، یہ سسٹم پر سوالیہ نشان ہے۔ اپنے ویڈیو بیان میں ن لیگ کے رہنما عطا تارڑ کا کہنا تھا کہ پرویز الٰہی کے وکلا کا دعویٰ ہے کہ وہ پولیس افسران کو سزائیں دلوا کر رہیں گے، وہ کہہ رہے ہیں کہ ہماری بات ہوگئی ہے اور عدالت کل ہی نوٹس کرے گی، اور کل ہی پولیس افسران کو سزائیں سنادے گی۔ عطا تارڑ نے کہا کہ اربوں روپے کی کرپشن کرنے والے اس شخص نے ہمیشہ یہ بھڑکیں ماری ہیں کہ ہم نے کورٹ کو مینج کرلیا ہے، اور اگر پرویز الٰہی کے وکیل بھی پہلے سے ہی دعوی کررہے ہیں کہ وہ افسران کو سزائیں دلوادیں گے، تو سسٹم پر بہت بڑا سوالیہ نشان ہے کہ اربوں روپے کی کرپشن کا 2300 ارب روپے کہاں جاتا ہے۔ عطا تارڑ نے کہا کہ وکلا کے قبل از وقت دعوے عدلیہ پر بھی سوالیہ نشان اور افسوسناک ہیں، اور پھر پولیس افسران کو کیا قصور ہے جن کے پاس اسلام آباد پولیس کا واضح حکمنامہ موجود تھا، اور پھر بھی ڈی آئی جی آپریشنز سوال کررہے تھے کہ آرڈر کہاں ہے۔

بقیہ بقیہ جات 28

اجازت کوئی ایک وزارت نہیں دیتی۔ ملک میں جاری چینی بحران پر گزشتہ روز مسلم لیگ ن کے رہنما اور سابق وفاقی وزیر احسن اقبال نے کہا کہ چینی درآمد کرنے کی منظوری نوید قمر کی وزارت تجارت نے دی تھی، ہماری حکومت اتحادی حکومت تھی ساری ذمہ داری مسلم لیگ ن پر نہیں ڈالی جا سکتی۔ اب اس حوالے سے نوید قمر نے کہا ہے کہ ہمیں میرٹ پر دیکھنا ہے کہ چینی کی برآمد کا فیصلہ درست تھا کہ نہیں، چینی برآمد کرنے کی منظوری کوئی ایک وزارت نہیں دیتی۔ انہوں نے کہا کہ ای سی سی اجلاس میں چینی برآمد کرنے کا معاملہ سامنے آیا تھا، ہمارے پاس چینی کی اضافی مقدار موجود تھی اس لیے برآمد کی اجازت دی گئی

بقیہ بقیہ جات 29

برآمدات کو بڑھانے کیلئے جامع حکمت عملی تشکیل دی جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے لاہور ایئرپورٹ پر کورنٹائن ہسپتال کا سنگ بنیاد رکھنے کے موقع پر تقریب سے خطاب اور میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ نگران وفاقی وزیر ندیم جان نے کہا کہ عوام کو بیماریوں سے بچانے کیلئے مربوط حکمت عملی تشکیل دی ہے، کسی بھی ناگہانی وباؤں سے نمٹنے کیلئے بارڈر ہیلتھ سروسز کو مضبوط بنانے کا پختہ عزم کر رکھا ہے، انٹرنیشنل ایئرپورٹس داخلی خارجی راستوں پر وباؤں کی نگرانی کے نظام کو مزید مضبوط کر رہے ہیں، انٹرنیشنل ہیلتھ کی سفارشات پر عملدرآمد کو یقینی بنا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی تاریخ میں پہلی بار گلوبل ہیلتھ سکیورٹی ایجنڈے پر کانفرنس کا انعقاد کیا جائے گا

بقیہ بقیہ جات 30

احمد نے سماجی رابطے ویب سائٹ ایکس (سابقہ ٹوئٹر) پر ایک بیان میں کہا کہ اب مسئلہ سیاسی نہیں رہ گیا بلکہ معاشی اور اقتصادی بن گیا ہے جس کے حل پر کوئی توجہ نہیں دی جارہی۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو ڈرایا جارہا ہے کہ مزید بجلی اور پیٹرول مہنگا ہوگا، 16 ماہ کی نااہل اور نالائق حکومت اپنے کیس ختم کروا کے غریب کو مہنگائی کے سمندر میں غرق کر کے خود ملک سے فرار ہوگئی ہے۔ سابق وزیر داخلہ کا کہنا تھا کہ اگر عوام کو ریلیف نہ ملا تو تکلیف سہنے کی بھی ایک حد ہوتی ہے

بقیہ بقیہ جات 31

کردیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق تھری ایم پی او کے تحت اٹک کی ڈسٹرکٹ جیل میں قید تحریک انصاف کے صدر چوہدری پرویز الٰہی کی اچانک طبیعت خراب ہوگئی، اور انہیں اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ جہاں ان کا چیک اپ کیا گیا۔ جیل ذرائع نے بتایا کہ سابق وزیراعلیٰ پنجاب پرویز الٰہی کو چیک اپ کے لیے پمز اسلام منتقل کیا گیا۔ اور پولیس کا قافلہ انہیں لے کر ڈسٹرکٹ جیل سے اسلام آباد روانہ ہوا۔ ڈاکٹرز نے چوہدری پرویز الٰہی کے مختلف ٹیسٹ لیے۔ اور طبی معائنہ مکمل ہونے کے بعد انہیں پولیس کے سخت سیکورٹی حصار میں دوبارہ اٹک جیل روانہ کر دیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ یکم ستمبر کو لاہور ہائی کورٹ نے پرویز الٰہی کو رہا کرنے کا حکم دیتے ہوئے انہیں کسی بھی مقدمے میں گرفتار نہ کرنے کا بھی حکم دیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 32

کے درمیان توانائی کے شعبے میں تعاون کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ وہ پیر کو پاکستان میں اسلامی جمہوریہ ایران کے سفیر ڈاکٹر رضا امیری مقدم سے ملاقات کے دوران گفتگو کر رہے تھے۔ فریقین نے باہمی دلچسپی کے امور اور دونوں ممالک کے درمیان برادرانہ تعلقات کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا۔ نگراں وفاقی وزیر توانائی نے ایرانی سفیر کا خیر مقدم کیا اور تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کیا۔ ایرانی سفیر نے نیا قلمدان سنبھالنے پر نگراں وفاقی وزیر کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ نگراں وفاقی وزیر محمد علی نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ایران اور پاکستان کے درمیان توانائی کے شعبے میں تعاون کے وسیع مواقع موجود ہیں، ہم تمام آپشنز تلاش کرنے اور مل کر کام کرنے کے لئے پرعزم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی بڑھتی ہوئی توانائی کی ضروریات پڑوسی ملک ایران کے ساتھ تعاون کا موقع فراہم کرتی ہیں جو توانائی کے ذخائر سے مالا مال ہے۔ ایرانی سفیر نے علاقائی تعاون میں نگراں وفاقی وزیر کی دلچسپی کو سراہا اور اپنی مکمل حمایت کا اعادہ کرتے ہوئے حکومت پاکستان کو ہر ممکن تعاون کی پیشکش کی۔

بقیہ بقیہ جات 33

کا ریکارڈ بھی طلب کر لیا گیا ہے۔ لیسکو چیف سمیت تمام شعبہ جات کے سربراہان کی پرسنل فائلز کا ریکارڈ بھی طلب کر لیا گیا ہے۔ چیف لاء آفیسر، ڈائریکٹر، پراجیکٹ ڈائریکٹر، چیف انٹرنل آڈٹ کی فائلز کا ریکارڈ مانگ لیا گیا۔ کمپنی سیکرٹری لیسکو سمیت دیگر افسران کی فائلز کا ریکارڈ بھی طلب کر لیا گیا۔ کوڈ آف کنڈکٹ اور اینٹی کرپشن پالیسی پر ہونے والے اقدامات پر مبنی ریکارڈ بھی مانگ لیا گیا۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاسوں پر ہونے والے اخراجات کا ریکارڈ بھی طلب کیا گیا ہے۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی ذیلی کمیٹیوں کے فیصلوں کا ریکارڈ بھی مانگ لیا گیا ہے۔ ڈائریکٹر کسٹمر سروسز سے لیسکو کی کارکردگی کا ریکارڈ بھی طلب کیا گیا ہے۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی پاور ڈویژن اور نیپرا کیساتھ ہونیوالی میٹنگز کی تفصیلات بھی مانگ لی گئی ہیں۔ دو سال کے دوران ہونے والی کھلی کچہریوں کا ریکارڈ بھی مانگ لیا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 34

کا باعث بنا، چینی کی برآمد کی اجازت سے شوگر انڈسٹری نے فائدہ اٹھایا، رواں سال جنوری میں چینی کی قیمت 85 سے 90 روپے فی کلو تھی، چینی برآمد فیصلے کے بعد مسلسل قیمتوں میں اضافہ ہوتا رہا ہے، وزارت فوڈ سیکورٹی متعلقہ اداروں کو سمگلنگ کے خلاف کارروائی کی ہدایت کر چکی ہے، چاروں صوبوں کو چینی کے ذخیرہ اندوزوں کے خلاف کارروائی کی ہدایت کی گئی

بقیہ بقیہ جات 35

گئی، نیپرا اتھارٹی وفاقی حکومت کی درخواست پر 11 ستمبر کو سماعت کرے گی، وفاقی حکومت نے کے الیکٹرک کے ٹیرف میں اضافے کی درخواست نیپرا میں جمع کرائی، کراچی کے شہریوں کے لیے بجلی مہنگی کرنے کی وفاقی حکومت نے پالیسی گائیڈ لائنز نیپرا کو بھجوا دیں، درخواست میں کہا گیا ہے کہ 2022-23 کی دوسری سہ ماہی کی مد 46 پیسے فی یونٹ اضافہ کیا جائے، پورے ملک میں بجلی کا ٹیرف یکساں رکھنے کے لیے کے الیکٹرک کے بنیادی ٹیر میں اضافہ کیا جائے، درخواست میں مزید کہا گیا ہے کہ کے الیکٹرک کے صارفین سے 1 روپے 48 پیسے تا 4 روپے 45 پیسے کی ایڈجسٹمنٹ بھی وصول کرنے کی اجازت دی جائے

بقیہ بقیہ جات 36

سینئر پوسٹ الاؤنس کو پنشن کا حصہ نہ بنانے کے لئے قواعد میں ترمیم کی جائے گی۔ محکمہ خزانہ نے سینئر پوسٹ الاؤنس کو پنشن کا حصہ نہ بنانے کی سمری تیار کرلی ہے، سمری کی حتمی منظوری پنجاب کابینہ دے گی

بقیہ بقیہ جات 37

ترسیل کے لئے کوئی کسر اٹھا نہ رکھیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز نئے عدالتی سال کے آغاز پر فل کورٹ اجلاس کی صدارت کے دوران کیا فل کورٹ اجلاس میں لاہور ہائی کورٹ کے سینئر ترین جج جسٹس ملک شہزاد احمد خان، جسٹس شجاعت علی خان، جسٹس علی باقر نجفی، جسٹس عالیہ نیلم اور جسٹس عابد عزیز شیخ سمیت لاہور ہائی کورٹ کے دیگر جج صاحبان موجود تھے جسٹس جواد حسن نے راولپنڈی بنچ، جسٹس محمد طارق ندیم نے بہاولپور بنچ اور جسٹس محمد رضا قریشی نے ملتان بنچ سے ویڈیو لنک کے ذریعے فل کورٹ اجلاس میں شرکت کی اس موقع پر نئے تعینات ہونے والے رجسٹرار شیخ خالد بشیر بھی موجود تھیا جلاس میں لاہور ہائی کورٹ کے جسٹس شاہد کریم کے والد جسٹس (ر) فضل کریم مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کے لیے دعا کی گئی اس موقع پر لاہور ہائی کورٹ اسٹیبلشمنٹ کے تمام ونگز بشمول ڈائریکٹوریٹ آف ڈسٹرکٹ جوڈیشری کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا اور گزشتہ سال ستمبر سے تارواں سال جون تک کی کارکردگی رپورٹ بھی پیش کی گئی اجلاس میں مصدقہ نقول کے حصول کے لئے چارجز بڑھانے کی منظوری دی گئی مصدقہ نقل کے لئے فی کاغذ چارجز 2 روپے سے بڑھا کر 3 روپے کرنے کی منظوری دیتے ہوئے متعلقہ رول میں ترمیم کردی گئی۔

بقیہ بقیہ جات 38

انکوائری کے لیے دائر درخواست پر فریقین سے جواب طلب کرلیا۔ لاہور ہائی کورٹ کے جسٹس عاصم حفیظ نے ڈاکٹر بشپ آزادی کی سانحہ جڑانوالہ کی جوڈیشل انکوائری کے لیے دائر درخواست پر سماعت کی۔ عدالت نے فریقین کو نوٹسز جاری کرتے ہوئے جواب طلب کرلیا اور درخواست پر سماعت 11 ستمبر تک ملتوی کردی۔ واضح رہے کہ گزشتہ دنوں سانحہ جڑانوالہ کی جوڈیشل انکوائری کے لئے لاہور ہائی کورٹ میں درخواست دائر کی گئی تھی جس میں حقائق سامنے لانے اور واقعے کی صاف وشفاف تحقیقات کرانے کا مطالبہ کیا گیا تھا

بعدالت جناب امان اللہ گوندل
صاحب نائب تحصیلدار/ ریونیو
آفیسر حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع ٹھٹھی نور
متوفی محمد افضل لاولد ولد فیض محمد

وارثان: فیض محمد والد غلام فاطمہ والدہ، مقبول بیوی بیوہ، حق نواز برادر ماں سے سوتیلا پہلے فوت شدگان۔ زندہ رسولاں بی بی سوتیلی والدہ، محمد اعجاز برادر متوفی سوتیلی ماں سے ہے۔ اگران کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کردیا جائے گا، دستخط مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بقیہ بقیہ جات 39

داتا گنج بخش سید علی ہجویریؒ کے سالانہ عرس کی مناسبت سے لاہور میں تعطیل کا اعلان کردیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق داتا دربار کے عرس کے موقع پر سات ستمبر بروز جمعرات کو لاہور میں مقامی تعطیل ہوگی۔

بقیہ بقیہ جات 40

نہیں آرہے۔ اسلام آباد میں عالمی یوم حجاب کی مناسبت سے منعقد خواتین ریلی سے خطاب کرتے ہوئے سراج الحق نے کہا کہ ملک میں مہنگائی بدامنی سے مرد کے ساتھ عورتیں بھی کافی پریشان ہیں، ہر شخص بے روزگاری سے پریشان ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئی ایم ایف کے ڈائریکٹر کے بیان کے مطابق مالدار لوگوں سے پیسے لے کے غریبوں کو دینے کا کہا ہے مگر یہاں الٹا ہورہا ہے۔ دنیا میں سب سے زیادہ غلہ پیدا کرنے والے ملک میں آج اشیا خورد ونوش کا بحران ہے جو حکومت کی نالائق پالیسیوں کا نتیجہ ہے۔ سراج الحق نے کہا کہ نگران حکومت نے آتے ہی 15 اگست کو پیٹرول میں اضافہ کیا اور پھر اضافہ کیا، پھر نگران وزیراعظم کہتے ہیں مہنگائی ہو یا بجلی کی قیمتوں میں اضافہ ہو کوئی مسئلے کی بات نہیں ہے، کاکڑ صاحب آپ کی تنخواہ لگ چکی ہے اسلئے آپکو غریبوں کا بوجھ نظر نہیں آ رہا۔ انہوں نے کہا کہ چوری حکومت کرتی ہے اور بوجھ عوام پر آرہا ہے، لائن لاسز اور چوری کنٹرول کریں تو حالات سازگار ہوسکتے ہیں، یہ لوگ بجلی کی چوری کنٹرول نہیں کر سکتے لائن لاسز ریکور نہیں کرسکتے اور عوام کا خون نچوڑنے پر تلے ہوئے ہیں۔ سراج الحق نے واضح کیا کہ جتنے مرضی مقدمات درج کریں اور ایف آئی آر کاٹیں، جماعت اسلامی بجلی کے بلوں کے خلاف تحریک سے پیچھے نہیں ہٹے گی، اب میں بجلی کے بل میں 16 اقسام کے ناجائز ٹیکسز لگائے جاتے ہیں جس کے خلاف عدالت جا رہا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ کارکنان کو ہدایت کردی ہے کہ اگر کوئی کسی غریب کا میٹر کاٹنے آئے تو اس کا ساتھ دیں اور بھرپور دفاع کریں۔

بقیہ بقیہ جات 41

تفتیش سے لوگوں کیلئے مسائل پیدا کر رہی ہے۔ پولیس اپنی ذمہ داری پوری نہیں کر رہی، پولیس نے مرضی سے نہیں قانون کے مطابق تفتیش کرنی ہوتی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 42

سزا سنادی گئی۔ فیصلہ ایڈیشنل سیشن جج احسن محمود ملک نے سنایا۔ مقدمہ نمبر 89/22 مدعی عمر نواز کی مدعیت میں سائبر کرائم راولپنڈی میں درج ہوا۔

بقیہ بقیہ جات 43

کو الوداعی عشائیہ دے گی جسٹس عمر عطاء بندیال 16 ستمبر کو ریٹائرڈ ہوجائیں گے اور ان کی جگہ نامزد چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ 17 ستمبر کو اپنے عہدے کا حلف اٹھائیں گے، سپریم کورٹ بار کی طرف سے سپریم کورٹ جج کی ریٹائرمنٹ پر عشائیہ دینے کی روایت ہے۔

بقیہ بقیہ جات 44

ایئرلائن اپنے تاریخ کے سنگین ترین مالی مشکلات کا شکار ہوگئی ہے اور غیر یقینی صورتحال کے باعث پی آئی اے کو ہونے والی ادائیگیاں بھی رک گئی ہیں جس کی وجہ سے وہ اپنی اشد ضروری ادائیگیوں سے بھی قاصر ہے۔

بقیہ بقیہ جات 45

صورت میں دوبارہ مکمل 866 کا ٹینڈر کروانا لازمی ہے۔ پیپرا رولز کے باوجود سوشل سیکورٹی نے 866 کی بجائے صرف 550 ادویات کا دوسرا ٹینڈر جاری کیا۔ من پسند فرموں کو نوازنے کے باعث 90 فرموں میں سے صرف 4 فیصد نے دوسرے ٹینڈر میں حصہ لیا۔ دوسرا ٹینڈر برے طریقہ سے ناکام ہونے کے باعث ادویات کے نرخ اور سپلائی متاثر ہوئی۔

بقیہ بقیہ جات 46

پاکستان پارٹی نے پنجاب میں انتخابی مہم میں مسلم لیگ (ن) کے دور حکومت کے عوام دشمن اقدامات کو بھی ہدف تنقید بنانے کا فیصلہ کیا ہے۔ آئندہ سیاسی حکمت عملی کے لئے پارٹی کی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کا پہلا باضابطہ اجلاس جلد طلب کرنے کا فیصلہ کیا گیا، سی ای سی میں عوام رابطہ مہم اور انتخابی حکمت عملی کی منظوری دی جائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 47

کی منظوری دے دی۔ صوبائی وزیر کی معاملے میں خصوصی دلچسپی کی بدولت پنجاب ورکرز ویلفیئر بورڈ میں زیر التوا مائن ورکرز کے ویلفیئر گرانٹ کے 668 کیسز کے لئے چیکوں کے اجرا پر بورڈ ممبران نے صوبائی وزیر کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔

بقیہ بقیہ جات 48

کا فیصلہ ہو گیا ہے اور وہ (ن) لیگ کی ہو، جو آج پی ٹی آئی کے ساتھ ہو رہا ہے کل دوسروں کے ساتھ بھی ہوگا، سیاسی جماعتوں کے پاس وقت ہی نہیں ہوتا اس لئے سبق نہیں سیکھتیں، اقتدار کے لئے ڈیل سمیت سب کچھ کیا جاتا ہے، اگر الیکشن کی جگہ نگراں سیٹ اپ کو توسیع دی گئی تو تحریک چلے گی اور ہو سکتا ہے (ن) لیگ اس میں شامل نہ ہو، مسلم لیگ (ن) تو نواز شریف کی واپسی تک نگران سیٹ اپ میں توسیع چاہتی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 49

6 ہزار سے زائد ورکر حصہ لے رہے ہیں راولپنڈی میں مہم 4 تحصیلوں میں منعقد کی جا رہی ہے جس مقصد وائرس کے پھیلاو کو روکنا ہے، خضر افضال نے بتایا کہ پنجاب انسداد پولیو پروگرام کے سربراہ کے مطابق مہم سات روز تک جاری رہے گی، حکومت پولیو کے خاتمے کے لئے پرعزم والدین کی مدد سے وائرس کا خاتمہ کیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 50

سماعت کے دوران پی ٹی ایم رہنما علی وزیر کو عدالت پیش کیا گیا، پراسیکیوٹر نے جسمانی ریمانڈ کی استدعا کرتے ہوئے کہا کہ علی وزیر کا پہلا ریمانڈ ہے، دہشتگردوں کو جو مالی معاونت ہوئی اس متعلق تفتیش کرنی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 51

افواج کی پاکستانی سرزمین میں جبری مداخلت پر پاکستانی مسلح افواج نے اپنے دفاع میں بھارتی فوجوں کو لائن آف کنٹرول سے پیچھے دھکیل دیاXX جی ایچ کیو نے تمام فارمیشنز کو بھارت کے خلاف دفاعی اقدامات لینے کا حکم دے دیا۔ دوسری جانب اقوام متحدہ کے پاکستان اور بھارت میں آبزور مشن پر تقرر Lt Gen Nimmo نے بھارتی مقبوضہ کشمیری مجاہدین کی جانب سے سری نگر کے قریب سونا مرگ کے مقام پر بھارتی فوج پر حملہ اور بھارتی نقصان پہنچانے کے دعوے کو مسترد کردیا۔

بقیہ بقیہ جات 52

نے 2 ستمبر کو آغا سراج درانی کی درخواست ضمانت پر فیصلہ محفوظ کیا تھا۔ آغا سراج درانی عدالتی ریمانڈ پر جیل میں ہیں۔ محکمہ داخلہ سندھ نے آغا سراج درانی کے گھر کو سب جیل قرار دے رکھا ہے۔

بعدالت جناب امان اللہ گوندل
صاحب نائب تحصیلدار/ ریونیو
آفیسر حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع منڈی پھلروان
متوفی اختر حسین ولد فیض محمد

وارثان: فیض محمد والد شریفاں بی بی والدہ پہلے فوت شدہ۔ زندہ کوثر پروین بیوہ، محمد جنید اختر پسر، حنا اختر، ثناء اختر، صباء اختر، حمنہ اختر دختران متوفی ہیں۔ اگران کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کردیا جائے گا، دستخط مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بقیہ بقیہ جات 53

نے صوبوں کو گزشتہ سماعت کے بعد لکھ دیا تھا، مقدمات کی تفصیلات فراہمی کے لیے صوبوں کو فیکس اور واٹس ایپ بھی کر دیا، پٹیشنر ایمان مزاری کو ایسے بیانات نہیں دینے چاہئیں۔

بقیہ بقیہ جات 54

سیکرٹری محکمہ سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال ظہور حسین، ڈائریکٹر جنرل مدثر ریاض ملک، ڈائریکٹرز ودیگر افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری ٹیکنیکل محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن ڈاکٹر حافظ شاہد لطیف کے علاوہ ایگزیکٹو ڈائریکٹر پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف مینٹل ہیلتھ پروفیسر ڈاکٹر فرخ عبداللہ، کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی سے پروفیسر آف سائیکیٹری پروفیسر ڈاکٹر علی مدیح ہاشمی ودیگر افسران بھی شریک ہوئے۔

بقیہ بقیہ جات 55

موقف اختیار کیا کہ وفاقی حکومت نے اسلام آباد ایئرپورٹ کی نجکاری کے لیے اخبار اشتہار دیا ہے اسلام آباد ایئرپورٹ کی نجکاری کے لئے قواعد و ضوابط پورے نہیں کیے گئے۔

بقیہ بقیہ جات 56

کے ریکارڈ کے لیے دائر درخواست پر سماعت ہوئی۔ جسٹس علی باقر نجفی کی سربراہی میں دو رکنی بینچ نے درخواست پر سماعت کی۔ درخواست گزار نے درخواست کو واپس لے لیا۔

بقیہ بقیہ جات 57

مقدمات درج کر رکھے ہیں، شوہر کے بعد اب مجھے بھی سیاسی انتقام کا نشانہ بنایا جا رہا ہے، جون 2022ء سے پہلے میرے خلاف کوئی مقدمہ یا انکوائری زیر التوا نہیں تھی

بقیہ بقیہ جات 58

پولیس، بی سی پی او اور دیگر کو فریق بنایا ہے۔ درخواست میں موقف اپنایا گیا کہ تماثیل تھیٹر میں عوام کی تفریح کے لیے ڈرامے دکھائے جاتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 59

سماعت کے لئے ججز کا روسٹر جاری کر دیا گیا۔ روسٹر کے مطابق چیف جسٹس سمیت 23 سنگل اور 11 ڈویژن بینچ کیسز کی سماعت کریں گے، ڈویژن بینچ نمبر 1 میں چیف جسٹس محمد امیر بھٹی اور جسٹس عابد حسین چٹھہ کیسز کی سماعت کرینگے، ڈویژن بینچ نمبر 2 میں جسٹس ملک شہزاد اور جسٹس فاروق حیدر مرڈر ٹرائل اور اپیلوں پر سماعت کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 60

سے ایک سائیڈ لائن فورم سے خطاب کرتے ہوئے حق نے کہا کہ چین کے دور اندیش بیلٹ اینڈ روڈ انیشی ایٹو نے دونوں ممالک کے درمیان رابطے اور اقتصادی تعاون میں اضافے کی راہ ہموار کی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 61

کے علاقہ سے 40 سالہ نامعلوم نشئی جبکہ لوہاری گیٹ۔ سوتر منڈی کے علاقہ سے 52 سالہ ایاز احمد گھر میں مردہ حالت میں پایا گیا متعلقہ تھانوں کی پولیس نے لاشیں مردہ خانے منتقل کر کے قانونی کارروائی کا آغاز کردیا۔

بقیہ بقیہ جات 62

اجلاس چیرمین پروفیسر ساجد میر کی سربراہی میں پارلیمنٹ ہاؤس میں منعقد ہوا اجلاس میں کمیٹی اراکین کے علاوہ گلگت بلتستان کے حکام نے شرکت کی۔

بقیہ بقیہ جات 63

سپروائزری افسران کی ذمہ داری ہے۔ آئی جی پنجاب نے مزید کہا کہ پولیس ملازمین کی درخواستوں کا متعلقہ برانچ سربراہان ذاتی نگرانی میں فوری ازالہ یقینی بنائیں، ٹرانسفر، پوسٹنگ، جزاو سزا سمیت دیگر محکمانہ امور سے متعلقہ درخواستوں پر میرٹ کے مطابق ہر ممکن ریلیف دیا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 64

کی صوبائی حکومتوں کو فریق بنایا گیا ہے۔ آئی جی اسلام آباد، آئی جی پنجاب، آئی جی خیبر پختونخوا، آئی جی بلوچستان کو بھی درخواست میں فریق بنایا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 65

تبادلے میں تین ڈاکو ہلاک ہوگئے نعشیں حب کے گورنمنٹ جام غلام قادر ہسپتال منتقل کردی گئی۔ مبینہ پولیس مقابلے میں ہلاک ہونے والے تینوں ڈاکوؤں کا تعلق سندھ اور بلوچستان کے مختلف اضلاع سے ہے پولیس کے مطابق مقابلے میں ہلاک ہونے والے ڈاکو پولیس کو چوری ڈکیتی کی مقدمات میں مطلوب تھے فائرنگ کے تبادلے میں ہلاک ہونے والے تینوں ڈاکوؤں کی لاشوں کو حب کے گورنمنٹ جام غلام قادر ہسپتال منتقل کردیا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 66

مراحل میں داخل ہوگیا ہے، اورنگی ٹاؤن کی عوام کو میڈیکل سینٹر بننے سے فائدہ ہوگا، ایک کروڑ کی لاگت سے یہ میڈیکل سینٹر بنایا گیا ہے، اس میڈیکل سینٹر کے سامنے میت گاڑی اور ایمبولینس آپ کو نظر آئے گی، اس میڈیکل سینٹر میں مرحلہ وار سہولتیں بڑھائیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 67

نواز ملک کی زیر صدارت منعقدہ محکمانہ پروموشن کمیٹی کے اجلاس میں محکمہ تعلقات عامہ پنجاب کے 15 افسران کو آج گریڈ 18 میں ڈپٹی ڈائریکٹرز کے عہدے پر ترقی دی گئی۔ ترقی پانیوالے افسران میں اسامہ محمود، سلمان خالد، فیض الاسلام، شیخ فرحان علی، آغا احتشام، سید سلمان، نثار خان، اویس عابد، منور حسین، محمد وسیم، عظمیٰ زبیر، امبر جبین، عبدالرؤف اعوان، صدیق کیانی اور آفتاب زیدی شامل ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 68

ہو گئے جبکہ انقرہ حامی باغیوں نے اس علاقے میں دراندازی کی کوشش کی تھی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق برطانیہ میں قائم شامی رصدگاہ برائے انسانی حقوق کے سربراہ رامی عبدالرحمن نے بتایا کہ صوبہ الحسکہ میں جھڑپوں میں (ترک نواز) دھڑوں کے 18 جنگجو اور شام کے سرکاری فورسز کے پانچ اہلکار ہلاک ہوئے۔ انھوں نے مزید کہا کہ لڑائی میں متعدد زخمی ہوئے ہیں لیکن انھوں نے ان کی حتمی تعداد نہیں بتائی۔

بقیہ بقیہ جات 69

میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ 15 اپریل کو ایک راؤنڈ ٹیبل کانفرنس ہوئی تھی، وکلا رہنماؤں سے مشاورت کر کے مستقبل کی حکمت عملی طے کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ صورتحال بہت خراب ہے، عدالتی فیصلے نہیں مانے جا رہے، 90 دن میں الیکشن کروانا ضروری ہے، تمام سیاسی جماعتوں کو انتخابات میں شرکت کا مکمل حق ہونا چاہیے۔

بقیہ بقیہ جات 70

ہے۔ عدالت میں سماعت کے دوران جسٹس بابر ستار نے کہا کہ کیا ایف آئی اے نے کوئی گرفتاری کی، پولیس اہلکاروں سے انکوائری کی گئی؟ جس پر تفتیشی افسر نے کہا کہ ہم نے انکوائری کرنے کی کوشش کی لیکن ملزم راہِ فرار اختیار کر رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 71

سے رضاکار گروپوں میں شامل ہیں جو جمہوریت کے حق میں پہلے مظاہرے کرتے تھے اور اب فوج اور نیم فوجی جنگجوؤں کے درمیان مسلح تصادم میں پھنسے خاندانوں کو مدد مہیا کرتے ہیں۔

بعدالت جناب امان اللہ گوندل
صاحب نائب تحصیلدار/ ریونیو
آفیسر حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع منڈی پھلروان
متوفی مقبول احمد ولد بنیاد علی

وارثان: بنیاد علی والد، جنت بی بی والدہ پہلے فوت شدہ۔ زندہ عصمت مقبول بیوہ۔ محمد فہد۔ راؤ محمد شہوز، راؤ محمد شہیر، راؤ محمد شہریار پسران متوفی ہیں۔ اگران کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کردیا جائے گا، دستخط مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بقیہ بقیہ جات 72

میں موجود تھے۔ اجلاس میں مختلف محکموں کی جانب سے چائلڈ پروٹیکشن پالیسی کے حوالے سے دی گئی سفارشات کا جائزہ لیا گیا۔ اس حوالے سے ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ میاں شکیل احمد کو چائلڈ پروٹیکشن پالیسی کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر مختلف محکموں کی جانب سے چائلڈ پروٹیکشن پالیسی کے حوالے سے سفارشات پیش کی گئیں اور ان تمام سفارشات کو چائلڈ پروٹیکشن پالیسی میں شامل کردیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 73

کے لاکھوں بچوں کے تعلیمی سال ضائع ہونے کا خدشہ ہے۔ تفصیلات کے مطابق ذرائع کا کہنا ہے کہ سابق حکومت کی جانب سے بھاری بجٹ کے باوجود تعلیمی نظام میں بہتری نہ آسکی۔

بقیہ بقیہ جات 74

زخمی ہو گئے۔ افسوس ناک حادثہ کار کا ٹائر بلاسٹ ہو کر دوسری سائیڈ پر کار سے ٹکرانے کے باعث پیش آیا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو ٹیم موقع پر پہنچ گئی اور لاشوں و زخمیوں میں شامل 2 خواتین کو تشویش ناک حالت میں ہسپتال منتقل کردیا۔

بقیہ بقیہ جات 75

سے بھاری مقدار میں غیر ملکی شراب برآمد کر لی گئی۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق غیر ملکی شراب کی 8520 بوتلیں کراچی کی نجی کمپنی کے لیے بک کروائی گئی تھیں۔ ترجمان کے مطابق اس سلسلے میں تحقیقات شروع کردی گئی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 76

نیٹ ورک پنجاب کے صوبائی دارالحکومت لاہور کے علاقہ شاہدرہ اور کوٹ عبدالمالک میں سرگرم ہے۔ مریدکے کی بائیس سالہ خاتون ایک بیٹے کی ماں سمیعہ چار ماہ بعد واپس پہنچ گئی۔

بقیہ بقیہ جات 77

تیز رفتار ڈمپر کے کیری ڈبہ کو کچل دینے میں کچہری بازار کے دوتاجران سمیت 5 افراد کے جاں بحق اور 3 افراد کے شدید زخمی ہونے کے حادثہ پر ڈمپر ڈرائیور موقع سے فرار ہوگیا۔

بقیہ بقیہ جات 78

سرگودھا ریجن کے علاقہ کمر مشانی گاؤں ٹیٹاں والا میں مسلح مخالفین نے فائرنگ سے نصیر خان شاہو خیل کے گھر فائرنگ کر کے چچا اور بھتیجی کو قتل کر دیا اور فرار ہوگئے۔ مقتول نصیر خان کی افغانیوں سے غیرت کی عداوت بتلائی جا رہی ہے جس نے دس سال قبل مخالفین کی لڑکی کو اغواء کر کے شادی کر رکھی تھی۔

بقیہ بقیہ جات 79

ایسوسی ایشن، ملک ممتاز تیغ نثار، چوہدری یاسر جٹ، ملک عارف، ملک ہاشم اعوان، زاہد ننھا ودیگر نے شرکت کی بابا لطیف انصاری نے چیف فیسکو کو بتایا کہ جھنگ روڈ ٹھیکری والا 66 دھاندرہ 67 ج ب سدھار و دیگر دیہاتوں اور غلام محمد آباد فیصل آباد سمن آباد میں لیٹ میٹر ریڈنگ کی وجہ سے بجلی بل زیادہ ہیں فیکٹریاں بند پڑی ہوئی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 80

ذبیح اللہ پاکستان کی تاریخ کے کم عمر ترین صوبائی وزیر بن گئے وزیراعلی کا معاون خصوصی برائے کامرس و یوتھ افیئرز مقرر کر دیا گیا۔ تفصیل کے مطابق گلگت بلتستان کی کابینہ میں اضافہ کر دیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 81

6 جولائی سے 3 ستمبر 2023 تک دریائے ستلج کے زیرآب علاقوں سے 310383 سیلاب متاثرین کو بروقت ریسکیو خدمات فراہم کیں جن میں 874,17 جانور بھی شامل تھے۔

بقیہ بقیہ جات 82

کرتے تو ملک وقوم کو اس سے بھی کہیں زیادہ سنگین حالات کا سامنا کرنا پڑتا اپنے اخباری بیان میں انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کے چیئرمین کو بچانے کیلئے اسرائیل میدان میں آیا۔

بقیہ بقیہ جات 83

حکومت نے سندھ میں بیوروکریسی کی تبدیلی کے معاملے پر افسران کے تقرر و تبادلوں کی فہرست تیار کر کے الیکشن کمیشن کو ارسال کردی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 84

قربانیاں دے رہی ہے ملک سے باہر بیٹھ کر پیپلز پارٹی کے خلاف پروپیگنڈہ کرنے والے احمقوں کی دنیا میں آباد ہیں پیپلز پارٹی ڈیل سے نہیں ڈرتی کارکنان جمہوریت کے دفاع، ملکی سلامتی، ترقی اور خوشحالی کیلئے یکجاں ہیں پوری قوم کو معلوم ہے کہ ہر دور میں احتساب کے نام پر پیپلز پارٹی کو انتقام کا نشانہ بنایا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 85

میں نہاتے ہوئے دو معصوم بچے 9 سالہ حسنین اور 7 سالہ ذیشان منگی ڈوب کر جاں بحق ہوگئے، پولیس کے مطابق دونوں بچے گھر کے قریب تالاب میں نہاتے ہوئے ڈوب گئے جن کے بعد علاقہ مکینوں نے بچوں کی لاشیں تالاب سے نکال کر اسپتال منتقل کیا جہاں ڈاکٹر سے بچوں کی موت کی تصدیق کی معصوم بچوں کی لاشیں گھر پہنچنے پر کہرام مچ گیا۔

بقیہ بقیہ جات 86

اینٹی کرپشن کو ریفرنس ارسال کیا ہے جس کے بعد ملوث پٹواریوں اور پرائیویٹ منشیوں کے خلاف کارروائی شروع کردی گئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 87

جات کو پایہ تکمیل تک پہنچانے میں اپنی بہترین پیشہ وارانہ خدمات کو بروئے کار لائیں۔ ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب مزمل الیاس نے ان خیالات کا اظہار ضلع بھر میں جاری اور نئی ترقیاتی سکیموں کا جائزہ لینے کے لیے منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔

بقیہ بقیہ جات 88

کے باعث سماعت سات ستمبر تک ملتوی کردی گئی۔ چیئرمین پی ٹی آئی اور شاہ محمود قریشی کی سائفر کیس میں ضمانت کا معاملہ لٹک گیا۔ آفیشل سیکرٹ ایکٹ کے تحت خصوصی عدالت کے جج ابوالحسنات محمد ذوالقرنین طبیعت ناسازی کے باعث چھٹیوں پر چلے گئے۔ عدالتی عملے کی جانب سے چیئرمین پی ٹی آئی کی لیگل ٹیم کو بتایا گیا کہ جج ابوالحسنات محمد ذوالقرنین آٹھ ستمبر تک چھٹیوں پر ہیں جس کے بعد لیگل ٹیم ایڈمنسٹریٹو جج راجہ جواد عباس حسن کی عدالت میں پہنچ گئی اور ضمانت کی درخواستیں سننے کی استدعا کر دی۔ ایڈمنسٹریٹو جج راجہ جواد عباس حسن نے ریمارکس دیئے کہ آفیشل سیکرٹ ایکٹ کے تحت قائم خصوصی عدالت کا ڈیوٹی جج نہیں ہوں، خصوصی عدالت کے معاملات نہیں سن سکتا۔ جوڈیشل کمپلیکس میں 24 عدالتیں ہیں، سب کے معاملات سن سکتا ہوں تاہم آفیشل سیکرٹ ایکٹ خصوصی عدالت کا معاملہ الگ ہے۔

بعدالت جناب امان اللہ گوندل
صاحب نائب تحصیلدار/ ریونیو
آفیسر حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع ٹھٹھی نور
متوفی حق نواز لاولد ولد فیض محمد

وارثان: فیض محمد والد غلام فاطمہ سوتیلی ماں، مقبول بیوی سوتیلی ماں سے ہمشیرہ پہلے فوت شدگان۔ محمد افضل سوتیلی ماں سے برادر بعد میں فوت شدہ۔ زندہ رسولاں بی بی والدہ محمد اعجاز برادر حقیقی، حسنات بیگم بیوہ متوفی ہیں۔ اگران کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کردیا جائے گا، دستخط مہر عدالت سے جاری ہوا۔

سپریم کورٹ

پولیس ذمہ داریاں پوری کرے، ناقص تفتیش سے لوگوں کیلئے مسائل پیدا کررہی

شہری کے قتل کے متعلق کیس کی سماعت، پولیس نے مرضی سے نہیں قانون کے مطابق تفتیش کرنی ہوتی ہے، قتل کا مقدمہ ہے کسی کی جان لی گئی، جسٹس مظاہر علی نقوی

ناقص تفتیش پر آر پی او اور ڈی پی او شیخوپورہ کی سرزنش، آئی او کو شوکاز نوٹس پر وضاحت مانگی ہے، آر پی او کا جواب، تفتیشی افسر نے بیان پر ملزم کو کیسے بے گناہ کر دیا؟ جسٹس جمال مندوخیل

اسلام آباد (بیورورپورٹ) سپریم کورٹ میں شیخوپورہ میں اراضی تنازعہ پر قتل کیس کی سماعت کے دوران جسٹس مظاہر علی اکبر نقوی نے ریمارکس دیئے ہیں کہ پولیس ناقص تفتیش سے لوگوں کیلئے مسائل پیدا کررہی ہے، پولیس نے مرضی سے نہیں قانون کے مطابق تفتیش کرنی ہوتی ہے۔ جسٹس مظاہر علی نقوی اور جسٹس جمال مندوخیل پر مشتمل بینچ نے شیخوپورہ میں اکبر نامی شہری کے قتل کیس میں ملزم کی ضمانت سے متعلق کیس کی سماعت کی۔ جسٹس مظاہر علی نقوی کی ناقص تفتیش پر آر پی او اور ڈی پی او شیخوپورہ کی سرزنش کرتے ہوئے ریمارکس دیئے کہ پولیس ناقص (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 41)

وزیر صحت پنجاب

ذہنی معذور افراد کی بحالی کیلئے ایدھی فاؤنڈیشن سے ہر ممکن تعاون کرینگے

ڈاکٹر جاوید اکرم سے ایدھی فاؤنڈیشن کے سربراہ فیصل ایدھی کی ملاقات، ایدھی ویلفیئر سنٹر ملتان میں موجود ذہنی معذوری کا شکار افراد کی بحالی کیلئے اقدامات پر تبادلہ خیال

محکمہ صحت اور محکمہ سوشل ویلفیئر و بیت المال ذہنی معذوری کا شکار افراد کی بحالی کیلئے بنیادی اقدامات اٹھا رہے ہیں' ڈاکٹر جاوید اکرم کی گفتگو

لاہور (خبر نگار) نگران صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر جاوید اکرم سے محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں ایدھی فاؤنڈیشن کے سربراہ فیصل ایدھی نے ملاقات کی۔ اس موقع پر نگران صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر جاوید اکرم اور فیصل ایدھی کے درمیان ایدھی ویلفیئر سنٹر ملتان میں موجود ذہنی معذوری کا شکار افراد کی بحالی کیلئے اقدامات کے حوالے سے تبادلہ خیال ہوا۔ بعدازاں نگران صوبائی وزیر محکمہ صحت، سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال ڈاکٹر جاوید اکرم نے محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں اہم اجلاس کی صدارت بھی کی جس میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 54)

پشاور: گورنر کے پی کے حاجی غلام علی سے امریکی قونصل جنرل ملاقات کررہے ہیں

محکمہ سوشل سکیورٹی میں ادویات کی خریداری میں مبینہ بے ضابطگیوں کا انکشاف

من پسند فرموں کو نوازنے کے چکر میں پرچیز سیل کے دو ٹینڈر ناکام ہونے کی وجہ سامنے آگئی

لاہور (آن لائن) محکمہ سوشل سکیورٹی میں ادویات کی خریداری میں مبینہ بے ضابطگیوں کا انکشاف ہوا ہے، دستاویزات کے مطابق من پسند فرموں کو نوازنے کے چکر میں پرچیز سیل کے دو ٹینڈر ناکام ہونے کی وجہ سامنے آگئی۔ سوشل سکیورٹی نے ادویات خریداری کیلئے 866 ادویات پر مشتمل فارما کوپیا جاری کیا۔ 18 مئی کے ٹینڈر میں تقریباً 315 کے قریب ادویات فراہمی میں صرف سنگل فرموں نے بڈ کئے۔ پیپرا قوانین کے مطابق سنگل فرم آنے کی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45)

استحکام پاکستان پارٹی کا عوامی رابطہ مہم شروع کرنے کا فیصلہ

پہلے مرحلے میں پنجاب کے 9 اضلاع میں عوامی رابطہ مہم کے اجتماعات ہوں گے

لاہور (خبر نگار) استحکام پاکستان پارٹی نے عوامی رابطہ مہم شروع کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ بتایا گیا ہے کہ استحکام پاکستان پارٹی کی سینئر لیڈر شپ نے رابطہ عوام مہم کے شیڈول کی سفارشات جہانگیر ترین کو بھیج دی ہیں، رواں ماہ سے ہی پنجاب بھر میں عوامی رابطہ مہم شروع کر دی جائے گی، پہلے مرحلے میں پنجاب کے 9 اضلاع میں عوامی رابطہ مہم کے اجتماعات ہوں گے۔ اجتماعات سے جہانگیر ترین علیم خان اور دیگر سینئر لیڈر شپ خطاب کرے گی۔ بتایا گیا ہے کہ استحکام (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46)

توہین رسالتؐ کے مقدمہ میں 4 ملزمان کو سزائے موت اور ایک ملزم کو سات سال قید کی سزا سنا دی گئی

راولپنڈی (بیورورپورٹ) توہین رسالتؐ کے مقدمہ میں 4 ملزمان کو سزائے موت اور 1 ملزم کو سات سال قید کی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 42)

سپریم کورٹ کے چیف جسٹس عمر عطاء بندیال کو الوداعی عشائیہ 13 ستمبر کو دیا جائیگا

اسلام آباد (بیورورپورٹ) سپریم کورٹ کے چیف جسٹس عمر عطاء بندیال کو الوداعی عشائیہ 13 ستمبر کو دیا جائیگا، سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن چیف جسٹس عمر عطا بندیال (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 43)

پی آئی اے کے لیز پر لیے گئے طیارے گراؤنڈ ہونے کا خدشہ

لاہور (خصوصی رپورٹر) لیزنگ کمپنیوں کے پی آئی اے کی مدد سے انکار کے بعد لیز پر لیے گئے طیارے گراؤنڈ ہونے کا خدشہ پیدا ہوگیا ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق قومی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44)

صوبائی وزیر ابراہیم مراد نے مائنز لیبر کی فلاح و بہبود کے لیے جامع پالیسی کی منظوری دیدی

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر مائن و معدنیات ابراہیم مراد نے مائنز لیبر کی فلاح و بہبود کے لیے جامع پالیسی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 47)

ایمان مزاری کی گرفتاری سے قبل عدالت کو آگاہ کرنا لازم قرار

ہائی کورٹ نے ہدایات کے ساتھ ایمان مزاری کی درخواست نمٹا دی

اسلام آباد (بیورورپورٹ) اسلام آباد ہائی کورٹ نے سابق وفاقی وزیر شیریں مزاری کی صاحبزادی ایمان مزاری کی کسی بھی کیس میں گرفتاری سے قبل عدالت کو آگاہ کرنا لازم قرار دے دیا۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے حکم جاری کر دیا جس میں کہا گیا کہ کسی بھی خفیہ ایف آئی آر میں ایمان مزاری کی گرفتاری سے قبل عدالت کو آگاہ کریں گے۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل منور اقبال دوگل نے عدالت کو بتایا کہ ہم (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 53)

آمدن سے زائد اثاثے کیس: سپیکر سندھ اسمبلی کی ضمانت منظور

احتساب عدالت نے آغا سراج درانی کو 10 لاکھ روپے کے مچلکے جمع کرانے کا حکم دیدیا

کراچی (بیورورپورٹ) کراچی کی احتساب عدالت نے آمدن سے زائد اثاثے بنانے کے ریفرنس میں اسپیکر سندھ اسمبلی آغا سراج درانی کی ضمانت منظور کرلی ہے۔ پیر کو احتساب عدالت نے آمدن سے زائد اثاثے بنانے کے ریفرنس میں اسپیکر سندھ اسمبلی آغا سراج درانی کی درخواست ضمانت پر فیصلہ سنا دیا۔ عدالت نے آغا سراج درانی کی ضمانت منظور کرلی۔ عدالت نے آغا سراج درانی کو 10 لاکھ روپے کے مچلکے جمع کرانے کا حکم دے دیا۔ عدالت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 52)

لاہور: ایک طالبہ یوم دفاع کی مناسبت سے پینٹنگ بنارہی ہے

لاہور ہائیکورٹ، اسلام آباد ائیر پورٹ کی نجکاری کے خلاف درخواست پر وفاق سمیت دیگر فریقین کو نوٹسز جاری

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے اسلام آباد ائیر پورٹ کی نجکاری کے خلاف درخواست پر وفاقی حکومت سمیت دیگر فریقین کو نوٹسز جاری کر دیئے۔ جسٹس عابد حسین چٹھا نے نبیل اعجاز کی درخواست پر سماعت کی درخواست گزار کے وکیل نے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 55)

محمد خان بھٹی کیخلاف درج مقدمات کے ریکارڈ کیلئے دائر درخواست واپس لے لی گئی

لاہور (خصوصی رپورٹر) سابق وزیر اعلیٰ پنجاب کے پرنسپل سیکرٹری محمد خان بھٹی کے خلاف درج مقدمات اور انکوائری کے ریکارڈ کیلئے دائر درخواست درخواست گزار نے واپس لے لی۔ رپورٹ کے مطابق محمد خان بھٹی کے خلاف درج مقدمات اور انکوری (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 56)

لاہور ہائیکورٹ میں چھٹیاں ختم، 28 اکتوبر تک کا ججز روسٹر جاری

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ میں چھٹیاں ختم ہونے کے بعد کام شروع ہوگیا، چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ کی منظوری کے بعد 28 اکتوبر تک کے کیسز کی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 59)

Specialized Healthcare & Medical Education Department

نگران صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر جاوید اکرم سے ایدھی فاؤنڈیشن کے سربراہ فیصل ایدھی ملاقات کررہے ہیں

بشریٰ بی بی نے ممکنہ گرفتاری کے خلاف ہائیکورٹ میں درخواست دائر کردی

مقدمات کی تفصیلات فراہم کرنے تک کسی بھی مقدمے میں گرفتار کرنے روکا جائے' موقف

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین و سابق وزیر اعظم کی اہلیہ بشریٰ بی بی نے ممکنہ گرفتاری کے خلاف لاہور ہائیکورٹ میں دائر کردی۔ دائر درخواست میں وفاق، نیب، ایف آئی اے سمیت دیگر کو فریق بنایا گیا ہے۔ درخواست میں موقف اپنایا گیا کہ سابق وزیر اعظم پاکستان کی اہلیہ ہوں، میرے شوہر کو سیاسی انتقام کا نشانہ بنایا جارہا ہے، نیب، ایف آئی اے، پنجاب پولیس سمیت دیگر اداروں نے بے بنیاد اور خلاف قانون (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 57)

لاہور ہائیکورٹ: تماثیل تھیٹر کو ڈی سیل کرنے کی استدعا مسترد، فریقین کو نوٹسز جاری

درخواست میں ہوم سیکرٹری، کمشنر لاہور، آئی جی پنجاب پولیس، سی سی پی او اور دیگر کو فریق بنایا گیا

لاہور (خصوصی رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے تماثیل تھیٹر کو ڈی سیل کرنے کی استدعا کو مسترد کرتے ہوئے درخواست پر فریقین کو نوٹسز جاری کردیے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق تماثیل تھیٹر کو بند کرنے کے معاملے پر لاہور ہائیکورٹ میں متفرق درخواست پر سماعت ہوئی۔ جسٹس چوہدری محمد اقبال نے پنجاب آرٹسٹ پروڈیوسر تھیٹرز ایسوی ایشن کے صدر قیصر ثنا اللہ کی درخواست پر سماعت کی۔ درخواست میں ہوم سیکرٹری پنجاب، کمشنر لاہور، آئی جی پنجاب (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 58)

پی ڈی ایم کی اتحادی حکومت کا حصہ رہنے پر افسوس ہے' عوامی نیشنل پارٹی

ایسا لگ رہا نگران حکومت میں ہی پیپلز پارٹی کی فائلیں کھل جائینگی، ن لیگ بہت پرسکون ہے

ایسا لگتا ہے شاید اگلی حکومت کا فیصلہ ہوگیا اور وہ (ن) لیگ کی ہو' سینیٹر عمر فاروق

لاہور (سٹاف رپورٹر) عوامی نیشنل پارٹی نے پی ڈی ایم کی اتحادی حکومت کا حصہ رہنے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ 16 ماہ میں عام آدمی کو ریلیف دینے کیلئے کچھ نہیں کیا گیا بلکہ پارلیمان کو کمزور کیا گیا، ایسا لگ رہا ہے نگران حکومت میں ہی پیپلز پارٹی کی فائلیں کھل جائیں گی، مسلم لیگ (ن) بہت پرسکون ہے اور ایسا لگتا ہے کہ شاید اگلی حکومت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 48)

بڑھتے کیسز کے پیش نظر، راولپنڈی میں انسداد پولیو مہم کا آغاز

مہم مثبت ماحولیاتی نمونوں کی وجہ سے شروع کی گئی جس کو ایونٹ رسپانس کا نام دیا گیا

7 لاکھ 87 ہزار بچوں کو قطرے پلائے جائیں گے، 6 ہزار سے زائد ورکر حصہ لے رہے

راولپنڈی (بیورورپورٹ) پنجاب انسداد پولیو پروگرام کے تحت راولپنڈی میں انسداد پولیو کا آغاز کر دیا گیا ہے، مہم مثبت ماحولیاتی نمونوں کی وجہ سے شروع کی گئی ہے جس کو ایونٹ رسپانس کا نام دیا گیا ہے۔ پولیو مہم کے دوران 7 لاکھ 87 ہزار بچوں کو قطرے پلائے جائیں گے، راولپنڈی میں 5 پانچ لاکھ 76 ہزار بچوں کو قطرے پلائے جائیں گے جس کیلئے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 49)

صوبائی دارالحکومت میں 3 نامعلوم افراد سمیت 4 افراد کی لاشیں برآمد

حبیب اللہ روڈ سے 65 سالہ، گارڈن ٹاؤن سے 50 سالہ نامعلوم شخص کی نعشیں ملیں

متعلقہ تھانوں کی پولیس نے لاشیں مردہ خانے منتقل کر کے قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا

لاہور (کرائم رپورٹر) صوبائی دارالحکومت میں 3 نامعلوم افراد سمیت 4 افراد کی لاشیں برآمد، متعلقہ تھانوں کی پولیس نے لاشیں مردہ خانے منتقل کر کے قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا ایدھی ترجمان کے مطابق ریس کورس، حبیب اللہ روڈ کے قریب 65 سالہ بزرگ شہری، گارڈن ٹاؤن کے علاقہ کنال روڈ انڈر پاس کے قریب سے 50 سالہ نامعلوم شخص، چوہنگ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 61)

پاکستان ای کامرس میں چین کے انمول تجربے سے سیکھ رہا ہے، سفیر معین الحق

بی آر آئی نے دونوں ممالک کے درمیان رابطے اور اقتصادی تعاون میں اضافے کی راہ ہموار کی

سی پیک جیسے اقدامات کے ذریعے ہم جدید انفراسٹرکچر کی تخلیق دیکھ رہے ہیں

اسلام آباد (بیورورپورٹ) چین میں پاکستان کے سفیر معین الحق نے کہا ہے کہ پاکستان ای کامرس کے شعبے میں چین کے انمول تجربے سے سیکھ رہا ہے، یہ شراکت داریاں ہمارے تعاون کی مضبوطی کی عکاسی کرتی ہیں۔ گوادر پرو کے مطابق چائنا انٹرنیشنل فیئر فار ٹریڈ ان سروسز (سی آئی ایف ٹی آئی ایس) میں ''چائنا ای کامرس کنونشن'' کے عنوان (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 60)

قصور: ریسکیو 1122 کی امدادی ٹیمیں سیلاب متاثرین کو محفوظ مقامات پر منتقل کر رہی ہیں

دہشت گردوں کی مبینہ مالی معاونت علی وزیر کو مزید تین روزہ جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے کر دیا گیا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) انسداد دہشتگردی عدالت کے ڈیوٹی جج راجہ جواد عباس حسن کی عدالت نے دہشتگردوں کی مبینہ مالی معاونت پر تھانہ بہارہ کہو میں درج مقدمہ میں گرفتار علی وزیر کو تین روزہ جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالہ کر دیا۔ عدالت میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 50)

یوم دفاع چار ستمبر جنگ کا چوتھا روز خصوصی ڈاکومینٹری رپورٹ

اندرا گاندھی نے کشمیر تنازع کو ایک ہی بار بذریعہ طاقت حل کرنے کی دھمکی دی

فضائی حدود کی خلاف ورزی پر پاک فضائیہ نے 40 بھارتی طیاروں کا دور تک پیچھا کیا

لیفٹیننٹ شبیر شریف شہید دلیری کیساتھ لڑے، 6 شہداء اور 15 زخمیوں کو نکال کر واپس لائے

راولپنڈی (آن لائن) دفاع چار ستمبر کو بھارتی وزیر خارجہ اندرا گاندھی نے دعوی کرتے ہوئے دھمکی دی کہ بھارت پاکستان کے ساتھ کشمیر کے تنازعہ کو ایک ہی دفعہ بذریعہ طاقت حل کرے گا جبکہ چینی وزیر خارجہ نے پاکستان کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ بھارت نے جارحیت کا ارتکاب کیا ہے۔ اس حوالے سے چینی سرکاری اخبار پیپلز ڈیلی نے لکھا کہ بھارتی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 51)

سینیٹ امور کشمیر کمیٹی کا اجلاس سیکرٹری کی عدم موجودگی کی وجہ سے مؤخر شیری رحمان کا احتجاجاً واک آؤٹ

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) سینیٹ امور کشمیر کمیٹی کا اجلاس سیکرٹری کی عدم موجودگی کی وجہ سے مؤخر کر دیا گیا، کمیٹی کی رکن سینیٹر شیری رحمٰن نے اجلاس سے احتجاجاً واک اوٹ کرتے ہوئے کہا کہ کمیٹی سیکرٹری کا انتظار نہیں کر سکتی ہے۔ سوموار کے روز امور کشمیر کمیٹی کا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 62)

راولپنڈی: محکمہ صحت کا اہلکار ایک بچے کو پولیو کے قطرے پلا رہا ہے

آئی جی پنجاب کی کھلی کچہری، شہریوں، پولیس ملازمین کے مسائل سنے، احکامات جاری

ڈاکٹر عثمان انور نے شہریوں کی درخواستوں پر متعلقہ ڈی پی اوز کو فوری کارروائی کر کے رپورٹ بھجوانے کا حکم

ٹرانسفر، پوسٹنگ، جزا و سزا سمیت دیگر محکمانہ امور سے متعلقہ درخواستوں پر میرٹ کے مطابق ہر ممکن ریلیف دیا جائے، آئی جی پنجاب

لاہور (خبر نگار) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے شہریوں کے مسائل کے ازالے کیلئے سنٹرل پولیس آفس میں کھلی کچہری لگائی جس میں آئی جی پنجاب نے شہریوں اور پولیس ملازمین کے مسائل سن کر احکامات جاری کئے۔ ڈاکٹر عثمان انور نے شہریوں کی درخواستوں پر متعلقہ ڈی پی اوز کو فوری کارروائی کر کے رپورٹ بھجوانے کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ ڈسٹرکٹ پولیس افسران روزانہ کی بنیاد پر شہریوں کے مسائل سنیں اور مقامی سطح پر حل کریں۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے مزید کہا کہ شہریوں کے مسائل کا گراس روٹ لیول پر حل یقینی بنانا متعلقہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 63)

انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کھلی کچہری کے دوران خاتون کی شکایت سن رہے ہیں

سرگودھا، کیری ڈبہ کو حادثہ، 5 افراد جاں بحق، غیرت کے نام پر خواتین سمیت 3 قتل

تیز رفتار ڈمپر نے کیری ڈبہ کو کچل دیا، دو تاجروں سمیت 5 افراد جاں بحق، 3 کے شدید زخمی ہونے کی اطلاع، ڈرائیور فرار

دو مختلف واقعات میں غیرت کے نام پر مسلح افراد نے فائرنگ کر کے چچا اور بھتیجی کو اور بھائی نے سگی بہن کو قتل کر دیا

سرگودھا (ڈسٹرکٹ رپورٹر) سرگودھا میں کیری ڈبہ کے حادثہ میں 5 افراد کے جاں بحق اور 3 افراد کے شدید زخمی ہونے کے واقعہ پر درج مقدمہ میں ڈمپر ڈرائیور کو گرفتار کر کے لکسیاں پولیس مصروف تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا لاہور روڈ پر احمد یوالہ کے قریب (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 77)

سرگودھا (ڈسٹرکٹ رپورٹر) غیرت کے نام پر مسلح افراد نے فائرنگ کر کے چچا اور بھتیجی کو اور بھائی نے سگی بہن کو قتل کر دیا جن کی نعشیں پوسٹمارٹم کے بعد ورثاء کے سپرد کر دیں ان واقعات کا آر پی او اور ڈی پی او نے نوٹس لیتے ہوئے رپورٹ طلب کر لی۔ ذرائع کے مطابق (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 78)

پانی کی فراہمی کیلئے بڑے منصوبے ایم کیو ایم کے سبب مکمل ہوئے، امین الحق

ورچوئل یونیورسٹی میں ڈپلومہ کورسز کروا رہے، ورچوئل یونیورسٹی میں کام کو روکا نہیں گیا

کراچی (بیورورپورٹ) سابق وفاقی وزیر سید امین الحق نے کہا ہے کہ پانی کی فراہمی کیلئے بڑے منصوبے ایم کیو ایم پاکستان کے سبب مکمل ہوئے۔ تفصیلات کے مطابق سید امین الحق نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ جو دعوی الیکشن سے قبل کیا تھا آج وہ تکمیل کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 66)

محکمہ تعلقات عامہ پنجاب کے 15 افسران کی ڈپٹی ڈائریکٹر کے عہدے پر ترقی

ڈی جی پی آر روبینہ افضل کی ترقی پانے والے افسران کو مبارکباد، افسران محنت سے فرائض منصبی سرانجام دیں

لاہور (خبر نگار) محکمہ تعلقات عامہ پنجاب میں 15 انفارمیشن آفیسرز کو ڈپٹی ڈائریکٹر کے عہدے پر ترقی دیدی گئی۔ سیکرٹری اطلاعات و ثقافت پنجاب علی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 67)

شام، اسدی فوج اور ترکیہ کے حامی جنگجوؤں میں جھڑپیں، 23 افراد ہلاک

ترک نواز دھڑوں کے 18 جنگجو، شامی فورسز کے پانچ اہلکار ہلاک ہوئے، مانیٹرنگ گروپ

دمشق (نیوز ڈیسک) کرد ملیشیا زیر قبضہ شام کے شمال مشرقی علاقے میں اسدی فوج اور ترکی کے حمایت یافتہ مسلح دھڑوں کے درمیان جھڑپوں میں 23 افراد ہلاک (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 68)

حسان نیازی کے فوجی عدالتوں میں ٹرائل کا معاملہ، والد حفیظ اللہ نیازی نے سپریم کورٹ میں درخواست دائر کردی

اسلام آباد (بیورورپورٹ) چیئرمین پی ٹی آئی کے بھانجے حسان نیازی کے فوجی عدالتوں میں ٹرائل کا معاملہ، حسان نیازی کے والد حفیظ اللہ نیازی نے سپریم کورٹ میں درخواست دائر کردی۔ درخواست میں وفاق پاکستان، پنجاب، خیبر پختونخوا اور بلوچستان (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 64)

ساکران پولیس تھانہ کی حدود میں پولیس، ڈاکوؤں میں مقابلہ، فائرنگ تبادلے میں تین ڈاکو ہلاک

حب (مانیٹرنگ ڈیسک) ساکران پولیس تھانہ کی حدود میں پولیس اور ڈاکوؤں کے درمیان مبینہ مقابلہ فائرنگ کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 65)

اعلان تقرری

ABC CERTIFIED

قوت

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

عبدالشکور

نامہ نگار قلعہ احمد آباد (ڈسٹرکٹ نارووال)

03316638381

مقرر کیا گیا ہے۔ سرکاری و غیر سرکاری ادارے نوٹ فرمالیں۔

ادارہ

امید ہے چیف جسٹس پیچھے بے یقینی چھوڑ کر نہیں جائیں گے' اعتزاز احسن

صورتحال بہت خراب، عدالتی فیصلے نہیں مانے جا رہے، 90 دن میں الیکشن کروانا ضروری ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) سینئر قانون دان اعتزاز احسن نے کہا ہے کہ چیف جسٹس حق میں فیصلہ کریں یا خلاف، مگر فیصلہ کریں، امید ہے کہ چیف جسٹس اس بے یقینی کو پیچھے چھوڑ کر نہیں جائیں گے، صورتحال بہت خراب ہے، عدالتی فیصلے نہیں مانے جا رہے، 90 دن میں الیکشن کروانا ضروری ہے۔ انہوں نے سینئر وکیل سردار لطیف کھوسہ کے ہمراہ لاہور میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 69)

وفاقی پولیس کیخلاف شہریوں کا اغواء، بھتہ وصولی کیخلاف کیس

اسلام آباد ہائی کورٹ نے ایف آئی اے مقدمہ میں نامزد ملزمان کو گرفتار کرنے کا حکم دیدیا

اسلام آباد (بیورورپورٹ) اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس بابر ستار کی عدالت نے وفاقی پولیس کے خلاف شہریوں کو اغواء کر کے تھانے میں رکھنے اور بھتہ وصولی کے خلاف کیس میں ایف آئی اے کو مقدمہ میں نامزد ملزمان کو گرفتار کرنے کا حکم دیتے ہوئے مقدمہ درج ہونے کے باوجود پولیس اہلکاروں کے شامل تفتیش نہ ہونے پر عدالت کا حیرانی کا اظہار کیا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 70)

سوڈان، خرطوم میں فضائی حملے میں 20 شہری ہلاک

فوج نے آر ایس ایف کے ٹھکانوں کو توپ خانے اور راکٹ فائر سے نشانہ بنایا، عینی شاہدین

خرطوم (نیوز ڈیسک) سوڈان (السودان) کے دارالحکومت خرطوم میں ایک فضائی حملے میں دو بچوں سمیت کم سے کم 20 شہری ہلاک ہو گئے ۔میڈیا رپورٹس کے مطابق خرطوم شہر کے جنوبی علاقے سے تعلق رکھنے والی مزاحمتی کمیٹی کے ارکان نے ایک بیان میں بتایا کہ فضائی بمباری کے نتیجے میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد بڑھ کر 20 ہوگئی ہے۔ وہ ان بہت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 71)

ایڈیشنل چیف سیکرٹری کی زیر صدارت چائلڈ پروٹیکشن پالیسی کے حوالے سے اجلاس

مختلف محکموں کی جانب سے چائلڈ پروٹیکشن پالیسی بارے دی گئی سفارشات کا جائزہ لیا گیا

لاہور (خبر نگار) ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ پنجاب کی زیر صدارت پنجاب میں چائلڈ پروٹیکشن پالیسی کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں چیئرپرسن چائلڈ پروٹیکشن بیورو سارہ احمد، سپیشل سیکرٹری داخلہ فضل الرحمان، ڈائریکٹر جنرل چائلڈ پروٹیکشن بیورو آفتاب احمد خان، ایڈیشنل سیکرٹری ہوم ،زاہدہ منظور چائلڈ پروٹیکشن آفیسر یوسف، اور دیگر افسران بھی اجلاس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 72)

دبئی سے کراچی پہنچے کنٹینر سے غیر ملکی شراب کی 8520 بوتلیں برآمد

کراچی/اسلام آباد (نیوز ڈیسک) دبئی سے کراچی پہنچے ایک کنٹینر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 75)

گجرات، خوفناک ٹریفک حادثے میں خاتون سمیت 2 افراد جاں بحق

گجرات (بیورورپورٹ) سرگودھا روڈ پر دو کاروں میں تصادم کے نتیجے میں خاتون سمیت 2 افراد جاں بحق اور تین (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 74)

کتابوں کی عدم دستیابی؛ سندھ کے سرکاری اسکولوں میں لاکھوں بچوں کا تعلیمی سال ضائع ہونے کا خدشہ

کراچی (نیوز ڈیسک) پندرہ سال سندھ میں مسلسل حکومت کرنے والی حکومت کے دعوں کا پول کھل گیا ہے۔ سندھ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 73)

پنجاب سے نوجوان لڑکیوں، خواتین کو اغواء کر کے سندھ، بلوچستان میں فروخت کرنے والے گروہ کا انکشاف

مریدکے (نامہ نگار) پنجاب سے نوجوان لڑکیوں اور دیگر خواتین کو اغواء کر کے سندھ اور بلوچستان میں فروخت کرنے والے گروہ کا انکشاف ہوا ہے، گروہ کا بڑا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 76)

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
ڈپٹی ایڈیٹر	شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔ آفس نمبر 2 اباسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

آل پاکستان سائزنگ انڈسٹری کے وفد کی چیف فیسکو سے ملاقات

وفد کی قیادت بابا لطیف، حاجی اعظم، ملک ممتاز شیخ نثار، چوہدری یاسر جٹ و دیگر نے شرکت کی

فیصل آباد (ملک بشیر احمد) پاکستان لیبر قومی موومنٹ حقوق خلق پارٹی آل پاکستان سائزنگ انڈسٹری ایسوسی ایشن کے وفد کی ضلعی انتظامیہ کے حکم پر چیف فیسکو چوہدری بشیر سے ان کے آفس میں ملاقات ، وفد کی قیادت بابا لطیف انصاری چیئرمین پاکستان لیبر قومی موومنٹ صدر حقوق خلق پارٹی پنجاب، حاجی اعظم ملک سرپرست اعلیٰ آل پاکستان سائزنگ انڈسٹری (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 79)

گلگت بلتستان کی کابینہ میں اضافہ کر دیا گیا، 4 نئے معاونین خصوصی مقرر، نوٹیفکیشن جاری

اسلام آباد (بیورورپورٹ) گلگت بلتستان کی کابینہ میں اضافہ کر دیا گیا، وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان کے چار نئے معاونین خصوصی مقرر، نوٹیفکیشن جاری۔ 25 سالہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 80)

ریسکیو 1122 نے دریائے ستلج میں حالیہ بڑے سیلاب میں 310383 لوگوں کو بروقت ریسکیو کیا' رضوان نصیر

لاہور (سٹاف رپورٹر) سیکرٹری ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر رضوان نصیر نے کہا کہ ریسکیو 1122 نے رواں سال دریائے ستلج میں ایک تاریخی اور میجر فلڈ ریسکیو آپریشن کیا ہے جس میں 1632 ریسکیورز اور 414 ریسکیو کشتیوں نے بمعہ آپریٹرز حصہ لیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ریسکیو 1122 نے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 81)

فیصل آباد: پاکستان لیبر قومی موومنٹ، حقوق خلق پارٹی آل پاکستان سائزنگ انڈسٹری ایسوسی ایشن کے وفد کا بابا لطیف انصاری و دیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو

مہنگائی اور بجلی کی قیمتیں بڑھنے کا ذمہ دار عمران نیازی ہے، حافظ امجد

آئی ایم ایف سے کئے گئے معاہدہ سے انحراف کر کے ملکی سلامتی داؤ پر لگا دی

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) پاکستان مسلم لیگ ن علماء مشائخ ونگ پنجاب کے جنرل سیکرٹری صاحبزادہ حافظ محمد امجد نے کہا کہ موجودہ مہنگائی کا ذمہ دار چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان نیازی ہے جس نے آئی ایم ایف سے معاہدہ کرنے کے بعد اس سے انحراف کر کے ملکی سلامتی داؤ پر لگا دی، پی ڈی ایم حکومت نے قومی سلامتی کیلئے آئی ایم ایف پر معاہدہ پر عمل کیا اگر ہم ایسا نہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 82)

سندھ؛ بیوروکریسی میں بڑے پیمانے پر تبادلوں کا امکان، فہرست الیکشن کمیشن کو ارسال

کراچی (نیوز ڈیسک) سندھ کی بیوروکریسی میں بڑے پیمانے پر تبادلوں کا امکان ہے، اس سلسلے میں فہرست الیکشن کمیشن کو بھیج دی گئی ہے۔ نگران صوبائی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 83)

پیپلز پارٹی کی لیڈر شپ نے ملک کیلئے خون کے نذرانے دیئے، منیر قمر

ملک سے باہر بیٹھ کر پیپلز پارٹی کیخلاف پروپیگنڈہ کرنیوالے احمقوں کی دنیا میں آباد ہیں

شیخوپورہ (بیورورپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی کے ڈویژنل نائب صدر و حلقہ پی پی 140 کے امیدوار چودھری منیر قمر واہگہ نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی ملک کی واحد سیاسی قوت ہے جو کہ ملک کے اندر رہتے ہوئے سیاست پر یقین رکھتی ہے پیپلز پارٹی کے قائدین نے خون کے نذرانے پیش کر کے جمہوریت کے پودے کو تناور درخت بنایا ہے تین نسلوں سے پیپلز پارٹی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 84)

جیکب آباد، دو معصوم بچے تالاب میں ڈوب کر جاں بحق

جیکب آباد (نیوز ڈیسک) جیکب آباد، دو معصوم بچے تالاب میں ڈوب کر جاں بحق ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد کے قریب دوداپور کے علاقے میں تالاب (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 85)

ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل میں افسران شفافیت کو اہمیت دیں، ڈپٹی کمشنر

تمام جاری ترقیاتی پراجیکٹس کو مقررہ مدت کے اندر مکمل کیا جائے، مزمل الیاس

ننکانہ صاحب (نمائندہ قوت چوہدری محمد عرفان گجر) نگران وزیر اعلیٰ پنجاب سید محسن نقوی کی خصوصی ہدایت پر بابا گورونانک یونیورسٹی، سکولوں کی اپ گریڈیشن، گلیوں کی پی سی سی، نالہ جات کی تعمیر اور رابطہ سڑکات سمیت کھیلوں کے تمام جاری ترقیاتی منصوبہ جات کی تکمیل میں متعلقہ افسران شفافیت کو اہمیت دیں اور ضلع بھر میں جاری تمام ترقیاتی منصوبہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 87)

پٹواریوں کا 5 ارب سے زائد کرپشن کا سکینڈل سامنے آنے پر اینٹی کرپشن کو ریفرنس ارسال

لاہور (این این آئی) پٹواریوں کا 5 ارب روپے سے زائد کرپشن کا سکینڈل سامنے آنے پر اینٹی کرپشن کو ریفرنس ارسال کر دیا گیا۔ اے ڈی سی آر نے ڈی جی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 86)

ننکانہ صاحب: ڈپٹی کمشنر مزمل الیاس ضلع بھر میں جاری اور نئی ADP سکیموں کا جائزہ لینے کیلئے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں